WORDPRESS

# اُردو بلاگنگ

## ویب سائٹ پر اردو آرٹیکلز لکھیں اور پیسے کمائیں

تحریر: نثار یونس

یہ کتاب صرف FactLab Urdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ، واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080

# ماوراء ، عمار ابن ضیاء اور "اردو محفل" کے نام

جن کی وجہ سے میں بلاگ بنانے میں کامیاب اور پھر یہ سب لکھنے کے قابل ہوا

ماوراء --------- www.mawra.urdutech.com

عمار ابن ضیاء -------------- www.ibnezia.com

اردو محفل ------- www.urduweb.org/mehfil

# دیباچہ

انٹرنیٹ کی دنیا میں بے شمار اقسام کی ویب سائیٹس ہیں۔ کوئی ویب سائیٹ کے ذریعے کاروبار چلا رہا ہے تو کوئی معلومات کے خزانے لئے بیٹھا ہے۔ کہیں گھر بیٹھے پوری دنیا دیکھائی دیتی ہے تو کہیں پوری دنیا کے انسان ایک فورم پر جمع ہیں اور جدید سے جدید چیزوں کو زیرِ بحث لا رہے ہیں۔ انٹرنیٹ پر بے شمار سوشل نیٹ ورکنگ ویب سائیٹ ہیں جہاں پر لوگ ایک دوسرے کو جانتے ہیں، تبادلہ خیال کرتے ہیں، دوسری دنیا کے مسائل اور ترقی کے بارے میں آگاہی حاصل کرتے ہیں۔ جس سے بے شمار معلومات ملتی ہیں اور بہت کچھ سیکھنے کو بھی ملتا ہے۔ جہاں انٹرنیٹ نے دنیا کو گلوبل ویلیج بنا کر رکھ دیا ہے وہیں پر انٹرنیٹ انسان کی زندگی پر بہت اثر انداز ہو رہا ہے۔ کئی ممالک کی ترقی کا راز ہی انٹرنیٹ ہے تو کئی جگہ خراب نظام کو بہتر کرنے میں انٹرنیٹ اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ جہاں انٹرنیٹ نے دیگر کئی مسائل حل کیے ہیں وہیں پر زندگی کے کئی ایک شعبہ جات میں سالوں سے قائم اجارہ داری کا خاتمہ بھی کیا ہے۔ ایک وقت تھا جب عام عوام تک معلومات پہنچانے کا اختیار صرف چند لوگوں کے پاس تھا اور وہ لوگ اپنی من مرضی کرتے پھرتے تھے لیکن اب انٹرنیٹ نے ہر انسان کو اپنے جوہر دیکھانے کا موقع دے رکھا ہے۔ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ کچھ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، اس کے پاس بڑے اچھے خیالات ہیں اور اس نے بڑا زبردست لائحہ عمل بھی تیار کر رکھا ہے تو پھر اس کی کئی ایک مشکلات کا حل انٹرنیٹ نے پہلے ہی کر رکھا ہے۔ اگر کوئی سمجھتا ہے کہ وہ بڑا اچھا فنکار، ادیب، لیڈر، استاد، فلاسفر یا سائنس دان وغیرہ ہے لیکن اسے موقع نہیں مل رہا تو پھر اسے حالات سے شکوہ چھوڑ کر انٹرنیٹ کی دنیا میں قدم رکھنا چاہئے کیونکہ انٹرنیٹ پر مواقع ہی مواقع ہیں۔ اگر وہ واقعی قابل ہے تو ایک بہت بڑی دنیا اسے خوش آمدید کہنے کو بے تاب بیٹھی ہے۔

اس کے علاوہ اگر کوئی یہ سمجھتا ہے کہ وہ دنیا کی بہتری کے لئے کام کر سکتا ہے، وہ اپنی سوچ، تجربات اور نظریات وغیرہ کی بنیاد پر کچھ اچھا لکھ کر، تصاویر یا ویڈیوز وغیرہ بنا کر انسانیت کی بھلائی کر سکتا ہے، تو بس اس بندے کو چاہئے کہ فوراً اپنی ویب سائیٹ / بلاگ بنا کر اپنی سوچ، تجربات اور نظریات وغیرہ کو پوری دنیا کے سامنے رکھ دے۔ اگر اس بندے میں صلاحیت ہوئی تو وہ اپنا لوہا بڑی آسانی سے منوا لے گا۔

میں نے کئی لوگوں کو "اردو بلاگ" بنانے کا مشورہ دیا بلکہ قائل کرنے کے لئے بڑی وضاحت تک کی اور پھر چند ایک لوگوں کو خود ہی اردو بلاگ بنا کر بھی دیا کیونکہ مجھے لگتا ہے کہ اس وقت اردو بلاگنگ ہی سب سے آسان اور موثر ذریعہ ہے جس سے ہم اپنے نظام اور اپنی سوچ میں بہتری لانے کے ساتھ ساتھ انسانوں کے اس ہجوم کو ایک قوم میں تبدیل کر سکتے ہیں۔ میں جو کر رہا ہوں مجھے معلوم ہے کہ یہ کچھ بھی نہیں، ابھی بہت کام کرنا ہے لیکن مجھے لگتا ہے کہ بے شک بہت آہستہ ہی سہی لیکن میں منزل کی جانب سفر کر رہا ہوں، قطرہ قطرہ ملا رہا ہوں، اپنی طرف سے کوشش میں مصروف ہوں، اب سمندر بنے نہ بنے مجھے اس سے کوئی غرض نہیں کیونکہ میرا کام صرف سفر جاری رکھنا ہے۔

میرا پہلا کتابچہ "اردو اور کمپیوٹر" جب میں لکھ رہا تھا تو مجھے ذرہ برابر بھی امید نہیں تھی کہ دوست احباب اسے اتنی اہمیت دیں گے لیکن لوگوں کی حوصلہ افزائی سے مجھے بہت خوشی ہوئی اور خاص طور پر کچھ مزید لکھنے کی ہمت ہوئی۔ یوں میں نے یہ چھوٹی سی کتاب "اردو اور بلاگ" لکھنا شروع کی۔ وقت کے ساتھ ساتھ اس کا مواد زیادہ سے زیادہ ہوتا گیا۔ جب بھی کوئی دوست بلاگ کے کسی مسئلہ کے بارے میں پوچھتا تو میں اس مسئلہ کے مطابق موضوع بھی اس کتاب میں شامل کر لیتا اور یوں تھوڑا تھوڑا ملا کر یہ کتابچہ سے ایک چھوٹی کتاب کے قریب پہنچ گیا ہے۔

اس کتاب کو لکھنے کا مقصد صرف اور صرف اردو بلاگنگ کی ترویج ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ آسانی سے اردو بلاگ بنا سکیں اور پھر اچھے سے اچھا لکھ کر ملک و قوم کی ترقی کے ساتھ ساتھ معلومات کے خزانے انٹرنیٹ پر ہر ایک کے لئے آسانی سے اور وہ بھی اردو میں مہیا کر سکیں۔ اس کتاب کی سافٹ کاپی مفت میں دستیاب ہے۔ اگر کوئی چاہے تو میرے بلاگ کی پالیسی کو مدِ نظر رکھتے ہوئے اس کتاب کی فہرست یا ڈاؤن لوڈ لنک اپنی ویب سائیٹ، بلاگ یا فورم پر شائع کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر کوئی اس کتاب میں غلطی یا کمی دیکھے اور مجھے اطلاع دے یا پھر اس کتاب کو مزید بہتر کرنے میں مشورہ دے تو میں اس کا بہت احسان مند رہوں گا۔ میں نے اپنی طرف سے ایک اور چھوٹی سی کوشش ہی ہے اور اگر حالات نے ساتھ دیا تو ان شاءاللہ کرتا رہوں گا۔ اب آپ بھی اپنی طرف سے کوشش کریں اور اردو بلاگنگ کے ذریعے اچھی سوچ، تجربات اور نظریات وغیرہ کو دوسروں تک پہنچائیں۔

میں امید کرتا ہوں کہ اس کتاب سے کافی لوگوں کو اردو بلاگ بنانے اور بلاگنگ میں آسانیاں ہوں گی۔

ہو سکے تو دعاؤں میں یاد رکھئے گا۔

اللہ تعالٰی ہم سب کا حامی و ناصر ہو، ہماری سوچ کے جمود کو توڑے اور ہمارے ملک پاکستان کو ترقی دے۔ آمین

تحریر / تدوین: نثار یونس

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ، واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080

# فہرست


باب اوّل: بلاگ ---------------------------------------- صفحہ نمبر

- بلاگ کیا ہے؟ ------------------------------------------ 5
- بلاگنگ کے فوائد ---------------------------------------- 6
- بلاگ پر کیا اور کیسے لکھا جائے؟ ------------------------------ 7
- اردو بلاگرز کے لئے چند تکنیکی مشورے ------------------------ 8

باب دوم: اردو بلاگ ------------------------------------- صفحہ نمبر

- اردو بلاگ بنانا ------------------------------------------ 10
- مفت بلاگنگ سروس فراہم کرنے والی ویب سائٹس ----------------- 11
- ذاتی ڈومین نیم اور ہوسٹنگ پر اردو بلاگ بنانا -------------------- 12

باب سوم: ورڈپریس انسٹالیشن ------------------------------ صفحہ نمبر

- سی پینل (cPanel) کے فائل مینیجر کا استعمال ------------------ 13
- سی پینل (cPanel) میں مائی ایس کیو ایل ڈیٹابیس بنانا -------------- 15
- ورڈپریس کی انسٹالیشن (Installation) -------------------- 16

باب چہارم: ورڈپریس کی سیٹنگ ---------------------------- صفحہ نمبر

- ورڈپریس بلاگ اور بلاگ کا ایڈمن پینل ------------------------ 18
- ورڈپریس بلاگ – عمومی ترتیبات (General Settings) ------------ 19
- ورڈپریس بلاگ – لکھنے کی ترتیبات (Writing Settings) ------------ 20
- ورڈپریس بلاگ – پڑھنے کی ترتیبات (Reading Settings) ---------- 21
- ورڈپریس بلاگ – مباحثہ کی ترتیبات (Discussion Settings) ------- 22
- ورڈپریس بلاگ – میڈیا کی ترتیبات (Media Settings) ------------ 24
- ورڈپریس بلاگ – پرمالنک کی ترتیبات (Permalink Settings) ------ 25
- ورڈپریس بلاگ – بیک اپ، ریسٹور اور منتقلی (Import and Export) --- 26

باب پنجم: ورڈپریس کا استعمال ---------------------------- صفحہ نمبر

- ورڈپریس تھیم انسٹال کرنا اور لگانا --------------------------- 28
- ورڈپریس بلاگ اور تھیم کوڈ میں تبدیلی کرنا ---------------------- 30
- ورڈپریس پلگ ان انسٹال کرنا اور چلانا ------------------------- 32
- ورڈپریس بلاگ کے یوزر اور ان کے اختیارات -------------------- 34
- ورڈپریس بلاگ کا یوزر بنانا، تبدیل اور ختم کرنا ------------------- 35
- ورڈپریس بلاگ پر لنک شامل، تبدیل اور ختم کرنا ------------------ 38
- ورڈپریس بلاگ – میڈیا لائبریری (Media Library) --------------- 40
- ورڈپریس بلاگ – پوسٹ کے زمرہ جات (Categories) ------------- 41
- ورڈپریس بلاگ پوسٹ – ٹیکسٹ ایڈیٹر کا استعمال ------------------ 42
- ورڈپریس بلاگ – پوسٹ لکھنا اور شائع کرنا ---------------------- 45
- ورڈپریس بلاگ – کمنٹس کی دیکھ بھال -------------------------- 47
- ورڈپریس بلاگ – ایڈمن پینل کا عمومی جائزہ --------------------- 48

باب ششم: متفرقات -------------------------------------- صفحہ نمبر

- بنیادی ایچ ٹی ایم ایل (HTML) -------------------------------- 49
- معلوماتی ویب سائیٹ کے لنک ------------------------------- 51


یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ، واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080

## بلاگ کیا ہے؟

لفظ "بلاگ (Blog)" ویب لاگ (Web Log) سے بنا ہے۔ بلاگ ایک قسم کی ذاتی ڈائری ہی ہے جو آپ انٹرنیٹ پر لکھتے ہیں۔ ذاتی ڈائری اور بلاگ میں ایک فرق یہ ہے کہ ذاتی ڈائری آپ تک یا چند ایک لوگوں تک محدود ہوتی ہے جبکہ بلاگ پوری دنیا کے سامنے کھلی کتاب کی مانند ہوتا ہے۔ جہاں آپ اپنی سوچ اور شوق کے مطابق اپنے خیالات، تجربات اور معلومات لکھتے ہیں اور قارئین سے تبادلہ خیال کرتے ہیں۔ آپ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ بلاگ آپ کی شخصیت کی عکاسی کرتا ہے۔ جیسے آپ ہوں گے ویسا ہی آپ کا بلاگ ہوگا۔ اس کے علاوہ جیسے آپ ذاتی ڈائری میں شاعری اور اچھی باتیں لکھتے ہیں اسی طرح بلاگ پر بھی آپ شاعری، اچھی باتیں، تصاویر اور ویڈیوز شیئر کر سکتے ہیں۔ ساری بات کا خلاصہ یہ کہ اگر آپ سوچتے اور سمجھتے ہیں کہ آپ کو اپنی سوچ اور معلومات دوسروں تک پہنچانی چاہئے تو اس کے لئے بہترین چیز بلاگ ہے۔ آسان الفاظ میں اسی کام کو بلاگنگ کہا جائے گا۔ یاد رہے بلاگ، ویب سائیٹ کی ہی ایک قسم کا نام ہے۔

بلاگ کئی قسم کے ہوتے ہیں مثلاً ڈاکٹر لوگ میڈیکل کے متعلق معلومات کے لئے بلاگ لکھتے ہیں۔ ٹیکنالوجی کے لوگ ٹیکنالوجی پر لکھتے ہیں۔ حالات کے ستائے حالات پر لکھتے ہیں، ادیب ادب پر لکھتے ہیں، شاعر شاعری لکھتے ہیں، فوٹوگرافر تصاویر شیئر کرتا ہے تو ویڈیوز کے شیدائی ویڈیوز شیئر کرتے ہیں۔ حتیٰ کہ جو جو ہوتا ہے وہ بلاگ پر وہی کچھ لکھتا اور شیئر کرتا ہے اور کئی میرے جیسے بھی ہوتے ہیں جو ایک سے زیادہ موضوعات پر لکھنا اور شیئر کرنا پسند کرتے ہیں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ،
واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080

# بلاگنگ کے فوائد

کسی کام کے مثبت نتائج تب ہی بر آمد ہوتے ہیں جب آپ اس کام کو مثبت انداز میں کرتے ہیں۔ بلاگنگ کے مثبت نتائج اور حقیقی فوائد حاصل کرنے کے لئے آپ کو مثبت انداز میں بلاگنگ کرنا ہو گی۔

میری نظر میں اس تیز رفتار دور میں بلاگنگ کے بے شمار فوائد ہیں جن میں سے چند ایک بیان کرتا ہوں۔

بلاگنگ سے انسان کو بہت کچھ سیکھنے، اپنی آواز دوسروں تک پہنچانے اور دوسروں کی رائے کا پتہ چلتا ہے جس سے انسان کا ذہن کافی وسیع سوچنا شروع کر دیتا ہے۔ بلاگ کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ فی الحال یہ سب سے آسان اور سستا طریقہ ہے جس کے ذریعہ آپ اپنی آواز، سوچ، تجزیات اور تجربات منٹوں میں دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں اور کسی موضوع پر دوسروں کی رائے حاصل کر سکتے ہیں۔ بلاگ کے اتنے فائدے ہیں کہ لکھنا شروع کروں تو کئی گھنٹے اسی میں نکل جائیں۔ چند ایک باتوں کی تھوڑی سی تفصیل بیان کرتا ہوں۔

بلاگنگ سے بلاگر کی زندگی میں تبدیلیاں واقعہ ہونا شروع ہو جاتی ہیں یعنی بلاگر کی سوچ پہلے سے وسیع، سوال و جواب کرنے کا حوصلہ اور بات کرنے کے انداز میں پختگی آ جاتی ہے۔ شروع میں جیسا بھی لکھا جائے لیکن آہستہ آہستہ بہتر لکھنا آ جاتا ہے۔ معلومات میں بے شمار اضافہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ جب کسی تحریر پر قارئین تبصرے یا رائے دیتے ہیں تو کئی ایسے بھی تبصرے ہوتے ہیں جن سے تصویر کے کئی دوسرے رخ نظر آنا شروع ہو جاتے ہیں اور معلومات میں بہت زیادہ اضافہ ہوتا ہے۔

بلاگنگ کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ بلاگ بلاگر کو لکھنے پر مجبور کرتا ہے۔ اور لکھنے کے بہت فوائد ہیں ان میں سے ایک یہ ہے کہ کبھی کبھی کسی موضوع پر دماغ بہت چل رہا ہوتا ہے۔ ایک سوچ کے بعد دوسری سوچ اور موضوع کہاں کا کہاں پہنچ جاتا ہے۔ سوچ منتشر ہو کر رہ جاتی ہے۔ اگر ایسے میں اس موضوع پر لکھنا شروع کریں اور موضوع کو نہ بھولیں تو سوچ ایک نقطہ پر ہی مرکوز رہتی ہے اور اس موضوع کے بارے میں منتشر سوچ کو ایک راہ، ایک منزل مل جاتی ہے۔ بلاگنگ کا یہ فائدہ ہوتا ہے کہ ویسے تو شاید ہی کوئی بندہ تحریر لکھتا ہو لیکن اگر بلاگنگ کر رہے ہوں گے تو پھر کوشش ہو گی کہ بلاگ کے لئے ہی تحریر لکھ دیتے ہیں یوں جو موضوع ذہن میں ہو گا، اسے کئی حوالوں سے سوچیں گے، کئی سنی سنائی باتوں کی تصدیق کرنے کے لئے معلومات اکٹھی کریں گے اور پھر تحریر لکھ دیں گے۔ یوں دماغ کی پرورش بھی ہوتی رہتی ہے اور اس طرح ڈپریشن کم ہونے کے ساتھ ساتھ انسان کی مایوسی بھی کم ہوتی ہے۔

دل و دماغ کی بات، سوالات اور بہت کچھ جب آپ دوسروں سے کہہ دیتے ہیں تو من ہلکا ہو جاتا ہے۔ بلاگ کا ایک چھوٹا سا فائدہ بتاتا ہوں۔ بجلی گئی ہوئی تھی، ہر کام رکا ہوا تھا، برا حال تھا، بس غصہ آیا لیکن نکال کسی پر نہیں سکتا تھا تو بس ایک تحریر بلاگ پر لکھ دی۔ اپنی آواز دوسروں تک پہنچا دی۔ دل ہلکا ہو گیا۔ ویسے بھی ظلم کے خلاف چپ رہنے کی بجائے بولنا بہتر ہے چاہے بلاگ کے ذریعے ہی کیوں نہ بولا جائے۔ ایک بندہ جس کی کوئی نہ سنے لیکن پھر بھی وہ حق کی صدا لگاتا رہے تو اس کی بات ایک نہ ایک دن اثر ضرور کرے گی اور بلاگنگ ایک ایسی چیز ہے جس کے ذریعے آپ حق کی آواز آسانی سے دوسروں تک پہنچا سکتے ہیں۔

بلاگنگ رائے عامہ ہموار کرنے میں بڑا اہم کردار ادا کرتی ہے۔ کم از کم پچھلی ایک صدی میں دنیا میں سب سے زیادہ تبدیلیاں قلم کے زور پر ہوئیں۔ سائنس کے اس دور میں جہاں دنیا ایک گلابل ویلیج بن گئی ہے وہاں قلم کا سب سے آسان اور مؤثر استعمال بلاگنگ ہی ہے۔ بلاگنگ جہاں بڑے بڑے لکھاریوں کو آسانیاں دیتی ہے وہیں پر ایک عام بندے کو اپنے جوہر دیکھانے اور لکھنے کے ہنر کو مزید بہتر کرنے کا موقع فراہم کرتی ہیں۔

کئی بندے لکھنا چاہتے ہیں، اپنی سوچ اور تجربات دوسروں تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ لیکن ہر بندہ کتاب، اخبارات یا رسائل میں لکھ نہیں سکتا لیکن بلاگنگ کے ذریعے بہت کچھ، بڑی آسانی سے اور آزادی کے ساتھ لکھا جا سکتا ہے اور تھوڑے سے بھی تھوڑے علم کو دوسروں تک آسانی سے پہنچایا جا سکتا ہے۔

بلاگنگ صرف اپنی سوچ کو دوسروں تک پہنچانے کا نام نہیں بلکہ دوسروں کی سوچ جاننے کے لئے بھی بلاگنگ ہوتی ہے۔ جیسے کوئی طالب علم کسی موضوع پر اپنے خیالات کا اظہار کر کے دوسروں سے مشورہ کرتا ہے کہ باقی اس موضوع پر کیا سوچتے ہیں یا پھر وہ جو علم رکھتے ہیں وہ اس تک پہنچا دیں۔ اس کے علاوہ کوئی محقق بلاگنگ کے ذریعے اپنی تحقیق دوسروں تک پہنچاتا ہے اور جواب میں اس کی حوصلہ افزائی ہونے کے ساتھ ساتھ دیگر رائے تحقیق کو مزید چار چاند لگا دیتی ہے۔

ساری بات کا خلاصہ یہ کہ اگر آپ سوچتے اور سمجھتے ہیں کہ آپ کو اپنی سوچ اور معلومات دوسروں تک پہنچانی چاہئے اور دوسروں کی رائے جاننی چاہئے، تو اس کے لئے بہترین چیز بلاگ ہے۔ مثبت بلاگنگ کے دوران آپ کو خود اندازہ ہونا شروع ہو جائے گا کہ بلاگنگ آپ کی زندگی میں کیسی کیسی اور کتنی بڑی بڑی مثبت تبدیلیاں لاتی ہے اور آپ کو کیا کیا فوائد پہنچاتی ہے۔

بلاگنگ ایک طرف بلاگر کی زندگی پر مثبت اثرات ڈالتی ہے اور معلومات میں بہت اضافہ کرتی ہے تو دوسری طرف قارئین کو بھی بے شمار تجزیات، تجربات اور معلومات سے نوازتی ہے۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ،
واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080

## بلاگ پر کیا اور کیسے لکھا جائے؟

کچھ لوگوں کو سمجھ نہیں آتی کہ بلاگ پر لکھیں تو کیا لکھیں اور کہاں سے شروع کریں اس بارے میں میرا خیال ہے کہ بس پہلا قدم اٹھانے کی ضرورت ہوتی ہے۔ آگے آگے آپ کا اپنا بلاگ خود، دیگر بلاگز اور قارئین کے تبصرے یہ سمجھاتے جاتے ہیں کہ کیا لکھا جائے۔ سب سے پہلے تو آپ اپنے بلاگ پر اپنا تعارف کرائیں تاکہ قارئین کو آپ کے بارے میں پتہ چلے۔ اس کے بعد مزید اپنے شوق اور شعبہ کے مطابق لکھیں۔

بلاگنگ شروع کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ آپ جو دیکھتے ہیں، جو محسوس کرتے ہیں ان کو سادہ الفاظ کی شکل دیں اور بلاگ لکھ دیں۔ فرض کریں آپ نے کہیں کوئی حادثہ دیکھا یا کوئی منفرد چیز دیکھی اب آپ اس حادثہ یا منفرد چیز سے کیا نتیجہ نکالتے ہیں؟ ایسا کیوں ہوا؟ اس کے پیچھے کیا محرکات تھے؟ اس سے آپ نے اور دوسروں نے کیا اثر لیا وغیرہ وغیرہ سوچیں اور پھر انہیں اپنے بلاگ پر لکھ کر دوسروں سے شیئر کر دیں۔ ایک تو آپ کی آواز دوسروں تک پہنچ جاتی ہے اور پھر دوسرے جب اپنی رائے دیتے ہیں تو آپ کو اندازہ ہوتا ہے کہ دوسرے اس بارے میں کیا سوچتے ہیں۔ اس طرح آہستہ آہستہ آپ کو بلاگ لکھنے کا تجربہ ہوتا جاتا ہے۔ جو لوگ کسی نہ کسی شعبہ سے وابستہ ہیں وہ کوشش کریں کہ زیادہ تر اپنے شعبے سے متعلق لکھیں کیونکہ اس سے آپ کی تحریر میں جان بھی ہوگی اور آپ اپنا نقطہ نظر اچھی طرح بیان کر سکیں گے۔ اس کے علاوہ جہاں تک میرا خیال ہے من گھڑت کہانیوں کی بجائے عام زندگی میں ہونے والے تجربات پر لکھیں۔ اس سے ایک تو آپ کے تجربات اور تجزیے دوسرے لوگوں تک پہنچیں گے اور جب قارئین تبصرے یا رائے دیں گے تو آپ کو تصویر کے کئی دوسرے رخ نظر آئیں گے۔ جس سے آپ کی سوچ مزید پختہ ہوگی۔ ویسے میرا مشورہ یہ ہے کہ اپنا بلاگ شروع کرنے سے پہلے اپنی پسند کے چند بلاگز کو پڑھیں جس سے آپ کو بہتر اندازہ ہو جائے گا کہ بلاگنگ کیا ہے اور کیسے شروع کی جا سکتی ہے؟

### چند دیگر مشورے

جو بھی لکھیں مکمل حوالے اور ٹھوس ثبوت کی بنا پر لکھیں تاکہ اگر کوئی کسی بات پر آپ سے بحث کرے تو آپ تسلی بخش جواب دے سکیں۔ ہمیشہ مثبت سوچ کا مظاہرہ کریں۔ کبھی یہ نہ سوچیں کہ آپ بڑے تیس مار خاں ہیں کیونکہ آپ کا بلاگ پوری دنیا میں مختلف مقامات پر، مختلف ذہنیت کے لوگ پڑھیں گے جن میں کئی بلکہ بہت زیادہ آپ سے بھی قابل ہو سکتے ہیں۔ اس لئے اگر آپ سیکھنے، سکھانے اور مشورے کے انداز میں بلاگنگ کریں گے تو آپ کو بے شمار فوائد حاصل ہوں گے اور اگر آپ نے اپنی سوچ دوسروں پر ٹھونسنے کی کوشش کی تو منہ کی بھی کھانی پڑ سکتی ہے کیونکہ اس دنیا میں صرف آپ ہی ذہین نہیں اور بھی بڑے بڑے لوگ موجود ہیں۔ اس لئے کبھی جارحانہ انداز اختیار نہ کریں۔ مثبت سوچ رکھتے ہوئے مکمل دلائل اور بہتر طریقہ سے اپنا نقطہ نظر بیان کریں اور اگر کوئی جواب میں آپ سے اختلاف کرے تو کم از کم اس کے جواب پر غور ضرور کریں کیونکہ ہو سکتا ہے آپ کسی جگہ غلطی کر رہے ہوں۔ اگر آپ کو محسوس ہو کہ آپ غلطی پر ہیں تو انا کی جنگ میں پڑنے کی بجائے اپنی اصلاح کریں تاکہ آپ مزید بہتر طریقے سے بلاگنگ کر سکیں۔ اگر آپ ذرا سی بھی "انا" یا "میں نہ مانو" کے فارمولے پر چلے تو بلاگنگ کے حوالے سے آپ کو اور آپ کی سوچ کو نقصان ہو سکتا ہے۔ اور اگر آپ کو پورا یقین ہو کہ دوسرا بندہ غلطی پر ہے تو اسے بحث برائے تعمیر کے انداز میں قائل کرنے کی کوشش کریں۔ اگر آپ کامیاب ہو جائیں تو بہت بہتر اور اگر کامیاب نہ ہو سکیں تو بحث کو زیادہ طول نہ دیں بلکہ اس معاملے پر خاموشی اختیار کریں۔ بلاگنگ میں اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ دنیا رنگ رنگ کی ہے اور ہر کسی کی اپنی ایک سوچ ہے اس لئے لازم نہیں کہ ہر کوئی آپ کی بات سے اتفاق کرے۔ آپ کی بات پر تنقید بھی ہو سکتی ہے اس لئے بلاگنگ کے حوالے سے اپنے اندر برداشت پیدا کریں۔ اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو پھر سمجھ لیں کہ آپ بلاگنگ کی دنیا میں لڑائی تو کر لیں گے لیکن بلاگنگ کبھی نہیں کر پائیں گے۔

دنیا متحرک ہے، آج کچھ ہے تو کل کچھ مختلف بھی ہو سکتا ہے۔ انسان کی سوچ بھی متحرک ہے۔ اس لئے اپنی تحریر اور سوچ میں لچک رکھیں کیونکہ اگر وقت کی تبدیلی کے ساتھ آپ کی سوچ میں بھی تبدیلی ہو تو یہی لچک آپ کو فائدہ دے گی اور اگر واقعی آپ کی سوچ میں تبدیلی آئے تو اپنا پرانا لکھا سچ ثابت کرنے کے لئے اپنا آج خراب نہ کریں بلکہ اس بات کو تسلیم کریں کہ کل تک میں یہ سوچتا تھا جبکہ وقت کی تبدیلی کے ساتھ میری سوچ میں بھی تبدیلی آئی ہے۔ ویسے بھی سوچ پر جمود کا تالا خرابی پیدا کرتا ہے۔

بلاگ پر کبھی بھی کوئی ایسی ذاتی معلومات شیئر نہ کریں جس سے آپ کو اسی وقت یا آنے والے وقت میں نقصان ہونے کا خدشہ ہو۔ جو بھی لکھیں سوچ سمجھ کر لکھیں۔ یاد رہے آپ کا بلاگ آپ کی شخصیت کا عکاس ہوتا ہے۔ اپنی شخصیت کو دوسروں کے سامنے اچھے انداز میں پیش کرنے کے لئے ضروری ہے کہ آپ اچھا رویہ اختیار کریں۔

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ، واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080

# اردو بلاگرز کے لئے چند تکنیکی مشورے

اردو بلاگنگ ابھی ابتدائی مراحل میں ہونے کے ساتھ ساتھ دن بدن ترقی بھی کر رہی ہے۔ نئے لوگ اس طرف آ رہے ہیں۔ ہمیں مشاورت کے ساتھ اردو بلاگنگ کو آسان بنانا ہو گا تاکہ بلاگ پڑھنے والوں کو اور خاص طور پر نئے آنے والوں کو مشکل پیش نہ آئے۔ آج کچھ باتوں کو مشوروں کے طور پر آپ لوگوں کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ ہو سکتا ہے ان باتوں / مشوروں سے کسی کا بھلا ہو جائے اور میری طرف سے اردو بلاگنگ کی خدمت میں ایک اور قطرہ شامل ہو جائے۔

عام طور پر ہر انسان کی اپنی ایک پسند ہوتی ہے اور وہ کرتا بھی وہی ہے جو اسے پسند ہوتا ہے۔ سافٹ ویئر، ویب سائیٹ یا کوئی بھی چیز جو بناتے آپ خود ہیں لیکن اس کا استعمال دوسرے لوگ کرتے ہیں تو ایسی چیز بناتے ہوئے آپ کو اپنی پسند نہیں بلکہ استعمال کرنے والے زیادہ لوگوں کی پسند کو دیکھنا پڑتا ہے۔ بلاگ یا ویب سائیٹ بناتے ہوئے یہ نہ دیکھئے کہ آپ کو کیا پسند ہے بلکہ یہ دیکھئیے کہ زیادہ لوگ کیا پسند کرتے ہیں۔ یہ دیکھئے کہ بلاگ پڑھنے والے مہمانوں کو آپ کتنی آسانی دیتے اور اُن کی کتنی مہمان نوازی کرتے ہیں۔

### مہمان نوازی کے لئے درج ذیل چند چیزوں کا خیال رکھیں۔

- سادگی اور ہلکے رنگوں کا انتخاب کریں کیونکہ سادگی فائدہ بھی دیتی ہے اور خوبصورت بھی ہوتی ہے۔
- اہم اور ضروری روابط کو خاص اور نمایا جگہ پر رکھیں۔
- ضرورت کے روابط کے علاوہ بے جا روابط اور دیگر غیر ضروری چیزوں کا استعمال آپ کے بلاگ کو جھنجال پورہ بنا دیتا ہے۔
- مہمان یعنی قاری اپنا قیمتی وقت آپ کے بلاگ کو دیتا ہے، پڑھتا اور تبصرہ کرتا ہے۔ جواباً آپ بھی اس کی حوصلہ افزائی کریں۔
- مہمان آپ کے بلاگ پر آتا ہے تو آپ بھی اس کی ضروریات کا خاص خیال رکھیں اور ضروری سہولیات مہیا کریں۔

اب مندرجہ بالا نقاط کی تفصیل یعنی یہ کیوں ضروری ہیں۔

### سادگی اور ہلکے رنگوں کا انتخاب

عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ بعض دوست بلاگ کو خوبصورت کرنے کے لئے بے شمار رنگوں کا استعمال کرتے ہیں جس سے ایک رنگ برنگا بلاگ تو بن جاتا ہے لیکن پڑھنے والوں کو مشکلات کا سامنا ہوتا ہے۔ اگر آپ کو میری طرح رنگوں کا زیادہ استعمال پسند ہے تو ضرور زیادہ رنگ استعمال کریں لیکن اسے بلاگ کے ہیڈر یا چند ایک جگہ تک محدود رکھیں۔ جہاں عام طور پر مکمل پوسٹ ہوتی ہے وہاں کوشش کریں کہ بیک گراؤنڈ کا رنگ ہلکا یعنی سفید کے قریب ترین اور تحریر کا رنگ کالا رکھیں۔ کوئی چیز پڑھتے ہوئے اگر بیک گراؤنڈ کا رنگ گاڑھا ہو اور تحریر کا رنگ ہلکا ہو تو اس سے پڑھنے والے کو اکتاہٹ ہوتی ہے بلکہ کئی لوگوں کی نظر پر بھی فرق پڑتا ہے۔ اگر آپ انٹرنیٹ کی دنیا کی مشہور ویب سائیٹس دیکھیں تو آپ کو اندازہ ہو جائے گا کہ زیادہ تر سائیٹس بہت سادی بنائی گئی ہیں اور ہلکے رنگوں کا انتخاب کیا گیا ہے۔

### اہم روابط اور ان کا مقام

میری نظر میں کسی بھی بلاگ کے لئے چار قسم کے روابط سب سے زیادہ ضروری اور اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ تازہ ترین تحریر، زمرہ جات (موضوعات)، صفحات اور تلاش کا ربط۔ عام طور پر بلاگ کے سانچوں کو بناتے ہوئے تازہ ترین تحریر تو بلاگ پر نمایا رکھی جاتی ہے اور کچھ پرانی اس کے ساتھ بالترتیب نیچے ہوتی ہیں اس لئے علیحدہ سے سائیڈ بار یا کسی اور جگہ تازہ ترین تحریروں کے روابط مہیا نہ ہی کئے جائیں تو بہتر ہوتا ہے۔ زمرہ جات کے روابط کسی بلاگ کے اہم ترین روابط ہوتے ہیں اس کو ہیڈر، سائیڈ بار یا جہاں بھی آپ کا دل ہو وہاں رکھیں لیکن ایسی جگہ پر رکھیں جہاں یہ نمایا نظر آئیں۔ اس کے بعد ضروری روابط صفحات کے ہوتے ہیں جو عام طور پر کم ہی ہوتے ہیں۔ ان کو بھی کوئی اچھی جگہ دیں اور کوشش کریں کہ یہ بھی نمایا ہی ہوں۔ تلاش کا ربط بھی اپنی ایک اہمیت رکھتا ہے اس کو بھی نمایا جگہ دی جانی چاہئے۔

ان چار قسم کے روابط کے بعد کئی روابط ہوتے ہیں جیسے تازہ تبصروں کے روابط، آر ایس ایس، محفوظات اور دیگر روابط وغیرہ وغیرہ۔ یہ وہ روابط ہیں جن میں عام قاری یا پہلی دفعہ آنے والے قاری کو کوئی خاص دلچسپی نہیں ہوتی اور جن کو ان میں دلچسپی ہوتی ہیں وہ ان کو ڈھونڈ لیتے ہیں چاہے یہ کہیں بھی رکھے گئے ہوں۔ ویسے ان روابط کو استعمال کرنے والوں میں زیادہ لوگ وہ ہوتے ہیں جو عام طور پر آپ کے بلاگ کا دورہ کرتے ہیں اور پڑھتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ آپ کے بلاگ کے کونے کونے سے واقف ہوتے ہیں اور انہیں کسی مشکل کا سامنا نہیں کرنا پڑتا۔

## غیر ضروری روابط اور چیزوں کا استعمال

اردو بلاگنگ میں نئے آنے والوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنی ہوں گی تاکہ وہ اکتاہٹ کا شکار ہونے کی بجائے بلاگنگ کو آسان سمجھیں۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ بعض بلاگر دوست اپنے بلاگ پر طرح طرح کے روابط اور دیگر چیزیں لگائے ہوئے ہیں۔ اگر میں نے یہاں مثال کے طور پر بھی کوئی ربط یا چیز کہی تو کئی بلاگر دوستوں کی طرف سے فتویٰ آجائے گا اس لئے میں یہاں مثال دینے سے پرہیز ہی کروں گا۔ آپ لوگ مجھ سے کئی گنا سمجھدار ہیں اس لئے خود ہی سمجھیں کیونکہ میری نظر میں بلاگ کے حوالے سے ان ربط اور چیزوں کی کوئی خاص ضرورت نہیں۔ کوشش کریں کہ ضرورت کے روابط اور چیزوں کے علاوہ بے جا روابط اور چیزوں کا استعمال نہ کریں اور اپنے بلاگ کو جھنجال پورہ بننے سے بچائیں۔ اگر آپ سمجھتے ہیں کہ فلاں فلاں ربط اور چیزوں کی بھی بلاگ پر ضرورت ہے اور ان کا استعمال آپ کے بلاگ کو جھنجال پورہ بھی بنا رہا ہے تو اس کا آسان حل یہ ہے کہ آپ ان کاموں کے لئے علیحدہ صفحہ بنائیں یا علیحدہ سائیڈ بار استعمال کریں۔ غیر ضروری چیزوں کے استعمال کا ایک نقصان یہ بھی ہوتا ہے کہ نئے بلاگر کے لئے بلاگ بنانے میں کئی مشکلات ہوتی ہیں اور جب وہ بلاگ بنالیتا ہے تو لکھنے کی بجائے دوسروں کی دیکھا دیکھی فضول چیزوں کے حصول میں وقت ضائع کرتا ہے۔ کوشش کریں کہ سادگی کا سبق دیں اور نوجوانوں میں اپنا قیمتی وقت تعمیری کاموں میں لگانے کا جذبہ بیدار کریں۔

## تبصرہ کرنے والے کی حوصلہ افزائی

قاری اپنا قیمتی وقت آپ کے بلاگ کو دیتا ہے، پڑھتا اور تبصرہ کرتا ہے جواباً آپ کو بھی چاہئے کہ اس کی حوصلہ افزائی کریں۔ قاری اگر کوئی سوال کرتا ہے تو کوشش کریں کہ جلد سے جلد اس کو جواب دیں۔ اس کے علاوہ جب چار پانچ تبصرے ہو جائیں یا ایک خاص وقت گزر جائے تو کوشش کریں کہ تمام تبصرہ کرنے والوں کا شکریہ ادا کریں۔ مزید تبصرہ کرنے والے کے بلاگ یا ویب سائیٹ کا ربط، او تار اور اس کے بلاگ سے آخری تحریر کا عنوان بمعہ ربط اس کے تبصرے کے ساتھ ظاہر کرنے کا انتظام کریں۔ ان کاموں سے تبصرہ کرنے والے کی حوصلہ افزائی کے ساتھ ساتھ آپ کے بلاگ کے ذریعے تبصرہ کرنے والے کے بلاگ کی تشہیر بھی ہو جائے گی۔

## قاری کے لئے سہولیات اور دیگر باتیں

یوں تو بلاگ پر جتنی بھی سہولیات ہوتی ہیں ان میں زیادہ تر قاری اور تبصرہ کرنے والے کے لئے ہی ہوتی ہیں لیکن میرے خیال میں چند سہولیات ضرور دینی چاہئیں۔ جیسے بلاگ کو سادہ اور آسان فہم بنایا جائے تاکہ قاری اکتاہٹ کا شکار نہ ہو۔ ہر ربط اور چیز کو ایسے رکھا جائے کہ سب علیحدہ علیحدہ نظر آئیں نہ کہ ایک کے ساتھ دوسری ایسے ہو کہ لگے اسی کا ہی حصہ ہے۔ جن ٹیکسٹ باکس یا ایریا میں صرف انگریزی ہی لکھی جاتی ہو جیسے ای میل اور ویب سائیٹ کے ٹیکسٹ باکس کے علاوہ ہر ٹیکسٹ ایریا میں اردو ویب ایڈیٹر کا استعمال ضرور کریں تاکہ اگر کسی کے کمپیوٹر پر اردو انسٹال نہ ہو تو وہ بھی آسانی سے اردو میں تبصرہ یا تلاش کر سکے۔ تحریر کی مناسبت سے اس کا فونٹ سائز بھی مناسب رکھیں تاکہ ایک عام قاری بھی آسانی سے پڑھ سکے۔ تبصرے کا اقتباس دینے کے لئے ہر تبصرے کے ساتھ اقتباس دینے کے لنک کا انتظام کریں تاکہ تبصرہ کرنے والا اس کا آسانی سے استعمال کر سکے اور قاری کو آسانی سے پتہ چل سکے کہ کس تبصرے کا جواب دیا گیا ہے۔ کوشش کریں کہ تبصرہ کرنے والی جگہ پر جذبات ظاہر کرنے والی تصاویر کا بھی ایک حد تک انتظام کریں کیونکہ جو لوگ تحریر میں ان تصاویر کا استعمال کرتے ہیں وہ بھی خوش رہیں۔ بلاگ پر جس اردو فونٹ کا استعمال کر رہے ہیں اُس کا ڈاؤن لوڈ لنک ضرور اور نمایا جگہ پر دیں اور کوشش کریں کہ اردو کے عام طور پر استعمال ہونے والے فونٹس میں سے کوئی ایک یا چند فونٹ استعمال کریں۔ اپنے بلاگ پر یونیکوڈ اردو کی تنصیب کے حوالے سے کوئی نہ کوئی ربط ضرور دیں تاکہ یونیکوڈ اردو کا پیغام سب تک آسانی تک پہنچ سکے۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ کئی ایسے لوگ ہیں جو انٹرنیٹ پر اردو تو لکھتے ہیں لیکن کمپیوٹر پر اردو کی تنصیب کے بارے میں کچھ نہیں جانتے اور انٹرنیٹ پر اردو لکھنے کے لئے اردو ویب ایڈیٹر کا ہی استعمال کرتے ہیں۔ مہربانی کر کے اگر ہو سکے تو اپنے بلاگ پر اردو کی تنصیب کا کوئی نہ کوئی ربط ضرور دیں۔

مندرجہ بالا چند مشورے میری طرف سے اردو بلاگرز کے لئے ہیں۔ اگر آپ خود تھیم بنانا جانتے ہیں تو میرے خیال میں مندرجہ بالا مشوروں کو ضرور ذہن میں رکھیں اور اگر آپ خود سے تھیم نہیں بنا سکتے تو کسی ایسے تھیم کا انتخاب کریں جس میں مندرجہ بالا خصوصیات ہوں۔

نوٹ:- یہ میرے چند مشورے ہیں اگر دل کرے تو اپنالیں نہیں تو آپ رد کرنے کا پورا پورا اختیار رکھتے ہیں۔ یہ میری آج تک کی سوچ ہے۔ وقت اور ٹیکنالوجی کی تبدیلی کے ساتھ میری سوچ میں بھی تبدیلی آسکتی ہے۔

# اردو بلاگ بنانا

اردو بلاگ بنانا بہت ہی آسان ہے۔ جس کے لئے بہت زیادہ مہارت کی ضرورت نہیں بلکہ یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ اردو بلاگ بنانا اب بچوں کا کھیل ہے۔ آپ مفت کی سروس استعمال کرتے ہوئے بھی اردو بلاگ بناسکتے ہیں اور تھوڑے سے پیسے خرچ کر یعنی اپنے ذاتی ڈومین نیم اور ہوسٹنگ پر بھی اردو بلاگ بناسکتے ہیں۔ اگر آپ کی پہلے سے ہی کوئی ویب سائیٹ ہے تو اس پر یا اس کی سب ڈومین پر بھی اردو بلاگ بناسکتے ہیں۔ اردو بلاگ بنانے کے لئے کئی طریقے اور بہت قسم کے سی ایم ایس موجود ہیں۔ اس کتاب میں چند ایک طریقے اور "ورڈپریس" سی ایم ایس کے بارے میں بات کریں گے۔

## ڈومین نیم اور ہوسٹنگ

ڈومین نیم یعنی ویب سائیٹ کا پتہ اور ہوسٹنگ ایسے ہی ہے جیسے گھر کا "پتہ" اور "گھر" یعنی ڈومین نیم "پتہ" اور ہوسٹنگ "گھر"۔ جب کسی نے کسی گھر جانا ہوتا ہے تو پہلے اس کا پتہ معلوم کرتا ہے اور پھر وہ پتہ اسے گھر تک پہنچا دیتا ہے۔ ایسے ہی ڈومین نیم ہوتا ہے۔ کوئی ڈومین نیم اپنے ویب براؤزر میں لکھتا ہے اور پھر وہ ڈومین نیم اسے گھر تک یعنی ہوسٹنگ تک پہنچا دیتا ہے۔ اب ہوسٹنگ ہی اصل جگہ ہوتی ہے جہاں آپ کی ویب سائیٹ کا مواد ہوتا ہے۔

## چند دیگر بنیادی باتیں

پیسے خرچ کر ذاتی ڈومین نیم اور ہوسٹگ پر بلاگ بنانے سے مراد یہ ہے کہ آپ اپنے خاص نام کی ڈومین لیتے ہیں جیسے میں نے www.mbilalm.com لے رکھی ہے اور اس کے بعد آپ اپنی ویب ہوسٹنگ بھی لیتے ہیں۔ یہ بالکل ویسے ہی ہے جیسے آپ اپنی دیگر ویب سائیٹس بناتے ہیں۔ اس کے علاوہ مفت سروس کا استعمال یہ ہے کہ کئی کمپنیاں بلاگ بنانے کی سہولت دیتی ہیں۔ اس کی سب سے بڑی مثال گوگل کی بلاگر یا بلاگسپاٹ اور ورڈپریس آرگنائیزیشن کی ورڈپریس ڈاٹ کام ہیں۔ یہ دونوں کمپنیاں مفت میں بلاگ بنانے کی سروس دیتی ہیں۔ بلاگر اور بلاگسپاٹ ایک ہی سروس کے دو نام ہیں۔ اس کے علاوہ ورڈپریس آرگنائیزیشن آپ کو اپنی ذاتی ہوسٹنگ پر بلاگ بنانے کے لئے ایک ورڈپریس سی ایم ایس مفت میں فراہم کرتی ہے۔ یہ سی ایم ایس اس وقت بلاگنگ کے حوالے سے سب سے زیادہ کامیاب اور مشہور سی ایم ایس ہے۔ سی ایم ایس یعنی کانٹینٹ مینجمنٹ سسٹم کو آسان الفاظ میں آپ ایک سافٹ ویئر کہہ سکتے ہیں جو کہ ویب سائیٹ پر انسٹال ہوتا ہے اور پھر چند ایک چھوٹی چھوٹی تبدیلیوں کے بعد آپ کی ویب سائیٹ تیار ہو جاتی ہے۔ یاد رہے ورڈپریس اپنی ویب سائیٹ ورڈپریس ڈاٹ کام پر بھی بلاگ بنانے کی سہولت دیتا ہے اور اگر آپ اپنی ذاتی ڈومین اور ہوسٹنگ پر بلاگ بنانا چاہیں تو اس کے لئے مفت میں سی ایم ایس دیتا ہے اور اس سی ایم ایس کا نام بھی ورڈپریس ہے۔

## مفت بلاگنگ سروس فراہم کرنے والی ویب سائٹس

یوں تو بلاگ بنانے کے لئے کئی ایک مفت سروس میسر ہیں۔ جن میں سرفہرست blogger.com اور wordpress.com ہیں۔ یاد رہے بلاگر اور بلاگ اسپاٹ ایک ہی سروس کے دو نام ہیں۔

ان کے علاوہ مفت سروس کا استعمال کرتے ہوئے ایک طریقہ اور بھی ہے۔اس طریقے کا بہت کم لوگوں کو علم ہے اور اس طریقے کو ہم تک پہنچانے کے لئے میں محترم بلاگر محمد اسد صاحب کا شکر گزار ہوں۔ جن کی بدولت کم از کم مجھے اس طریقے کا پتہ چل سکا۔ اس طریقے کے ذریعے ہم ڈومین نیم اور ہوسٹنگ تو مفت میں حاصل کرتے ہیں لیکن یہ طریقہ ایسے ہی ہے جیسے ڈومین نیم اور ہوسٹنگ خرید کر بلاگ بنایا جاتا ہے۔ میں اس طریقہ کو انوکھا طریقہ کہوں گا۔

### اردو بلاگنگ کے حوالے سے مفت کی سروس کے کچھ فوائد اور نقصانات

#### ورڈپریس ڈاٹ کام (wordpress.com)

انگریزی بلاگنگ کے لئے بہترین اور معیاری سروس ہے لیکن اردو بلاگنگ کے لئے معیاری نہیں۔ اس میں خود سے اپنی مرضی کا تھیم اپلوڈ نہیں کیا جا سکتا بلکہ جو ورڈپریس ڈاٹ کام والوں نے پہلے سے اپلوڈ کیے ہیں ان کو ہی استعمال کیا جا سکتا ہے اور وہ تھیم انگریزی کے لئے ہیں اس لئے اردو بلاگ کے لئے بہتر نہیں۔ اس کے علاوہ تھیم میں خود سے تبدیلی بھی نہیں کی جا سکتی۔ جس کی وجہ سے اردو فونٹ کئی جگہ پر ٹھیک یا خوبصورت نظر نہیں آتا۔ اس میں بھی تبصرہ کرنے کے لئے اردو ایڈیٹر نہیں لگایا جا سکتا۔ مجھے ذاتی طور پر یہ سروس اردو بلاگنگ کے حوالے سے پسند نہیں کیونکہ اس میں پوری طرح سے اردو کے لئے سہولیات میسر نہیں۔

#### بلاگر ڈاٹ کام (blogger.com)

ایک بہترین اور معیاری سروس جو کہ گوگل مہیا کر رہا ہے۔ بلاگر ڈاٹ کام پر بلاگ اور بلاگ کا مواد ضائع ہونے کا اندیشہ بہت ہی کم ہے بلکہ نہ ہونے کے برابر ہے۔ بلاگر ڈاٹ کام کے لئے تھیم بھی آسانی سے میسر ہیں اور اپنی مرضی کا تھیم اپلوڈ کیا جا سکتا ہے اور اس میں تبدیلی بھی کی جا سکتی ہے۔ فی الحال تبصرہ کرنے کے لئے اردو ایڈیٹر نہیں لگایا جا سکتا۔ اس کے علاوہ چند ایک غیر ضروری سہولیات میسر نہیں جو باقی بلاگنگ سروس میں میسر ہیں۔ اردو بلاگنگ کے لئے مناسب سروس ہے۔ بلاگر ڈاٹ کام پر بلاگ بنانے کا طریقہ جاننے کے لئے اس لنک www.mbilalm.com/blog/?p=708 پر دیکھیں۔

#### مفت ڈومین نیم اور مفت کی ہوسٹنگ

یہ طریقہ مجھے ذاتی طور پر بہت پسند ہے۔ جیسا کہ پہلے کہا یہ طریقہ ایسے ہی ہے جیسے ڈومین نیم اور ہوسٹنگ خرید کر بلاگ بنایا جاتا ہے۔ اس طریقہ میں آزادی ہی آزادی اور اختیارات ہی اختیارات ہیں۔ ذاتی ہوسٹنگ کے بعد اردو بلاگنگ کے لئے یہ بہترین سروس ہے۔ آپ اپنی مرضی کا تھیم منتخب کریں یا چاہے جو مرضی استعمال کریں۔ اس طریقہ کا فی الحال تو کوئی نقصان نہیں لیکن ڈر صرف اس بات کا ہے کہ پتہ نہیں کب یہ مفت کی سروس بند ہو جائے اور آپ کا بلاگ غائب۔ اس لئے آپ کو ساتھ ساتھ بلاگ کا بیک اپ رکھنا پڑتا ہے۔ ویسے بلاگ کا بیک اپ ذاتی ہوسٹنگ پر بھی رکھنا چاہئے کیونکہ ٹیکنالوجی کا کیا پتہ کس وقت دھوکہ دے جائے۔ اس طریقہ میں جو مفت میں ڈومین نیم حاصل کرتے ہیں وہ ڈاٹ کام (.com) وغیرہ کی بجائے ڈاٹ کو ڈاٹ سی سی (.co.cc) میں ہوتا ہے۔ مفت میں ڈومین نیم حاصل کرنا ہے تو کچھ تو اپنی مرضی سے نہیں ہو گا۔ خیر میرے خیال میں بلاگنگ شروع کرنے کے لئے مفت سروس میں یہ طریقہ سب سے بہتر ہے اور کئی بڑے بڑے بلاگر اسی طریقہ کو استعمال کر رہے ہیں۔ اس طرح سے بلاگ بنانے کا طریقہ جاننے کے لئے اس لنک www.mbilalm.com/blog/?p=724 پر دیکھیں۔

## ذاتی ڈومین نیم اور ہوسٹنگ پر اردو بلاگ بنانا

ذاتی ڈومین نیم اور ہوسٹنگ پر بلاگ بنانے کے لئے سب سے پہلے ڈومین نیم اور ہوسٹنگ خریدنی پڑتی ہے۔ پھر اس پر بلاگ بنایا جاتا ہے۔ ذاتی ڈومین نیم کا جہاں یہ فائدہ ہوتا ہے کہ آپ اپنے مرضی کے نام کی ڈومین ڈاٹ کام (.com)، ڈاٹ نیٹ (.net) یا ڈاٹ پی کے (.pk) وغیرہ میں حاصل کرتے ہیں وہیں پر ذاتی ہوسٹنگ ہونے کی وجہ سے آپ کو آزادی ہی آزادی اور اختیارات ہی اختیارات ہوتے ہیں۔ کئی سہولیات جو مفت کی سروس میں دستیاب نہیں ہوتیں وہ ذاتی ہوسٹنگ پر منٹوں میں دستیاب ہو جاتی ہیں۔ جیسے بلاگ کے لئے خوبصورت تھیم اور پلگ انز وغیرہ اور پھر ان کا آسان استعمال۔

ڈومین نیم اور ہوسٹنگ خریدنا کوئی مشکل کام نہیں۔ اگر آپ کے پاس کریڈٹ کارڈ ہو تو یہ کام چند منٹوں میں ہو جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان میں کئی ایک اچھے ڈومین نیم اور ہوسٹنگ کے ری سیلر موجود ہیں جن سے آپ آسانی سے ڈومین نیم اور ہوسٹنگ خرید سکتے ہیں۔ ڈومین نیم اور ہوسٹنگ کی قیمت بھی کوئی زیادہ نہیں بلکہ اب تو کئی ری سیلر دو ہزار روپے سالانہ تک ڈومین نیم اور ہوسٹنگ دے دیتے ہیں۔

ڈومین نیم اور ہوسٹنگ ہمیشہ قابل اعتماد کمپنی سے خریدیں کیونکہ آج کل جگہ جگہ ڈرائینگ روم ہوسٹنگ کمپنیاں بھی بن چکی ہیں۔ جن کے کل کا کچھ پتہ نہیں کیونکہ یہ کسی وقت بھی بھاگ سکتے ہیں۔ ڈومین نیم خریدتے ہوئے اس بات کی یقین دہانی کر لیں کہ ڈومین نیم آپ کے نام اور ای میل پر ہی رجسٹر ہو اور ڈومین نیم کی سیٹنگز کا آپ کے پاس پورا پورا اختیار ہو۔ اس کے علاوہ ہوسٹنگ قابل اعتماد ہو۔ جس میں مواد کے ضائع ہونے کا ڈر کم سے کم ہو اور اس کا ڈاؤن ٹائم بھی کم ہو۔ ہوسٹنگ کے معیاری ہونے کے بارے میں گوگل پر تلاش بڑی اچھی مدد کر سکتی ہے۔ یوں تو کئی قسم کی ہوسٹنگ ہوتی ہیں جیسے ونڈوز ہوسٹنگ اور لینکس ہوسٹنگ وغیرہ۔ سستی اور زیادہ تر لینکس ہوسٹنگ ہی ہوتی ہے اور عام طور پر ویب سائیٹس اور بلاگ کے لئے لینکس ہوسٹنگ ہی بہتر رہتی ہے۔

ڈومین نیم اور ہوسٹنگ خریدنے کے بعد ان کی سیٹنگز کی جاتی ہیں۔ عام طور پر یہ سیٹنگز ڈومین نیم اور ہوسٹنگ بیچنے والی کمپنی ہی کر دیتی ہے۔ اس کے بعد ویب سائیٹ یا بلاگ خود بنانا ہوتا ہے۔ مرکزی ڈومین پر یا اس کی ذیلی ڈومین (Sub Domain) یا فولڈر پر بھی بلاگ بنا سکتے ہیں۔ جیسے میں نے اپنے مرکزی ڈومین کی بجائے ذیلی فولڈر (/blog) پر بلاگ بنایا ہے اور مرکزی ڈومین پر کچھ دوسری چیزیں رکھی ہوئی ہیں۔ یاد رہے بس ڈومین نیم خریدنا/رجسٹر کروانا ہوتا ہے اس کے بعد ہوسٹنگ کی دستیاب سہولت کے مطابق ذیلی ڈومین / فولڈر بنا سکتے ہیں۔ میرا موضوع اردو بلاگ بنانے کے بارے میں ہے اس لئے میں اردو بلاگ بنانے کا طریقہ درج کر رہا ہوں۔ بلاگ بنانے کے لئے ایک بہترین سی ایم ایس ورڈپریس ہے جو کہ مفت میں دستیاب ہے۔ ورڈپریس ڈاؤن لوڈ کرتے ہیں اور پھر اسے اپنی ویب سائیٹ پر انسٹال کر لیتے ہیں۔


یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ، واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔
0304-0413488/0313-0655080


## سی پینل (cPanel) کے فائل مینیجر کا استعمال

سی پینل میں لاگ ان ہوں اور پھر File Manager میں جائیں۔ پوچھا جائے گا کہ آپ ڈائریکٹ کس فولڈر / ڈائریکٹری میں جانا چاہتے ہیں؟ اس میں Web Root (public_html/www) کو منتخب کر کے Go کا بٹن دبا دیں۔ جیسا کہ تصویر میں نظر آ رہا ہے۔




اب فائل مینیجر میں پہنچ چکے ہیں۔ یہ بالکل ونڈوز ایکسپلورر کی طرح ہے جس میں بائیں طرف فولڈرز، دائیں طرف کھلے ہوئے فولڈر کی فائلز اور سب فولڈرز ہیں اور اوپر کچھ ضروری بٹن بنے ہوئے ہیں۔ جیسا کہ تصویر میں نظر آ رہا ہے۔




ایک بات یاد رکھیں کہ www اور public_html ایک ہی فولڈر کے دو نام ہیں۔ اور یہ آپ کی ویب سائیٹ کا مرکزی یعنی روٹ فولڈر ہے۔ اس میں جو فائل رکھیں گے وہ آپ کی ویب سائیٹ کے اصل ایڈریس سے کھلے گی۔ مثال کے طور پر اگر ویب سائیٹ کا ایڈریس mydomain.com ہے تو پھر جب کوئی mydomain.com کھولے گا تو www والا فولڈر کھلے گا۔


اب ہم روٹ فولڈر یعنی www میں ایک نیا فولڈر بناتے ہیں، پھر اس میں مواد اپلوڈ کرتے ہیں اور مواد میں ضروری تبدیلیاں کرتے ہیں یعنی اگر کمپریس / زپ فائل ہے تو اسے ایکسٹریکٹ / ان زپ کرتے ہیں اور فائلز کو ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔

### نیا فولڈر بنانا

بائیں جانب www کے فولڈر پر کلک کر کے اسے کھولتے ہیں۔ یوں دائیں جانب www میں موجود فائلز اور سب فولڈرز نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔ اب ہم www میں موجود ہیں اس لئے یہاں کوئی بھی کام کریں گے وہ www پر لاگو ہو گا۔ اب New Folder پر کلک کریں۔ نئی ونڈو سامنے آئے گی اس میں فولڈر کا نام دیں اور پھر Create New Folder کا بٹن دبا دیں۔ یوں www کے فولڈر میں ایک مزید فولڈر بن جائے گا۔ فرض کریں ہم نے نئے فولڈر کا نام data رکھا ہے۔

### فائل اپلوڈ کرنا

اب data کے فولڈر میں کوئی فائل اپلوڈ کرنے کے لئے Data کا فولڈر کھولیں اور Upload پر کلک کریں۔ ایک نئی ٹیب کھلے گی اس میں Browse کر کے اپنے کمپیوٹر سے اپنی مطلوبہ فائل جو اپلوڈ کرنا چاہتے ہیں اسے منتخب کریں۔ یوں فائل اپلوڈ ہونا شروع ہو جائے گی۔ جیسا کہ تصویر میں نظر آ رہا ہے۔




جب اپلوڈنگ مکمل ہو جائے تو اس نئی کھلی ہوئی ٹیب کو بند کر دیں اور فائل مینیجر میں واپس آ کر Reload کا بٹن دبانے سے اپلوڈ کی ہوئی فائل نظر آنا شروع ہو جائے گی۔


## فائل ایکسٹریکٹ / ان ذپ کرنا

کسی کمپریس فائل کو ایکسٹریکٹ کرنے کے لئے اس فائل کو منتخب کریں اور Extract کا بٹن دبا دیں۔ نئی ونڈو میں Extract File(s) کا بٹن دبا دیں۔ یوں فائل ایکسٹریکٹ ہونا شروع ہو جائے گی اور جب مکمل ہو گی تو نئی ونڈو میں Close کا بٹن آئے گا تو اس پر کلک کر دیں۔ یوں جہاں کمپریس ہوئی فائل پڑی تھی اس کے ساتھ ہی ایکسٹریکٹ ہوئی فائل یا فولڈر بھی آ جائے گا۔

← ایک سے زیادہ فائلز منتخب کرنے کے لئے Ctrl کا بٹن دبائے رکھیں اور ساتھ ساتھ فائلز منتخب کرتے جائیں۔

## فائل کاپی / منتقل کرنا

جو فائلز یا فولڈرز کسی دوسری جگہ منتقل کرنے ہیں ان کو منتخب کریں اور Move File کا بٹن دبا دیں۔ نئی ظاہر ہونے والی ونڈو میں پوچھا جائے گا کہ آپ انہیں کہاں منتقل کرنا چاہتے ہیں تو یہاں پر مطلوبہ جگہ کا پتہ دے دیں۔ جیسا کہ تصویر میں blog کے فولڈر کا پتہ دیا ہوا ہے۔ اس کے بعد Move File (s) کا بٹن دبا دیں۔ یوں فائل مطلوبہ جگہ پر منتقل ہو جائیں گی۔





ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کی صورت میں فائلز ایک جگہ سے ختم ہو کر دوسری جگہ پہنچ جاتی ہیں اگر کاپی کرنا چاہیں تو Copy کا بٹن استعمال کر لیں۔ یوں فائلز پہلی جگہ پر بھی موجود رہیں گی اور نئی جگہ پر ان کی کاپی ہو جائے گی۔

← ایک فولڈر میں موجود دوسرے فولڈر میں داخل ہونے کے لئے اس فولڈر کے آئی کان پر ڈبل کلک کیا جاتا ہے لیکن ایک فولڈر سے واپس پچھلے فولڈر میں جانے کے لئے Up One Level کے بٹن پر کلک کیا جاتا ہے۔ یوں ایک فولڈر سے نکل کر اس سے پچھلے فولڈر میں چلے جائیں گے۔


## سی پینل (cPanel) میں مائی ایس کیو ایل ڈیٹابیس بنانا

سی پینل میں لاگ ان ہوں اور MySQL Databases میں جائیں۔ New Database میں اپنی ڈیٹابیس کا نام لکھیں اور Create Database کے بٹن کو دبا دیں۔





یوں ایک نیا صفحہ کھلے گا جہاں پر ڈیٹابیس کامیابی سے بننے کی تصدیق ہو گی اور ساتھ میں ڈیٹابیس کا مکمل نام لکھا ہو گا۔ Go Back کے بٹن پر کلک کر کے واپس ڈیٹابیس والے مرکزی صفحہ پر آ جائیں۔ Current Databases کی فہرست میں نئی بنائی ہوئی ڈیٹابیس نظر آنا شروع ہو جائے گی لیکن Users والا کالم خالی ہو گا۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ ابھی تک اس ڈیٹابیس کا کوئی یوزر نہیں بنایا گیا۔

اب اسی صفحہ پر تھوڑا نیچے Add New User والی جگہ پر جائیں اور Username میں کوئی یوزر نیم لکھیں اور پھر Password لکھ کر Create User کا بٹن دبا دیں۔




نئے صفحہ پر یوزر کامیابی سے بننے کی تصدیق ہو گی اور ساتھ میں مکمل یوزر نیم ہو گا۔ Go Back کے بٹن پر کلک کر کے واپس ڈیٹابیس کے مرکزی صفحہ پر آ جائیں۔ اب Current Users کی فہرست میں نیا بنایا ہوا یوزر بھی آ جائے گا۔

ڈیٹابیس اور اس کا یوزر بن چکا ہے اب مرحلہ ہے کہ ڈیٹابیس یوزر کو ڈیٹابیس کے ساتھ شامل کیا جائے۔ اس کے لئے اسی ڈیٹابیس کے مرکزی صفحہ پر ہی Add User To Database ہو گا۔ یہاں User والی فہرست میں سے اپنا یوزر نیم اور Database میں سے اپنی ڈیٹابیس منتخب کریں اور Add کا بٹن دبا دیں۔




نئے صفحہ پر پوچھا جائے گا کہ اس ڈیٹابیس میں یوزر کو کیا کیا اختیارات دینے ہیں۔ یہاں پر ALL PRIVILEGES کے چیک باکس کو منتخب کر دیں تاکہ یوزر کو تمام اختیارات مل جائیں۔ اس کے ساتھ ہی Make Changes کے بٹن کو دبا دیں۔ نئے صفحہ پر یوزر ڈیٹابیس کے ساتھ شامل ہونے کی تصدیق ہو گی۔ Go Back کا بٹن دبا کر واپس ڈیٹابیس کے مرکزی صفحہ پر آ جائیں۔ اب Current Databases والی فہرست میں ڈیٹابیس کے سامنے Users والے کالم میں یوزر بھی آ چکا ہو گا۔

← سی پینل میں عام طور پر جب ڈیٹابیس بنائی جاتی ہے تو ڈیٹابیس کا جو نام رکھتے ہیں اس کے شروع میں سی پینل اکاؤنٹ کا نام بھی ساتھ میں لگ جاتا ہے اس لئے جب کہیں بھی ڈیٹابیس کا نام لکھیں تو مکمل لکھیں اور یہی عمل ڈیٹابیس کا یوزر بناتے ہوئے بھی ہوتا ہے۔

ڈیٹابیس کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ کئی دفعہ بلاگ بنانے کے بعد جب اردو لکھی جاتی ہے تو ٹھیک نظر نہیں آتی۔ عام طور پر اس خرابی کی وجہ ڈیٹابیس کی Collation ہوتی ہے۔ اس لئے بلاگ بنانے سے پہلے تسلی کر لیں کہ ڈیٹابیس کی Collation ٹھیک ہے یعنی utf8_general_ci ہی ہے۔ ڈیٹابیس کی Collation دیکھنے یا تبدیل کرنے کے لئے سی پینل میں جائیں اور وہاں پر موجود phpMyAdmin میں جائیں۔ ایک نئی ٹیب کھلے گی اس میں Username اور Password کا اندراج کر کے Go کا بٹن دبا دیں۔ اب phpMyAdmin آپ کے سامنے کھل چکا ہے۔ یہاں بائیں طرف بنائی ہوئی ڈیٹابیس ہو گی اور درمیان میں MySQL connection collation لکھا ہو گا۔ اگر اس میں utf8_general_ci لکھا ہے تو پھر کوئی پریشانی والی بات نہیں اور اسے لاگ آؤٹ کر دیں۔ لیکن اگر یہاں کچھ اور لکھا ہے تو پھر بائیں جانب ڈیٹابیس کے نام پر کلک کریں۔ پھر Operations پر کلک کریں اور اس صفحہ کے سب سے نیچے Collation میں utf8_general_ci منتخب کر کے Go کا بٹن دبا دیں۔ یوں ڈیٹابیس کی Collation اردو کے مطابق ہو جائے گی اور بلاگ پر اردو ٹھیک لکھی اور پڑھی جائے گی۔

## ورڈپریس کی انسٹالیشن (Installation)

ورڈپریس آرگنائیزیشن ذاتی ہوسٹنگ پر بلاگ بنانے کے لئے ایک ورڈپریس سی ایم ایس مفت میں فراہم کرتی ہے۔ یہ سی ایم ایس اس وقت بلاگنگ کے حوالے سے سب سے زیادہ کامیاب اور مشہور سی ایم ایس ہے۔ سی ایم ایس یعنی کانٹینٹ مینجمنٹ سسٹم کو آسان الفاظ میں آپ ایک سافٹ ویئر کہہ سکتے ہیں جو کہ ویب سائیٹ پر انسٹال ہوتا ہے اور پھر چند ایک چھوٹی چھوٹی تبدیلیوں کے بعد آپ کی ویب سائیٹ تیار ہو جاتی ہے۔

ورڈپریس کو انسٹال کرنے کا طریقہ درج ذیل ہے۔ جس جگہ ← کا نشان ہو گا اس سے مراد یہ ہے کہ یہ کوئی ٹِپ یا ٹرِک ہے جس سے آپ کو آسانی ہو گی۔

1:- ورڈپریس سی ایم ایس اس لنک www.wordpress.org/download سے ڈاؤن لوڈ کریں۔ یہ ایک زپ فائل ہو گی۔ بہتر ہے کہ اسے ان زپ کرنے کی بجائے ایسے ہی اپنی ہوسٹنگ پر اپلوڈ کر لیں۔ اپلوڈ کرنے کے لئے اپنی ہوسٹنگ کے کنٹرول پینل میں جائیں اور پھر فائل مینیجر (File Manager) میں جا کر کسی بھی ڈائریکٹری / فولڈر میں اپلوڈ کر لیں۔

2:- یہ ایک زپ فائل تھی اس لئے اب اسے ان زپ / ایکسٹریکٹ کریں اور اس طرح جہاں آپ اسے ان زپ کریں گے وہاں پر ایک نیا فولڈر wordpress کے نام سے بن جائے گا۔ اس فولڈر کو کھولیں اور اس میں موجود تمام فائلز اور فولڈرز کو منتخب کر کے اس جگہ پر منتقل کر دیں جہاں پر آپ نے اپنا بلاگ بنانا ہے۔ مثال کے طور پر میں نے اپنی اصل ڈومین www.mbilalm.com کی بجائے www.mbilalm.com/blog پر بلاگ بنایا ہوا ہے تو میں نے ایسا کیا تھا کہ روٹ فولڈر میں ایک سب فولڈر blog کے نام سے بنایا تھا اور اس میں ورڈپریس کی ساری فائلز کاپی کی تھیں۔

← اگر ویب ہوسٹنگ کے لئے سی پینل استعمال کر رہے ہیں تو پھر فائل مینیجر کے ذریعے فائل اپلوڈ کرنے اور فائل مینیجر کے دیگر طریقہ کار کے لئے "سی پینل (cPanel) کے فائل مینیجر کا استعمال" دیکھیں۔

3:- اب ہوسٹنگ کنٹرول پینل میں جائیں اور ایک مائی ایس کیو ایل ڈیٹابیس بنائیں۔ ڈیٹابیس بناتے ہوئے یا بنانے کے بعد Collation کو utf8_general_ci رکھیں۔ ڈیٹابیس کے لئے ایک یوزر بھی بنائیں اور پھر اس یوزر کو تمام اختیارات دیتے ہوئے اپنی ڈیٹابیس کے ساتھ جوڑ دیں۔


← اگر ویب ہوسٹنگ کے لئے سی پینل استعمال کر رہے ہیں تو پھر ڈیٹابیس بنانے اور اس کی Collation سیٹ کرنے اور ڈیٹابیس کے لئے یوزر بنانے کے لئے "سی پینل (cPanel) میں مائی ایس کیو ایل ڈیٹابیس بنانا" دیکھیں۔

تمام فائلز اپلوڈ ہو چکی ہیں اور ڈیٹابیس اور اس کا یوزر بھی بن گیا ہے۔ اب سی ایم ایس کی انسٹالیشن کا مرحلہ آتا ہے۔


4:- ویب براؤزر کھولیں اور فائل مینیجر کے ذریعے جہاں پر فائلز اور فولڈرز کاپی کیے تھے یعنی جہاں پر بلاگ بنانا چاہتے ہیں اس جگہ کا ایڈریس لکھیں۔ مثال کے طور پر اگر mydomain.com/blog پر بلاگ بنا رہے ہیں تو یہی ایڈریس کھولیں۔

5:- ورڈپریس کی انسٹالیشن شروع ہو چکی ہے۔ اب جو صفحہ کھلا ہے اس میں Create a Configuration File والے بٹن پر کلک کر دیں۔ نئے صفحہ پر Let's go! والے بٹن پر کلک کریں۔

6:- اب ڈیٹابیس کے متعلق معلومات فراہم کریں۔ Database Name میں وہ لکھیں جو آپ نے ڈیٹابیس بناتے ہوئے ڈیٹابیس کا نام رکھا تھا، User Name میں ڈیٹابیس کا یوزر بناتے ہوئے یوزر کا جو نام رکھا تھا وہ لکھیں اور Password میں یوزر کا جو پاسورڈ رکھا تھا وہ لکھ دیں۔ Database Host عام طور پر localhost ہی رکھتے ہیں اور Table Prefix بھی عام طور پر wp_ ہی رکھتے ہیں۔ مطلوبہ معلومات درج کرنے کے بعد Submit کے بٹن پر کلک کر دیں۔





← اگر ڈیٹابیس کے متعلق ساری معلومات ٹھیک نہ لکھیں تو Error establishing a database connection آ جائے گا اور Try Again والے بٹن پر کلک کر کے واپس پچھلے صفحہ پر پہنچ جائیں گے۔




ایسا اسی صورت میں ہو گا جب آپ نے ڈیٹابیس کی معلومات ٹھیک درج نہیں کی ہوں گی یا پھر ڈیٹابیس یا اس کا یوزر بناتے ہوئے کہیں غلطی کی ہو گی۔ اگر سب کچھ ٹھیک ہو یعنی ڈیٹابیس اور ڈیٹابیس کا یوزر ٹھیک بنایا ہو اور اندراج بھی ٹھیک کر رہے ہوں۔ پھر بھی ایرر آئے تو اس کا مطلب Database Host لوکل ہوسٹ نہیں۔ ڈیٹابیس ہوسٹ جاننے کے لئے اپنی ہوسٹنگ کمپنی سے رابطہ کریں اور پھر Database Host میں وہ لکھیں جو ہوسٹنگ کمپنی نے بتایا ہو۔

7:- ڈیٹابیس کی درست معلومات درج کر کے Submit کے بٹن پر کلک کرنے سے سامنے نیا صفحہ آ جائے گا اور یہاں پر Run the install والے بٹن پر کلک کر دیں۔

8:- نئے صفحہ پر بلاگ کے متعلق معلومات فراہم کریں۔ Site Title میں اپنے بلاگ کا عنوان لکھیں۔ Username میں admin لکھا ہو گا یہ بلاگ کے ایڈمن کا یوزر نیم ہے چاہیں تو اسے admin ہی رہنے دیں یا پھر اپنی مرضی کے مطابق تبدیل کر لیں۔ اس کے بعد Password, twice میں اپنا پاسورڈ لکھیں اور پھر Your E-Mail میں اپنا ای میل لکھ کر Install Wordpress والے بٹن پر کلک کر دیں۔





مبارک ہو! ورڈپریس سی ایم ایس انسٹال ہو چکا ہے اور بلاگ بن چکا ہے۔ اب بلاگ کے دو پہلو ہیں۔ ایک وہ جو ہر کسی کے لئے ہے اور دوسرا صرف بلاگ کے ایڈمن کے لئے ہے۔

# ورڈ پریس بلاگ اور بلاگ کا ایڈ من پینل

ورڈپریس بلاگ کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ ایک وہ جو ساری دنیا دیکھ سکتی ہے، آپ کا بلاگ پڑھ سکتی ہے اور تبصرہ یا رائے (Comment) دے سکتی ہے۔ یہ پہلو وہی ہوتا ہے جو بلاگ کا ایڈریس ہوتا ہے مثال کے طور پر میرے بلاگ کا یہ پہلو www.mbilalm.com/blog ہے۔ لیکن ایک دوسرا پہلو بھی ہوتا ہے جو بلاگ کے مالک کے لئے ہوتا ہے اور اسے ایڈ من پینل بولتے ہیں۔ ایڈ من پینل سے بلاگ کو مکمل کنٹرول کیا جاتا ہے۔ ایڈ من پینل کے ذریعے ہی بلاگ پر تحریر/پوسٹ لکھی یا دیگر تبدیلیاں کی جاتی ہیں۔ ایڈ من پینل میں داخل ہونے کے لئے وہی یوزر نیم اور پاسورڈ دیا جاتا ہے جو ورڈپریس انسٹال کرتے ہوئے بلاگ کے ایڈ من کے لئے دیا ہوتا ہے۔ یاد رہے ڈیٹابیس کا یوزر نیم اور پاسورڈ بلاگ انسٹال کرنے کے لئے ہوتا ہے جبکہ اس کے بعد ایک اور یوزر نیم اور پاسورڈ بلاگ کے ایڈ من کے لئے دیا جاتا ہے اور یہ وہی یوزر نیم اور پاسورڈ ہوتا ہے جس کے ذریعے ایڈ من پینل میں داخل ہوا جاتا ہے۔ ایڈ من پینل میں داخل ہونے کے لئے ویب براؤزر میں بلاگ کے ایڈریس کے بعد wp-admin لکھا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر اگر بلاگ کا ایڈریس mydomain.com/blog ہے تو ایڈ من پینل کا ایڈریس mydomain.com/blog/wp-admin ہو گا۔

ایڈ من پینل میں کامیابی سے داخل ہونے کے بعد آپ کے سامنے ایڈ من پینل کا ڈیش بورڈ آ جاتا ہے۔ ڈیش بورڈ پر بلاگ کی پوسٹ اور کمنٹس کا خلاصہ ہوتا ہے اور ساتھ باقی ضروری لنک ہوتے ہیں۔ جیسا کہ تصویر میں نظر آ رہا ہے۔




بائیں جانب ایک پٹی (Bar) ہے۔ اسے سائیڈ بار (Sidebar) بولتے ہیں۔ سائیڈ بار میں کافی سارے لنک ہیں۔ ان میں سے کچھ لنک ایسے ہیں جن پر ماؤس لے کر جائیں تو ساتھ میں نیچے رخ کیا ہوا تیر کا نشان آ جاتا ہے اس کا مطلب ہے کہ اس لنک کی ذیلی فہرست بھی ہے یعنی اس لنک کے اندر مزید کچھ لنک ہیں۔ تصویر میں اسے سرخ نشان سے واضح کیا گیا ہے۔

اس کے علاوہ اوپر ایک اور پٹی نظر آ رہی ہے۔ اسے ہیڈر (Header) بولتے ہیں۔ ہیڈر میں ایک لنک Screen Options کا ہے اسے بھی تصویر میں سرخ نشان سے واضح کیا گیا ہے۔ اس کے اندر موجود لنک ایڈ من پینل کے ہر صفحہ کے مطابق تبدیل ہوتے رہتے ہیں۔ اس کا کام کسی بھی صفحہ پر نظر آنے والی چیزوں میں تبدیلی ہوتا ہے یعنی جو چیز صفحہ پر دیکھنی ہوتی ہے اسے منتخب کر لیتے ہیں اور جو نہیں دیکھنی ہوتی اسے ختم کر دیتے ہیں۔ ہیڈر میں ایک اور ضروری لنک Log Out کا ہوتا ہے۔

جب ایڈ من پینل کو بند کرنا ہوتا ہے تو Log Out پر کلک کر کے ایڈ من پینل کو لاگ آؤٹ کیا جاتا ہے اور پھر ویب براؤزر کو بند کیا جاتا ہے۔ اگر ایڈ من پینل کو لاگ آؤٹ نہ کیا جائے تو اس بات کا اندیشہ رہتا ہے کہ اگر کوئی دوسرا بندہ آپ کا کمپیوٹر استعمال کرے تو وہ یوزر نیم اور پاسورڈ کے بغیر بھی آپ کے بلاگ کے ایڈ من پینل میں داخل ہو سکتا ہے اور تبدیلیاں کر سکتا ہے۔ اس لئے جب بھی ایڈ من پینل بند کرنا ہو تو پہلے لاگ آؤٹ ضرور کریں۔

## ورڈپریس بلاگ - عمومی ترتیبات (General Settings)

بلاگ بنانے کے بعد اپنی مرضی کے مطابق کچھ سیٹنگز کرنی پڑ سکتی ہیں۔ عام طور پر ورڈپریس کی انسٹالیشن کے ساتھ ہی جو سیٹنگ ہوتی ہیں وہ عام بلاگر کے لئے بالکل ٹھیک ہوتی ہیں لیکن وقت کے ساتھ ساتھ کچھ سیٹنگز کی ضرورت پڑ سکتی ہے۔ جیسے تبصروں کی موڈریشن، بلاگ کا عنوان اور ذیلی عنوان، تاریخ، صفحہ اول پر تحاریر کی تعداد اور اسی طرح کی دیگر کئی ایک سیٹنگ وغیرہ وغیرہ۔ کیونکہ یہ ایک بنیادی ٹیوٹوریل ہے اس لئے بنیادی معلومات جن کی ایک عام بندے کو ضرورت ہوتی ہے وہ لکھیں گے۔

### جنرل سیٹنگز (General Settings)

بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہوں۔ بائیں سائیڈبار میں Settings کی ذیلی فہرست میں General کے لنک پر کلک کر دیں۔ نیا صفحہ کھلے گا۔ یہاں پر بلاگ کی جنرل سیٹنگز ہوں گی۔ تصویر میں ہر سیٹنگ کو ایک خاص نمبر دیا گیا ہے اور اسی کے مطابق نمبر دے کر ان کی تفصیل لکھی ہے۔




### 1:- بلاگ کا عنوان اور تفصیل (Site Title and Tagline)

بلاگ کا عنوان Site Title میں ہوتا ہے جو ورڈپریس انسٹال کرتے ہوئے دیا جاتا ہے۔ یہ بعد میں تبدیل بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے نیچے ہی Tagline ہوتا ہے۔ اسے آسان الفاظ میں بلاگ کے عنوان کی تھوڑی سی تفصیل کہہ سکتے ہیں یا پھر ذیلی عنوان بھی کہہ سکتے ہیں۔ سائیٹ ٹائیٹل اور ٹیگ لائن عام طور پر تھیم میں ایک دوسرے کے ساتھ ساتھ یا بہت قریب رکھے جاتے ہیں۔

### 2:- ای میل ایڈریس (E-mail address)

یہاں پر وہی ای میل ایڈریس ہوتا ہے جو ورڈپریس انسٹال کرتے ہوئے یعنی بلاگ بناتے ہوئے دیا جاتا ہے۔ یہاں جو ای میل دیا ہو وہ ایڈمن کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ جس پر نئے یوزر بننے کی اطلاع اور نئے تبصرے/رائے وغیرہ کی اطلاع بذریعہ ای میل موصول ہوتی ہے۔ یہ ایڈریس بعد میں تبدیل بھی کیا جا سکتا ہے۔

### 3:- ممبر شپ (Membership)

اگر چاہتے ہیں کہ ہر کوئی بلاگ کا رجسٹرڈ یوزر بن سکے یعنی بلاگ پر اپنا اکاؤنٹ بنا سکے تو پھر Membership کے Anyone can register کے چیک باکس کو منتخب کر دیں اور New User Default Role میں سے اس کو جو اختیارات دینا چاہتے ہیں وہ منتخب کر دیں۔ جیسے آپ چاہتے ہیں کہ صرف لوگ تبصرے/رائے دینے کے لئے ہی اکاؤنٹ بنا سکیں تو پھر نیو یوزر ڈیفالٹ رول میں Subscriber منتخب کر دیں۔ اسی طرح مزید یوزر رول ہوتے ہیں جو یوزر کو مختلف اختیارات دیتے ہیں۔ یوزر رول کی تفصیل کے بارے میں جاننے کے لئے اس لنک www.mbilalm.com/blog/?p=794 پر دیکھیں۔

### 4:- وقت اور تاریخ (Time and Date)

اپنے علاقے کا یا جہاں کا وقت آپ رکھنا چاہتے ہیں اسے Timezone میں سے منتخب کریں۔ جب بھی کوئی پوسٹ یا تبصرہ ہو گا تو جو Timezone دیا ہو گا وقت اور تاریخ اس کے مطابق ظاہر ہو گا۔ پاکستان میں رہنے والے اس فہرست میں سے Karachi یا پھر UTC+5 منتخب کریں۔

Date Format کے آگے کچھ تاریخ دیکھانے کے طریقے لکھے ہیں آپ جس طریقہ سے تاریخ دیکھانا چاہتے ہیں اس طریقے کے ریڈیو بٹن کو منتخب کر دیں یا پھر خود اپنی مرضی کی تاریخ دیکھانے کے لئے Custom کے ریڈیو بٹن کو منتخب کریں اور ساتھ والے ٹیکسٹ باکس میں مطلوبہ معلومات درج کریں۔ یہ معلومات کیسے درج کرنی ہیں اس کے لئے ساتھ ہی Documentation on date and time formatting کا لنک ہے وہاں جا کر مزید تفصیل دیکھ سکتے ہیں۔


Date Format کی طرح ہی Time Format ہے یعنی جس طرح کا آپ وقت دیکھانا چاہتے ہیں اس ریڈیو بٹن کو منتخب کر لیں۔

Week Starts On کا مطلب ہے کہ جس علاقہ میں آپ رہتے ہیں یا پھر آپ کا نیا ہفتہ جس دن سے شروع ہوتا ہے وہ منتخب کر دیں۔ یہ سیٹنگ عام طور پر بلاگ پر کیلنڈر کی ترتیب دیکھانے کے لئے ہوتی ہے۔

جب بھی کوئی تبدیلی کریں گے۔ وہ تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک سب سے نیچے نظر آنے والے Save Changes کے بٹن پر کلک نہیں کریں گے۔ اس لئے جب بھی کوئی تبدیلی کر کے محفوظ کرنا چاہیں تو Save Changes کا بٹن ضرور دبائیں۔

## ورڈپریس بلاگ-لکھنے کی ترتیبات (Writing Settings)

Writing Settings پوسٹ لکھنے کے متعلق ہے کہ جب کوئی پوسٹ لکھی یا تبدیل کی جائے تو اس کی کچھ خودکار اور چند ایک دیگر سیٹنگز ہوتی ہیں، وہ یہاں سے ترتیب دی جاسکتی ہیں۔ یہ ایک بنیادی اور نئے لوگوں کے لئے لکھا گیا ٹیوٹوریل ہے اس لئے اس میں بنیادی چیزوں کو ہی زیر بحث لایا گیا ہے۔ Writing Settings کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Settings کی ذیلی فہرست میں سے Writing کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا جیسا کہ تصویر میں نظر آرہا ہے۔ تصویر میں ہر سیٹنگ کو ایک نمبر دیا گیا ہے اور پھر اسی حساب سے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔




1:- پوسٹ لکھتے ہوئے ٹیکسٹ باکس کا سائز جتنا رکھنا ہو اس حساب سے لائنوں کی تعداد Size of the post box میں درج کر دیتے ہیں۔ عام طور پر یہ 20 ہوتی ہیں۔

2:- ان دونوں Formatting چیک باکس کی مدد سے بلاگ کی شکل کے متعلق کنٹرول کیا جاتا ہے۔ اگر Convert emoticons والے چیک باکس کو منتخب کیا جائے تو اس کا مطلب ہے کہ اگر پوسٹ یا کمنٹس میں کسی جگہ کوئی ایسے الفاظ ہوں جو سمائلی کا کوڈ ہو تو وہ خودبخود سمائلی کی تصویر میں تبدیل ہو جائے گا اور بلاگ پر کوڈ کی بجائے سمائلی کی تصویر نظر آئے گی۔ عام طور پر یہ منتخب ہی رکھی جاتی ہے کیونکہ اکثر لوگ کمنٹ کرتے ہوئے سمائلی خود سے شامل کرنے کی بجائے اس کا کوڈ لکھتے ہیں۔ تو اس طرح وہ کوڈ خودبخود سمائلی کی تصویر میں تبدیل ہو جاتا ہے۔

WordPress should correct invalidly nested XHTML automatically کا مطلب ہے کہ اگر پوسٹ یا کمنٹ لکھتے ہوئے ایکس ایچ ٹی ایم ایل کا کوئی کوڈ تھوڑا بہت غلط لکھ دیا جائے تو یہ اسے خود درست کر لے گا کیونکہ کئی دفعہ غلط کوڈ ہونے کی وجہ سے بلاگ میں مسائل بھی ہو سکتے ہیں۔ یاد رہے کئی ورڈپریس پلگ انز کے ساتھ یہ ٹھیک کام نہیں کرتا۔

3:- پوسٹ شائع کرتے ہوئے اگر اس کی کیٹیگری اور فارمیٹ منتخب کرنا بھول جائیں تو پوسٹ شائع ہو جاتی ہے لیکن اس کی کیٹیگری خودبخود منتخب ہو جاتی ہے۔ خودبخود وہ کیٹیگری منتخب ہو گی جو Default Post Category میں منتخب کی ہو گی اسی طرح فارمیٹ بھولنے کی صورت میں خودبخود وہ فارمیٹ منتخب ہو گا جو Default Post Format والی فہرست میں منتخب کیا ہو گا۔

اس کے علاوہ بلاگ میں لنک شامل کرتے ہوئے اگر لنک کی کیٹیگری بھول جائیں تو لنک شامل ہو جائے گا اور کیٹیگری خودبخود شامل ہو جائے گی اور خودبخود وہی کیٹیگری ہو گی جو Default Link Category والی فہرست میں سے منتخب کی ہو گی۔

4:- یہاں پر خالی جگہ چھوڑ دی ہے کیونکہ یہ بنیادی یوزر کے لئے کوئی خاص کام کی چیز نہیں۔ دراصل یہاں پر Post via e-mail ہے۔ جیسا کہ نام سے ظاہر ہے یہ سیٹنگ اس وقت کی جاتی ہے جب کوئی پوسٹ ای میل کے ذریعے لکھنی اور شائع کرنی ہو۔ اس میں ہوتا یہ ہے کہ ایک ایسا ای میل ایڈریس بنایا جاتا ہے جسے POP3 کی سہولت میسر ہو۔ پھر اس ای میل ایڈریس کی دیگر تفصیل بھی درج کر دی جاتی ہے۔ جب بھی کسی دوسرے ای میل ایڈریس سے اس POP3 کی سہولت والے ای میل ایڈریس پر کوئی ای میل موصول ہوتی ہے تو ساتھ ہی وہ ای میل پوسٹ کی صورت میں شائع ہو جاتی ہے۔ اس POP3 کی سہولت والا ای میل ایڈریس کسی کو بتایا بھی نہیں جاتا کیونکہ اگر کسی کو پتہ چل جائے تو وہ بھی ای میل بھیج دے گا اور یوں پوسٹ شائع ہو جائے گی۔

5:- کچھ ویب سائیٹ یا بلاگ ایگریگیٹر جیسے اردو سیارہ (www.urduweb.org/planet) وغیرہ بلاگ کی تازہ تحریر کو بذریعہ آر ایس ایس فیڈ کے پڑھتے ہیں۔ آر ایس ایس فیڈ کا سسٹم ورڈپریس میں پہلے سے ہی چل رہا ہوتا ہے لیکن کچھ ایسی ویب سائیٹ بھی ہوتی ہیں جو کسی دوسرے پروٹوکول کے ذریعے تازہ تحریر کو پڑھتی ہیں۔ دوسرے پروٹوکول میں Atom Publishing Protocol اور XML-RPC شامل ہیں۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ جو ویب سائیٹ ان دونوں کے ذریعے تازہ تحریر پڑھتی ہے وہ بھی آپ کے بلاگ کی تازہ تحریر پڑھ کر اپنی ویب سائیٹ میں شامل کر لیں تو پھر ان دونوں پروٹوکول کے چیک باکس کو منتخب کر دیں۔


6:- ورڈپریس بلاگ میں ایک ایسا سسٹم ہے جس کے ذریعے وہ خود مختلف ویب سائیٹ کو تازہ تحریر کی اطلاع دیتا ہے۔ اس سسٹم کے ذریعے دوسری ویب سائیٹ کو تازہ تحریر کی اطلاع دینے کو Ping بولتے ہیں۔ Ping کا فائدہ یہ ہوتا ہے کہ آپ کی تحریر کئی مختلف ویب سائیٹ تک پہنچ جاتی ہے اور مختلف سرچ انجن میں آپ کی تحریر آسانی سے شامل ہو جاتی ہے۔ ورڈپریس کی انسٹالیشن کے ساتھ ہی ایک ویب سائیٹ "http://rpc.pingomatic.com" اس میں شامل ہو جاتی ہے۔ اگر آپ مزید ایسی ویب سائیٹ شامل کرنا چاہیں تو Update Services کے ٹیکسٹ ایریا میں مزید ویب سائیٹ شامل کر سکتے ہیں۔ ہر نئی لائن پر ایک ویب سائیٹ شامل کرتے جائیں۔ نئی لائن ہونے کی وجہ سے ورڈپریس کو یہ پتہ چل جاتا ہے کہ یہ کوئی دوسری ویب سائیٹ ہے۔ ایسی ویب سائیٹ کی فہرست دیکھنے کے لئے Update Services کے لنک پر کلک کریں۔

اگر آپ اکثر پوسٹ لکھنے کے بعد اسے کئی کئی مرتبہ اپڈیٹ کرتے ہیں تو پھر Update Services میں زیادہ ویب سائیٹ نہ لکھیں کیونکہ اس طرح بار بار پوسٹ اپڈیٹ کرنے کی وجہ سے دیگر ویب سائیٹ آپ کو سپیم بھی سمجھ سکتی ہیں اور پھر آپ کے بلاگ کو سپیم میں شامل کر دیا جاتا ہے۔ جس سے فائدہ ہونے کی بجائے نقصان ہوتا ہے۔

جب بھی کوئی تبدیلی کریں گے۔ وہ تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک سب سے نیچے نظر آنے والے Save Changes کے بٹن پر کلک نہیں کریں گے۔ اس لئے جب بھی کوئی تبدیلی کر کے محفوظ کرنا چاہیں تو Save Changes کا بٹن ضرور دبائیں۔

## ورڈپریس بلاگ - پڑھنے کی ترتیبات (Reading Settings)

Reading Settings بلاگ کی پڑھنے کی سیٹنگز کے متعلق ہے۔ Reading Settings کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Settings کی ذیلی فہرست میں سے Reading کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا جیسا کہ تصویر میں نظر آرہا ہے۔ تصویر میں ہر سیٹنگ کو ایک نمبر دیا گیا ہے اور پھر اسی حساب سے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔




1:- جب کوئی بلاگ کھولے تو سب سے پہلے صفحہ کیا نظر آئے اس کے لئے Front page displays کو ترتیب دیا جاتا ہے۔ Front page displays کی سیٹنگ دو طرح کی ہوتی ہے۔ ایک جو عام طور پر ہوتی ہے یعنی بلاگ پر لکھی گئی تازہ ترین پوسٹ پہلے صفحہ پر نظر آرہی ہوتی ہیں۔ اگر اسے تبدیل کرنا ہو تو A static page کے ریڈیو بٹن منتخب کیا جاتا ہے۔ اس میں ہوتا یہ ہے کہ اگر بلاگ کے پہلے صفحہ پر تازہ ترین پوسٹ دکھانے کی بجائے کوئی اور صفحہ دیکھانا ہو تو Front page والی فہرست میں سے اس صفحہ کو منتخب کر دیا جاتا ہے۔ یوں بلاگ کے پہلے صفحہ پر تازہ ترین پوسٹ کی بجائے وہ صفحہ جو منتخب کیا ہوتا ہے وہ نظر آنا شروع ہو جاتا ہے۔

صفحہ بنانے کے لئے بائیں سائیڈ بار میں Pages کی ذیلی فہرست میں Add New کے لنک پر کلک کیا جاتا ہے۔

اس کے علاوہ A static page کی دوسری آپشن Posts page ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ کوئی بھی صفحہ منتخب کر لیں اور پھر جب اس صفحہ کے لنک پر کلک کیا جائے گا تو اس صفحہ کی تحریر کی بجائے تازہ ترین پوسٹ نظر آنا شروع ہو جائیں گی۔

2:- بلاگ کے کسی بھی صفحہ پر جتنی تعداد میں پوسٹ دیکھانی ہوں ان کی تعداد یہاں درج کی جاتی ہے۔

3:- جب کوئی آر ایس ایس فیڈ وغیرہ کے ذریعے تازہ ترین تحریر دیکھنا چاہے تو اسے کتنی تعداد میں تحریر نظر آئیں اس تعداد کا تعین یہاں کیا جاتا ہے۔


4:- آر ایس ایس فیڈ وغیرہ کے ذریعے جب کوئی بلاگ پڑھے تو اسے پوسٹ مکمل نظر آنی چاہئے یا پھر پوسٹ کا ابتدائیہ / خلاصہ۔ اس بات کا تعین یہاں کیا جاتا ہے۔ Full text کا مطلب ہے کہ مکمل پوسٹ نظر آئے اور Summary کا مطلب ہے کہ خلاصہ نظر آئے۔

5:- بلاگ کا اینکوڈنگ سسٹم بہت اہمیت رکھتا ہے۔ خاص طور پر اردو بلاگ کے لئے۔ اردو بلاگ میں یہاں پر UTF-8 اینکوڈنگ سسٹم دیا جاتا ہے۔ عام طور پر ورڈپریس انسٹال کرتے ہوئے اینکوڈنگ سسٹم UTF-8 ہی ہوتا ہے۔ اگر بلاگ پر تحریر ٹھیک طرح سے نہ پڑھی جا رہی ہو یعنی اردو تحریر کی بجائے کوئی اور ہی زبان نظر آرہی ہو تو پھر جہاں کئی اور وجوہات کی بنا پر ایسا ہو رہا ہوتا ہے وہیں پر ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ یہاں پر UTF-8 اینکوڈنگ سسٹم کی بجائے کچھ اور ہو۔

جب بھی کوئی تبدیلی کریں گے۔ وہ تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک سب سے نیچے نظر آنے والے Save Changes کے بٹن پر کلک نہیں کریں گے۔ اس لئے جب بھی کوئی تبدیلی کر کے محفوظ کرنا چاہیں تو Save Changes کا بٹن ضرور دبائیں۔

## ورڈپریس بلاگ-مباحثہ کی ترتیبات (Discussion Settings)

Discussion Settings بلاگ پر کمنٹ کی سیٹنگز کے متعلق ہے۔ یہاں ہی ترتیب دیا جاتا ہے کہ کون کون کمنٹ کر سکتا ہے اور کون نہیں۔ Discussion Settings کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Settings کی ذیلی فہرست میں سے Discussion کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا جیسا کہ تصویر میں نظر آرہا ہے۔ تصویر میں ہر سیٹنگ کو ایک نمبر دیا گیا ہے اور پھر اسی حساب سے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔




### 1:- Default article settings

Attempt to notify any blogs linked to from the article کی تفصیل یہ ہے کہ اگر آپ اپنی کسی تحریر میں کسی دوسرے بلاگ کا کوئی لنک دیتے ہیں اور یہاں یہ چیک باکس منتخب کیا ہو گا تو پھر تحریر کے شائع ہونے کے ساتھ ہی اس دوسرے بلاگ کو اطلاع مل جائے گی کہ آپ نے اپنی فلاں تحریر میں اس کے بلاگ کا لنک دیا ہے۔ ایسا اسی صورت میں ہو گا جب دوسرے بلاگ والے نے اطلاع موصول ہونے کی اجازت دے رکھی ہو گی۔

Allow link notifications from other blogs (pingbacks and trackbacks) سے مراد یہ ہے کہ جب کوئی دوسرا بلاگ اپنی کسی تحریر میں آپ کے بلاگ کی تحریر کا لنک دے گا تو اس کی طرف سے لنک دینے کی اطلاع آپ کو موصول ہو یا نہ ہو۔ اس چیک باکس کو منتخب کرنے کا مطلب ہے کہ آپ اطلاع موصول ہونے کی اجازت دے رہے ہیں۔

Allow people to post comments on new articles کا مطلب ہے کہ آپ لوگوں کو اپنی تحاریر پر کمنٹ کرنے کی اجازت دے رہے ہیں یا نہیں۔ اگر اس چیک باکس کو منتخب کریں گے تو لوگوں کو کمنٹ کرنے کی اجازت ہو گی۔

جب کوئی پوسٹ لکھتے ہوئے اس کی علیحدہ سے کوئی سیٹنگ کر دی جائے تو پھر ان میں سے کوئی ایک، دو یا تینوں آپشن مختلف کردار بھی ادا کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر آپ یہاں لوگوں کو تحاریر پر کمنٹ کرنے کی اجازت دیتے ہیں لیکن کوئی پوسٹ شائع کرتے ہوئے خاص اس پوسٹ پر کمنٹ کرنے کی اجازت ختم کر دیتے ہیں تو پھر یہ آپشن باقی تمام پوسٹس پر تو کمنٹ کی اجازت دے گی لیکن اس خاص پوسٹ پر کمنٹ کی اجازت نہیں ہو گی۔

### 2:- Other comment settings

Comment author must fill out name and e-mail اگر چاہتے ہیں کہ بلاگ پر کمنٹ کرنے والا اپنا نام اور ای میل ضرور درج کرے تو پھر اس چیک باکس کو منتخب کر دیں۔

Users must be registered and logged in to comment عام طور پر ہر کوئی بلاگ پر کمنٹ کر سکتا ہے لیکن اگر یہ سہولت بند کرنی ہو اور صرف بلاگ کے رجسٹرڈ یوزر ہی کمنٹ کر سکیں تو پھر اس چیک باکس کو منتخب کر دیں۔

Automatically close comments on articles older than اگر چاہتے ہیں کہ جب پوسٹ شائع کی جائے تو اس کے کچھ دنوں بعد اس پوسٹ پر کوئی کمنٹ نہ کر سکے تو پھر اس چیک باکس کو منتخب کریں اور جتنے دن بعد کمنٹ بند کرنا چاہتے ہیں اتنے دنوں کی تعداد بھی ساتھ درج کریں۔

Enable threaded (nested) comments کسی کمنٹ کا جواب دیا جا سکے اس کی اجازت دینے کے لئے اس چیک باکس کو منتخب کریں اور پھر کتنی تعداد میں ایک کمنٹ کا جواب اور پھر اس جواب میں لکھے ہوئے کمنٹ کا جواب اور پھر جواب کے جواب میں لکھا ہوا جواب۔ اس طرح یہ سلسلہ کس تعداد تک جاری رہے اس کی تعداد فہرست میں سے منتخب کریں۔

Break comments into pages کا مطلب ہے کہ اگر کسی تحریر پر بہت زیادہ کمنٹس ہو جائیں تو پھر ان کمنٹس کو صفحات میں تبدیل کر دیا جائے اور ساتھ میں کچھ ترتیبات ایسی ہیں کہ ایک صفحہ پر کتنے کمنٹ ہوں اور پھر جب کوئی زیادہ کمنٹس والی تحریر کھولے تو تحریر کے ساتھ کمنٹس کا آخری صفحہ نظر آئے یا پھر پہلا۔ یاد رہے جو کمنٹس والا صفحہ نظر آئے گا وہ تو آئے گا ہی لیکن ساتھ میں باقی کمنٹس والے صفحات کے لنکس بھی آ جائیں گے۔

Comments should be displayed with the والی فہرست میں سے older منتخب کرنے سے تحریر کے نیچے کمنٹس اس ترتیب سے نظر آئیں گے کہ سب سے پرانے/پہلا کیا ہوا کمنٹ اوپر ہو گا اور باقی کمنٹ اسی ترتیب سے نیچے ہوں گے۔ اس کے علاوہ اگر newer منتخب کیا جائے تو سب سے نیا/آخری کمنٹ اوپر ہو گا اور باقی اسی ترتیب سے نیچے ہوں گے۔

### 3:- E-mail me whenever

کسی تحریر پر کمنٹ ہونے کی اطلاع بذریعہ ای میل موصول کرنے کی سیٹنگز یہاں سے کی جاتی ہے۔

Anyone posts a comment کا مطلب ہے کہ جب بھی کوئی کمنٹ کرے گا تو بلاگ کے مالک کو اس کی اطلاع بذریعہ ای میل موصول ہو جائے گی۔

A comment is held for moderation سے مراد یہ ہے کہ جب کوئی کمنٹ بلاگ کے مالک کی اجازت کے لئے رکا ہو گا اور بلاگ پر ظاہر نہیں ہو رہا ہو گا تو اس کی اطلاع بذریعہ ای میل موصول ہو گی۔

بعض ویب سائیٹ ہوسٹنگ والے ای میل کی اجازت نہیں دیتے تو یوں یہ فنکشن کام نہیں کرتا۔

### 4:- Before a comment appears

کمنٹ تو ہو جائے لیکن بلاگ پر ظاہر ہو یا نہ ہو اور اگر ظاہر ہو تو کب ہو اس کی سیٹنگ یہاں سے کی جاتی ہے۔

An administrator must always approve the comment کا چیک باکس اگر منتخب ہو گا تو پھر ہر کمنٹ بلاگ کے مالک کی اجازت کے لئے تب تک رکا رہے گا جب تک بلاگ کا مالک کمنٹ بلاگ پر ظاہر ہونے کی اجازت نہ دے دے۔

Comment author must have a previously approved comment سے مراد یہ ہے کہ اگر کوئی ایسا بندہ کمنٹ کرتا ہے جس نے پہلے بھی کوئی کمنٹ کیا ہوا اور بلاگ کے مالک نے اس کا کمنٹ بلاگ پر ظاہر ہونے کی اجازت دے دی ہو تو پھر اس کا ہر نیا کمنٹ اجازت کے لئے نہیں رکے گا بلکہ خود بخود بلاگ پر ظاہر ہو جائے گا۔

### 5:- Comment Moderation

اگر کسی کمنٹ میں لنک شامل ہیں تو پھر کتنی تعداد میں لنک ہوں تو وہ کمنٹ اجازت کے لئے رکا رہے۔ اس کی تعداد Hold a comment in the queue کے ساتھ والے ٹیکسٹ باکس میں درج کر دیں۔

اس کے علاوہ اگر چاہتے ہیں کہ کسی کمنٹ، کمنٹ کرنے والے کے نام، ای میل یا ویب سائیٹ ایڈریس میں کوئی خاص لفظ ہو اور ایسے خاص لفظ والا کمنٹ بھی اجازت کے لئے رکا رہے تو پھر ایسے تمام الفاظ یا آئی پی یہاں پر ٹیکسٹ ایریا میں لکھ دیں۔ ہر لفظ نئی لائن پر لکھیں۔ اس سے ورڈپریس کو پتہ چل جائے گا کہ کون کون سا لفظ علیحدہ علیحدہ چیک کرنا ہے۔ اگر ایک ہی لائن میں سارے الفاظ لکھ دیں گے تو پھر وہ ان کو الفاظ کی بجائے فقرہ سمجھ لے گا اور پھر ایسے فقرے والے کمنٹ کو ہی روکے گا۔

### 6:- Comment Blacklist

اگر چاہتے ہیں کہ کسی کمنٹ، کمنٹ کرنے والے کے نام، ای میل یا ویب سائیٹ ایڈریس میں کوئی خاص لفظ ہو اور ایسے خاص لفظ والا کمنٹ فضول کمنٹ کے زمرہ میں چلا جائے تو پھر ایسے تمام الفاظ یا آئی پی یہاں پر ٹیکسٹ ایریا میں لکھ دیں۔ ہر لفظ یا آئی پی نئی لائن پر لکھیں۔

### 7:- Avatars

بلاگ اور کئی دوسری ویب سائیٹ پر اکثر لوگوں کے نام کے ساتھ کوئی نہ کوئی خاص تصویر ہوتی ہے۔ ایسی تصویر کو اوتار (Avatar) کہتے ہیں۔ اوتار کی سیٹنگ یہاں سے کی جاتی ہے۔ سب سے پہلے تو کمنٹ کرنے والا کا اوتار دیکھانا چاہتے ہیں یا نہیں اس کے لئے Avatar Display کے ریڈیو بٹن میں سے کوئی ایک منتخب کریں۔

اس کے علاوہ جب لوگ گراویٹر (www.gravatar.com) کی ویب سائیٹ پر اپنا اوتار لگاتے ہیں تو وہاں پر Rating دیتے ہیں۔ بلاگ پر کس Rating کے اوتار نظر آئیں ان کا انتخاب یہاں سے کیا جاتا ہے۔ عام طور پر لوگ G ریٹنگ دیتے ہیں اس لئے یہاں پر بھی G ریٹنگ ہی منتخب کی جاتی ہے تا کہ ہر G ریٹنگ والے کا اوتار بلاگ پر نظر آئے۔


### 8:- Default Avatar

آپ بلاگ پر لوگوں کا اوتار دیکھانے کی اجازت تو دے رہے ہیں لیکن اگر کسی نے اپنا اوتار سیٹ نہ کیا ہو تو اس کے اوتار کی جگہ کیا نظر آئے اس کا انتخاب یہاں سے کیا جاتا ہے۔

جب بھی کوئی تبدیلی کریں گے۔ وہ تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک سب سے نیچے نظر آنے والے Save Changes کے بٹن پر کلک نہیں کریں گے۔ اس لئے جب بھی کوئی تبدیلی کر کے محفوظ کرنا چاہیں تو Save Changes کا بٹن ضرور دبائیں۔

## ورڈپریس بلاگ -میڈیا کی ترتیبات (Media Settings)

کسی پوسٹ میں تصویر اور ویڈیو وغیرہ شامل کرنے اور فائل کس فولڈر میں اپلوڈ ہو کی ترتیب Media Settings سے کی جاتی ہے۔ Media Settings کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Settings کی ذیلی فہرست میں سے Media کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا جیسا کہ تصویر میں نظر آرہا ہے۔ تصویر میں ہر سیٹنگ کو ایک نمبر دیا گیا ہے اور پھر اسی حساب سے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔




### 1:- Image sizes

جب کسی پوسٹ میں تصویر شامل کرنے کے لئے تصویر اپلوڈ کرتے ہیں یا پھر Media Library میں سے تصویر منتخب کرتے ہیں تو جو نئی ونڈو سامنے آتی ہے اس میں Insert into Post کے بٹن کے ساتھ Thumbnail، Medium اور Large کے ریڈیو بٹن ہوتے ہیں اور ساتھ میں ہر ایک کا سائز (چوڑائی ضرب اونچائی) لکھا ہوتا ہے۔ وہ سائز یہیں سے ترتیب دیئے جاتے ہیں کہ کس کا سائز کیا رکھنا ہے۔ دراصل یہ سہولت کے لئے ہوتا ہے کہ بلاگ کے تھیم کے مطابق سائز درج کر دیا جائے اور جب بھی پوسٹ میں کوئی تصویر شامل کرنی ہو تو خود سے سائز درج نہ کرنا پڑیں بلکہ پہلے سے درج کردہ تین سائزوں میں سے کوئی ایک منتخب کر لیا جائے۔

### 2:- Embeds

اگر چاہتے ہیں کہ یوٹیوب وغیرہ کی ویڈیو یا فلکر وغیرہ کی تصویر کا صرف یو آر ایل پوسٹ میں لکھا جائے اور باقی کام خود بخود ہو جائے یعنی ویڈیو یا تصویر خود بخود شامل ہو جائے اور بلاگ پر یو آر ایل کی بجائے ویڈیو یا تصویر نظر آئے تو Auto-embeds کے چیک باکس کو منتخب کر دیں اور ساتھ میں اپنے بلاگ تھیم کے مطابق چوڑائی اور اونچائی Maximum embed size میں درج کر دیں۔

### 3:- Uploading Files


عام طور پر جب کوئی تصویر یا دیگر کوئی فائل بلاگ پر اپلوڈ کی جاتی ہے تو وہ بلاگ کے wp-content/uploads کے فولڈر میں اپلوڈ ہوتی ہے۔ اگر کسی اور فولڈر میں محفوظ کرنا چاہتے ہیں تو اس فولڈر کا ایڈریس Store uploads in this folder میں درج کر دیں۔

جب بھی کوئی تبدیلی کریں گے۔ وہ تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک سب سے نیچے نظر آنے والے Save Changes کے بٹن پر کلک نہیں کریں گے۔ اس لئے جب بھی کوئی تبدیلی کر کے محفوظ کرنا چاہیں تو Save Changes کا بٹن ضرور دبائیں۔

## وورڈپریس بلاگ-پرمالنک کی ترتیبات (Permalink Settings)

ورڈپریس بلاگ پر ہر پوسٹ، کیٹیگری اور ٹیگ وغیرہ کے یو آر ایل ورڈپریس خود بخود بناتا ہے۔ عام طور پر خود بخود بننے والے پوسٹ کے یو آر ایل میں سب سے پہلے بلاگ کا ایڈریس پھر سوالیہ نشان، پھر p= لکھا ہوتا ہے اور پھر پوسٹ کا آئی ڈی ہوتا ہے۔ پوسٹ کا آئی ڈی ایک خاص ترتیب سے ورڈپریس خود بناتا ہے۔

کسی پوسٹ، کیٹیگری اور ٹیگ وغیرہ کا یو آر ایل بننے کا طریقہ ہم خود اپنی مرضی کا بھی بنا سکتے ہیں۔ چند ایک بنے بنائے یو آر ایل کے طریقے ورڈپریس میں پہلے سے موجود ہوتے ہیں۔ ورڈپریس کے بننے بنائے یو آر ایل کے طریقے منتخب کرنے یا خود اپنی مرضی کا طریقہ بنانے کے لئے Permalink کی ترتیب کی جاتی ہے۔ Permalink Settings کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Settings کی ذیلی فہرست میں سے Permalink کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا جیسا کہ تصویر میں نظر آ رہا ہے۔ تصویر میں ہر پرمالنک کے طریقے کو ایک نمبر دیا گیا ہے اور پھر اسی حساب سے اس کی وضاحت کی گئی ہے۔




1:- Default

یہ وہ طریقہ ہے جو پہلے بیان کیا گیا ہے اور یہ ورڈپریس کی انسٹالیشن کے ساتھ ہی لاگو ہو جاتا ہے۔ اس طریقے سے بننے والے پوسٹ کے یو آر ایل میں سب سے پہلے بلاگ کا ایڈریس پھر سوالیہ نشان، پھر p= لکھا ہوتا ہے اور پھر پوسٹ کا آئی ڈی ہوتا ہے۔

2:- Day and name

اس طریقے کو منتخب کرنے سے پوسٹ کے یو آر ایل میں سب سے پہلے بلاگ کا ایڈریس پھر جس تاریخ کو پوسٹ شائع ہوئی وہ والی مکمل تاریخ اور آخر پر پوسٹ کا عنوان ہوتا ہے۔

3:- Month and name

اس طریقے کو منتخب کرنے سے بلاگ کے ایڈریس کے بعد جس سال میں پوسٹ شائع ہوئی وہ، پھر جس مہینے میں شائع ہوئی اور آخر پر پوسٹ کا عنوان ہوتا ہے۔

4:- Numeric

اس طریقے کو منتخب کرنے سے پوسٹ کا یو آر ایل کچھ اس طرح سے بنتا ہے کہ سب سے پہلے بلاگ کا ایڈریس پھر لفظ "archives" اور آخر پر بلاگ کا آئی ڈی ہوتا ہے۔

5:- Custom Structure

اس میں خود سے یو آر ایل بنانے کا طریقہ درج کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر ہم ایک طریقہ بناتے ہیں جس کے نتیجہ میں پوسٹ کا یو آر ایل کچھ اس طرح بنے گا۔

myblog.com/myword/2011/06/30/post-title

سب سے پہلے یہ بات یاد رکھیں کہ کوڈ کے شروع میں "/" لگاتے ہیں پھر ہر چیز جو یو آر ایل میں شامل کرنی ہوتی ہے اس کے کوڈ کے بعد "/" لگاتے ہیں۔ اب کوڈ تیار کرتے ہیں۔

بلاگ کا ایڈریس تو خود بخود شامل ہو جائے گا اس لئے myblog.com کو چھوڑ کر باقی حصے کا کوڈ تیار کرنا ہے۔ بلاگ کے ایڈریس کے بعد ایک لفظ "myword" شامل کیا ہے تو اس کا کوڈ "myword" ہی ہو گا کیونکہ یہ ایک لفظ ہے تو اس لئے اسے ویسے کا ویسا لکھ دیں گے۔ اس کے بعد سال لکھا ہے تو سال کا کوڈ "%year%" ہے۔ اس کے بعد مہینے کا کوڈ "%monthnum%" ہے اور دن کا کوڈ "%day%"۔ آخر پر پوسٹ کا عنوان شامل کرنا ہے تو اس کا کوڈ "%postname%" ہے۔ یوں سارے کوڈ ملا کر اور / لگا کر سارا کوڈ کچھ یوں بنے گا

/myword/%year%/%monthnum%/%day%/%postname%/

6:- Optional

اگر سب سے پہلے طریقے یعنی Default کی بجائے کوئی اور طریقہ منتخب کرتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ کیٹیگری کا یو آر ایل کچھ اس بنے کہ پہلے بلاگ کا ایڈریس پھر کوئی اپنی مرضی کا لفظ اور پھر کیٹیگری کا عنوان ہو تو Category base میں وہ اپنی مرضی کا لفظ لکھ دیں جو آپ کیٹیگری کے یو آر ایل میں شامل کرنا چاہتے ہیں اور اسی طرح ٹیگ کے یو آر ایل میں اپنی مرضی کا لفظ شامل کرنے کے لئے Tag base میں وہ لفظ لکھ دیں۔ فرض کریں Category base میں mycat لکھتے ہیں اور Tag base میں mytag لکھتے ہیں تو کیٹیگری اور ٹیگ کے یو آر ایل کچھ اس طرح ہوں گے۔

کیٹیگری کا یو آر ایل

myblog.com/mycat/category-title

ٹیگ کا یو آر ایل

myblog.com/mytag/tag-title


جب بھی کوئی تبدیلی کریں گے۔ وہ تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک سب سے نیچے نظر آنے والے Save Changes کے بٹن پر کلک نہیں کریں گے۔ اس لئے جب بھی کوئی تبدیلی کر کے محفوظ کرنا چاہیں تو Save Changes کا بٹن ضرور دبائیں۔

# ورڈپریس بلاگ—بیک اپ، ریسٹور اور منتقلی (Import and Export)

جس طرح کمپیوٹر کا بیک اپ بنایا جاتا ہے تاکہ کسی خرابی کی صورت میں مواد محفوظ رہے اور پھر خرابی درست کر کے بیک اپ کو ریسٹور کر لیا جائے۔ ایسے ہی وقتاً فوقتاً ویب سائیٹ کا بیک اپ بھی بنایا جاتا ہے تاکہ کسی خرابی کی صورت میں ریسٹور کیا جاسکے اور مواد ضائع نہ ہو۔ اس کے علاوہ ویب سائیٹ کا مواد ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرنے کے لئے بیک اپ بناتے ہیں اور پھر دوسری / نئی جگہ پر ریسٹور کر لیتے ہیں۔ کمپیوٹر کی دنیا میں بیک اپ بنانے کو بہت اہمیت دی جاتی ہے کیونکہ پتہ نہیں کس وقت کیا ہو جائے اور کونسی کمپیوٹر مشین کہاں جواب دے جائے۔ اس لئے اس خطرے کو مدِ نظر رکھتے ہوئے بیک اپ بنانے کی عادت اپنائیں۔ کم از کم بلاگ کا بیک اپ وقتاً فوقتاً ضرور بنائیں۔ میری عادت ہے کہ میں وقتاً فوقتاً بیک اپ بناتا رہتا ہوں اس کے علاوہ جب بھی کوئی نئی پوسٹ لکھتا ہوں تو پوسٹ شائع کرنے کے بعد ایک دفعہ بیک اپ ضرور بناتا ہوں۔

## ورڈپریس بلاگ کا بیک اپ بنانا

ورڈپریس بلاگ کے ایڈمن پینل میں بیک اپ بنانے اور ریسٹور کرنے کی سہولت ہوتی ہے۔ جس سے تمام پوسٹس، صفحات، کیٹیگری، ٹیگ اور کمنٹس کا بیک اپ بنایا جا سکتا ہے اور بوقت ضرورت ریسٹور کیا جاسکتا ہے۔ بلاگ کا بیک اپ بنانے کے لئے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہوں اور بائیں سائیڈ بار میں Tools کی ذیلی فہرست میں Export کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا۔





یہاں Choose what to export کے تین ریڈیو بٹن ہوں گے۔ ان تینوں میں سے کوئی ایک منتخب کیا جاتا ہے۔ All content کا مطلب ہے کہ تمام پوسٹس، صفحات اور کمنٹس وغیرہ کا بیک اپ بنے۔ Post ریڈیو بٹن کا مطلب ہے کہ صرف پوسٹس کا بیک اب بنے اور اسی Pages کا ریڈیو بٹن منتخب کرنے سے صرف صفحات کا بیک اپ بنے گا۔ عام طور پر بیک اپ بنانے کے لئے All content کو ہی منتخب کیا جاتا ہے لیکن اگر صرف پوسٹ یا صفحات کا بیک اپ لینا چاہیں تو Posts یا Pages کا ریڈیو بٹن منتخب کر سکتے ہیں۔ Posts یا Pages کے ریڈیو بٹن کو منتخب کرنے سے ساتھ میں مزید کچھ تفصیلات آ جاتی ہیں۔ ان تفصیلات میں سب سے پہلے Categories ہوتی ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اگر صرف کسی خاص کیٹیگری کی پوسٹس کا بیک اپ لینا چاہیں تو اس کیٹیگری کو فہرست میں سے منتخب کر لیں۔ ایسے ہی کسی خاص یوزر کی پوسٹس کے لئے Author والی فہرست میں سے یوزر منتخب کر لیں۔ اس علاوہ کسی خاص تاریخ سے کسی دوسری تاریخ کے درمیان والی پوسٹس کا بیک اپ لینے کے لئے Date range منتخب کریں اور اگر کسی خاص قسم کی پوسٹ کا بیک اپ لینا چاہیں جیسے شائع شدہ یا غیر شائع شدہ وغیرہ تو اس کے لئے Status کی فہرست میں سے اپنی ضرورت کی پوسٹ کی قسم منتخب کر لیں۔


All content، Posts یا Pages تینوں میں سے کوئی ایک ریڈیو بٹن منتخب کرنے کے بعد Download Export File کا بٹن دبا دیں۔ یوں بیک اپ کی ایک ایکس ایم ایل (XML) فائل کمپیوٹر میں محفوظ ہو جائے گی۔ کئی ویب براؤزر میں فائل ڈاؤن لوڈ ہونے سے پہلے اجازت مانگتی ہے یا پھر کہاں محفوظ ہو یہ پوچھتی ہے۔ اپنے براؤزر کے مطابق فائل ڈاؤن لوڈ ہونے کا عمل مکمل کریں۔ بیک اپ فائل کمپیوٹر میں محفوظ ہو چکی ہے۔ بوقت ضرورت اسے ریسٹور کر سکتے ہیں۔

## ورڈپریس بلاگ کا بیک اپ ریسٹور کرنا اور کسی دوسری بلاگنگ سروس سے مواد ورڈپریس بلاگ پر منتقل کرنا

ورڈپریس بلاگ کے پہلے سے بنے ہوئے بیک اپ کی ایکس ایم ایل فائل کو ریسٹور کرنے یا کسی بلاگنگ سروس سے اپنے بلاگ کو ورڈپریس پر منتقل کرنے کے لئے ورڈپریس بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہوں اور بائیں سائیڈ بار میں Tools کی ذیلی فہرست میں سے Import کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا۔ یہاں پر ان تمام بلاگنگ سروس کے نام ہوں گے جن سے مواد ورڈپریس پر منتقل کیا جا سکتا ہے۔ ورڈپریس بلاگ کے اپنے بیک اپ کی ایکس ایم ایل فائل ریسٹور کرنے یا کسی دوسری سروس سے مواد منتقل کرنے کے لئے متعلقہ پلگ ان کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر متعلقہ پلگ ان پہلے سے انسٹال اور چل رہا ہو تو اس سروس کے ساتھ Import لکھا ہو گا یعنی مواد منتقل کرنے کے بارے میں لکھا ہو گا اور اگر پلگ ان انسٹال نہ ہو یا چل نہ رہا ہو تو Install لکھا ہو گا۔ جیسا کہ نیچے والی تصویر میں نیلے رنگ سے ظاہر کیا گیا ہے۔




اب یہاں پر صرف Blogger سے مواد منتقل کرنے والا پلگ ان انسٹال ہے اور چل رہا ہے لیکن باقی کسی بھی سروس کا پلگ ان انسٹال نہیں اور نہ ہی WordPress کی ایکس ایم ایل فائل کو ریسٹور کرنے والا پلگ ان انسٹال ہے۔ متعلقہ پلگ ان انسٹال کرنے کے لئے اس سروس کے لنک پر کلک کریں۔ ورڈپریس خود بخود اس پلگ ان تک لے جائے گا۔ پلگ ان ایک نئی ونڈو میں کھلے گا۔ Install Now کے لنک پر کلک کرنے سے پلگ ان انسٹال ہو جائے گا اور نیا صفحہ کھلے گا جہاں پر پلگ ان کا میابی سے انسٹال ہونے کا پیغام ہو گا (اگر پلگ ان انسٹال نہ ہو رہا ہو تو اس کی تفصیل اسی تحریر کے آخر پر دیکھیں)۔ اب Activate Plugin & Run Importer کے لنک پر کلک کریں۔



اب نیا صفحہ کھلے گا۔ اگر کسی سروس سے ورڈپریس پر منتقل ہو رہے ہیں تو اس سروس کی ضروری معلومات درج کرتے جائیں۔ فرض کریں آپ بلاگر سے ورڈپریس پر منتقل ہو رہے ہیں تو ورڈپریس آپ کو بلاگر کی ویب سائیٹ پر لے جائے گا تاکہ بلاگر اپنا مواد منتقل کرنے کی اجازت ورڈپریس کو دے دے۔ اس لئے بلاگر کے متعلق جو معلومات پوچھی جائیں وہ درج کرتے جائیں۔ یوں کئی ایک آسان مراحل کے بعد آپ کا مواد ورڈپریس پر منتقل ہو جائے گا۔ اسی سے ملتا جلتا کام ہی باقی سروسز سے ورڈپریس پر منتقل ہوتے ہوئے ہو گا۔ اور اگر ورڈپریس کے ہی بیک اپ کی ایکس ایم ایل فائل کو ریسٹور کر رہے ہیں تو Activate Plugin & Run Importer پر کلک کرنے کے بعد جو نیا صفحہ کھلے گا وہاں پر Browse کر کے کمپیوٹر سے محفوظ شدہ بیک اپ کی ایکس ایم ایل فائل منتخب کریں اور پھر Upload file and import کا بٹن دبا دیں۔




نیا صفحہ کھلے گا۔ یہاں جو ایکس ایم ایل فائل امپورٹ کر رہے ہیں اس میں موجود پوسٹس کے جو لکھنے والے (Authors) ہیں ان کے بارے میں تفصیل پوچھی جائے گی یعنی جس ورڈپریس بلاگ کا بیک اپ ایکس ایم ایل فائل کی صورت میں بنایا گیا تھا اس بلاگ کے یوزر جنہوں نے پوسٹس لکھی تھیں تو ان کی پوسٹس کیا ان کے نام سے ہی یہاں موجود رہیں یا پھر کچھ اور۔ اس میں تین کاموں کے اختیار ہوں گے۔




1:- Import author کے ساتھ وہ یوزر نیم ہو گا جو امپورٹ ہونے والی فائل میں پوسٹس کا یوزر ہے ساتھ ہی بریکٹس میں وہ نام ہو گا جس نام سے ورڈپریس نیا یوزر بنانے والا ہے۔ اگر یہاں ایسے ہی رہنے دیا جائے اور کوئی تبدیلی کیے بغیر Submit کا بٹن دبا دیا جائے تو ورڈپریس

سارا مواد امپورٹ کرنے کے ساتھ بریکٹس میں موجود نام کا ایک نیا یوزر بھی بنا دے گا۔ اگر بریکٹس میں admin ہو تو پھر اس نام کا یوزر تو پہلے ہی ہوتا ہے اس لئے وہ ساری پوسٹس admin کے نام منتقل کر دے گا۔

2:- اگر چاہتے ہیں کہ ورڈپریس امپورٹ ہونے والی فائل کی پوسٹس کے لئے نیا یوزر آپ کی مرضی کے مطابق بنائے تو پھر create new user with login name میں اپنی مرضی کا یوزر نیم لکھ دیں اور Submit کا بٹن دبا دیں۔

3:- اگر امپورٹ ہونے والی فائل کی پوسٹس پہلے سے بنے ہوئے یوزر کے نام منتقل کرنا چاہتے ہیں تو assign posts to an existing user والی فہرست میں پہلے سے بنے ہوئے یوزر کو منتخب کریں اور Submit کا بٹن دبا دیں۔

یاد رہے امپورٹ ہونے والی فائل میں موجود پوسٹس کے اگر ایک سے زیادہ لکھنے والے ہوئے تو پھر یہاں پر اتنی زیادہ آپشن آ جائیں گی یعنی ہر یوزر کے متبادل ایک آپشن ہو گی۔

Submit کا بٹن دبانے کے بعد فائل امپورٹ ہونا شروع ہو جائے گی اور جب مکمل ہو گی تو صفحہ کے آخر پر All done لکھا آ جائے گا۔ بیک اپ کی ایکس ایم ایل فائل کامیابی سے ریسٹور ہو چکی ہے اس کے علاوہ نیا یوزر بننے کی آپشن یا نیا یوزر لکھا تھا تو وہ بھی بن چکا ہے۔

### اگر امپورٹر پلگ ان انسٹال نہ ہو؟

بعض ویب ہوسٹنگ اس طرح ورڈپریس کو پلگ ان انسٹال کرنے کی اجازت نہیں دیتی تو ایسی صورت میں پلگ ان اس طرح انسٹال نہیں ہو پاتا جس طرح اور لکھا گیا ہے۔ ایسی مشکل ہونے کی صورت میں اپنی ضرورت کے مطابق متعلقہ پلگ ان درج ذیل لنکس سے ڈاؤن لوڈ کریں اور یہاں درج طریقہ کے مطابق پلگ ان انسٹال کر لیں۔

# ورڈپریس تھیم انسٹال کرنا اور لگانا


بلاگ کی ظاہری شکل وصورت کو تھیم کہا جاتا ہے۔ تھیم ایک طرح سے بلاگ کا لباس ہوتا ہے۔ آسان الفاظ میں یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ بلاگ کی ظاہری شکل وصورت کو اپنی مرضی کا کرنے کے لئے تھیم کا استعمال کیا جاتا ہے۔

ورڈپریس سی ایم ایس کے ذریعے بلاگ بنانے کے بعد پہلا مرحلہ اپنی مرضی کا تھیم انسٹال کرنا اور پھر اسے بلاگ پر لگانا ہوتا ہے۔ یوں تو ورڈپریس انسٹال ہونے کے ساتھ ایک تھیم بھی انسٹال ہو جاتا ہے اور خود بخود لگ جاتا ہے لیکن اس طریقہ میں ہم اپنی مرضی کا تھیم انسٹال کرنا اور پھر لگانا سیکھیں گے۔ جس جگہ ← کا نشان ہو گا اس سے مراد یہ ہے کہ یہ کوئی ٹِپ یا ٹرک ہے جس سے آپ کو آسانی ہو گی۔


یاد رہے "ورڈپریس ڈاٹ کام" پر بلاگ بنانے کی صورت میں خود سے تھیم انسٹال نہیں کیا جا سکتا بلکہ ورڈپریس ڈاٹ کام کی طرف سے پہلے سے انسٹال شدہ تھیمز میں سے ہی کوئی تھیم بلاگ پر لگایا جا سکتا ہے۔ یہ تحریر ذاتی ہوسٹنگ پر "ورڈپریس سی ایم ایس" کے ذریعے بلاگ بنانے والوں کے لئے ہے۔

## ورڈپریس تھیم انسٹال کرنا


سب سے پہلے اپنی مرضی کا اور پسندیدہ تھیم ڈاؤن لوڈ کریں۔ چند ایک اردو تھیمز آپ کو www.mbilalm.com/blog/?p=566 اور www.urdutheme.blogspot.com سے مل سکتے ہیں۔ تھیم ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد اگلا مرحلہ اسے بلاگ پر اپلوڈ/انسٹال کرنا ہوتا ہے۔ اس کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ بلاگ کے ایڈمن پینل میں جائیں۔ ڈیش بورڈ پر ہی Change Theme کا بٹن نظر آئے گا اسے دبا دیں یا پھر سائیڈ بار میں Appearance کی ذیلی فہرست میں Themes کے لنک پر کلک کریں۔




تھیم کا مرکزی صفحہ کھل جائے گا۔ یہاں پر پہلے سے انسٹال شدہ تھیم نظر آ رہا ہو گا جس کا نام عام طور پر Twenty Ten ہوتا ہے۔ نیا تھیم انسٹال کرنے کے لئے Install Themes کی ٹیب پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا۔ اب Upload کے لنک پر کلک کریں۔ Browse کا بٹن دبا کر اپنے کمپیوٹر میں محفوظ ورڈپریس تھیم منتخب کریں اور پھر Install Now کا بٹن دبا دیں۔




تھیم ٹھیک ہونے کی صورت میں تھیم کامیابی سے اپلوڈ ہونے کی تصدیق کا پیغام سامنے آ جائے گا۔ ساتھ میں کچھ Actions کے لنک بھی ہوں گے۔




ان لنک کی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ تھیم کو بلاگ پر لگائے بغیر ہی تھیم کا جائزہ لینے کے لئے Preview پر کلک کریں۔ تھیم کو بلاگ پر لگانے کے لئے Activate پر کلک کریں یا پھر تھیم کے مرکزی صفحہ پر واپس جانے کے لئے Return to Themes page پر کلک کریں۔


← کئی دفعہ تھیم انسٹال نہیں ہوتا اور ایرر آ جاتا ہے۔ عام طور پر اس کی تین وجوہات ہوتی ہے۔ پہلی تھیم ٹھیک نہیں ہوتا اور زپ فائل کی صورت میں نہیں ہوتا۔ دوسری اس نام کا تھیم پہلے سے انسٹال ہوتا ہے اور تیسری وجہ یہ ہے کہ بعض ہوسٹنگ ورڈپریس کو اس طرح سے تھیم انسٹال کرنے کی اجازت نہیں دیتیں۔ پہلی دونوں صورتوں میں تو تھیم کے ٹھیک ہونے، زپ فائل ہونے اور پہلے سے اس نام کا تھیم نہ ہونے کی جانچ کریں۔ اگر تیسری وجہ ہو تو پھر اس کا حل درج ذیل ہے۔

ایڈمن پینل کے ذریعے اگر تھیم اپلوڈ نہ ہو رہا ہو تو ہوسٹنگ کے کنٹرول پینل میں جائیں اور فائل مینیجر کا استعمال کرتے ہوئے تھیم کی زپ فائل کو اپلوڈ کر لیں اور پھر ایکسٹریکٹ/ان زپ کرنے کے بعد تھیم کا جو فولڈر بنے گا اس فولڈر کو اپنے بلاگ کے فولڈر wp-content کے اندر themes کے فولڈر میں کاپی/منتقل کر دیں۔ بس تھیم کے فولڈر کو متعلقہ فولڈر میں کاپی/منتقل کرنے سے تھیم انسٹال ہو جائے گا۔

## ورڈپریس تھیم کو بلاگ پر لگانا

بلاگ کے ایڈمن پینل میں جائیں۔ ڈیش بورڈ پر ہی Change Theme کا بٹن نظر آئے گا اسے دبا دیں یا پھر سائیڈ بار میں Appearance کی ذیلی فہرست میں Themes کے لنک پر کلک کریں۔

تھیم کا مرکزی صفحہ کھل جائے گا۔ یہاں پر پہلے سے انسٹال شدہ تھیم نظر آ رہے ہوں گے۔ Current Theme کی سرخی کے نیچے وہ تھیم ہو گا جو پہلے سے بلاگ پر چل رہا ہے۔ اس کے بعد Available Themes کی سرخی کے نیچے وہ تھیم ہوں گے جو انسٹال ہو چکے ہیں۔ جس تھیم کو بلاگ پر لگانا چاہتے ہیں اس تھیم کے ساتھ نظر آنے والے Activate کے لنک پر کلک کر دیں۔




تھیم کامیابی سے لگنے کے بعد تصدیق کا پیغام صفحہ کے اوپر آ رہا ہو گا اور ساتھ ہی Current Theme کی سرخی کے نیچے لگایا ہوا تھیم بھی آ جائے گا۔


# ورڈپریس بلاگ اور تھیم کوڈ میں تبدیلی کرنا

ورڈپریس تھیم انسٹال کرنا، بلاگ پر لگانا اور تبدیل کرنا تو پہلے لکھ چکا ہوں۔ اس تحریر میں کسی تھیم کے کوڈ میں تبدیلی کرنے اور بلاگ پر تھیم سے متعلقہ چند ایک تبدیلیوں کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔

عام طور پر بلاگ کے ایڈمن پینل میں Appearance کی ذیلی فہرست میں Themes، Widgets، Menus اور Editor کے لنک ہوتے ہیں۔ Themes کا لنک تو تھیم انسٹال اور تبدیل وغیرہ کرنے کے لئے ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ سب سے آخری لنک Editor تھیم کے کوڈ میں تبدیلی کے لئے ہوتا ہے۔ باقی دو لنک تب اپنا پورا کام سرانجام دیتے ہیں جب تھیم بناتے ہوئے ان کی سہولت تھیم میں رکھی گئی ہو۔ اس کے علاوہ تھیم بناتے ہوئے اگر ان جیسی مزید کئی ایک چیزوں کی سہولت رکھی گئی ہو تو وہ بھی Appearance کی ذیلی فہرست میں نظر آنا شروع ہو جاتی ہیں۔ اب ان چیزوں کی تھوری بہت تفصیل درج ذیل ہے۔

## ویجٹس (Widgets)

یوں تو ویجٹس شامل کرنے کی سہولت بلاگ پر کئی ایک جگہوں پر رکھی جا سکتی ہے لیکن عام طور پر ویجٹس شامل کرنے کی سہولت تھیم کی سائیڈبار میں ہوتی ہے۔ تھیم کی سائیڈبار میں کیا کیا نظر آئے وہ تھیم میں پہلے سے شامل ہوتا ہے لیکن ویجٹس کی سہولت اس لئے رکھی جاتی ہے کہ اگر کوئی اپنی مرضی کی سائیڈبار بنانا چاہے تو ویجٹس شامل کر کے بنا سکے۔ عام طور پر تھیم میں یہ سہولت اس طرح دی جاتی ہے کہ جب کوئی ویجٹس شامل ہو تو سائیڈبار میں پہلے سے نظر آنے والی چیزیں ختم ہو جائیں اور پھر ویجٹس کے مطابق سب کچھ ہو جائے۔ ویجٹس میں تبدیلی کرنے کے لئے ایڈمن پینل میں Appearance کی ذیلی فہرست میں سے Widgets کے لنک پر کلک کریں۔ یوں ویجٹس کا مرکزی صفحہ کھل جائے گا۔ کئی تھیمز میں دو سائیڈبار ہوتی ہیں پھر دونوں میں ویجٹس کی سہولت ہوتی ہے اور ویجٹس کے مرکزی صفحہ پر دونوں سائیڈبار کی سیٹنگ کی جا سکتی ہے۔ فرض کریں اگر "سبز اردو تھیم" استعمال کر رہے ہیں تو اس میں بھی دو سائیڈبار ہیں اور دونوں میں ویجٹس شامل کرنے کی سہولت ہے۔ سبز اردو تھیم کو بلاگ پر لگانے کے بعد اگر ویجٹس کے مرکزی صفحہ آئیں گے تو نیچے والی تصویر جیسا نظر آئے گا۔





یہاں بائیں طرف جو جو ویجٹس استعمال کیے جا سکتے ہیں وہ موجود ہیں اور دائیں طرف جس جگہ بلاگ پر ویجٹس شامل ہو سکتا ہے وہ ہے۔ ویجٹس شامل کرنے کے لئے پہلے دائیں طرف سے جہاں ویجٹس شامل کرنے ہیں اسے تیر کے نشان سے کھولیں پھر بائیں طرف سے ویجٹس کو کلک کیے رکھیں اور کھینچ کر دائیں طرف اپنی مطلوبہ جگہ پر رکھ دیں۔ اس کے بعد ویجٹس کی اپنی ضرورت کے مطابق سیٹنگ کر لیں اور آخر پر Save کا بٹن دبا دیں۔ یوں ویجٹس بلاگ پر شامل ہو جائیں گے۔

کئی ایک ویجٹس ایسے ہوتے ہیں جیسے Text کا ویجٹس، جو صرف تحریر یا کوڈ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے یعنی اس میں کوڈ لکھ دیا جاتا ہے لیکن بلاگ پر کوڈ کی بجائے کوڈ چلنے کے بعد کا نتیجہ نظر آتا ہے۔ یہ ویجٹس عام طور پر کسی دوسری ویب سائیٹ کا مواد جیسے فیس بک پروفائل وغیرہ دیکھانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

## مینیوز (Menus)


مینیو کی سہولت اگر تھیم میں شامل ہو تو پھر ہی مینیو بنائی جا سکتی ہے۔ مختلف تھیمز میں یہ سہولت مختلف جگہوں پر ہوتی ہے۔ کسی تھیم میں اوپر ہوتی ہے تو کسی میں نیچے اور کئی تھیم میں اس کی سہولت ہوتی ہی نہیں۔ مینیو بنانے کے لئے ایڈمن پینل میں بائیں سائیڈبار میں Appearance کی ذیلی فہرست میں سے Menus کے لنک پر کلک کریں۔ یوں نیچے والی تصویر جیسا صفحہ کھلے گا۔




یہاں سب سے پہلے دائیں طرف مینیو کا نام لکھیں اور Create Menu کا بٹن دبا دیں۔ پھر بائیں طرف سے اگر مینیو میں کوئی لنک شامل کرنا ہے تو وہ کر لیں یا بلاگ کی کیٹیگری یا اس طرح کا کچھ اور شامل کرنا ہے تو وہ کر لیں۔ اب اوپر والی تصویر میں میں نے مینیو میں ایک لنک لگایا ہے اور ساتھ ایک کیٹیگری لگائی ہے۔ اس کے بعد Save Menu کا بٹن دبا دیں۔ یوں مینیو بن جائے گی اور تھیم میں جس جگہ مینیو دیکھانے کی سہولت ہو گی وہاں مینیو نظر آنا شروع ہو جائے گی۔ کئی تھیمز میں ایک سے زیادہ مینیو کی سہولت بھی ہوتی ہے۔ ایسا تھیم استعمال کرنے کی صورت میں ایک سے زیادہ مینیو بھی بنائی جا سکتی ہیں۔

## ایڈیٹر (Editor)

ایڈیٹر کے ذریعے تھیم کے کوڈ میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ تھیم کے کوڈ میں تبدیلی کرنے کے لئے Appearance کی ذیلی فہرست میں سے Editor کے لنک پر کلک کریں۔ تھیم ایڈیٹر کا صفحہ کھلے گا اور یہاں پر جو تھیم چل رہا ہو گا اس کا کوڈ ہو گا۔عام طور پر جب تھیم ایڈیٹر کھولتے ہیں تو تھیم کی style.css فائل کا کوڈ سامنے آتا ہے۔ جیسا کہ نیچے والی تصویر میں نظر آ رہا ہے۔




اب یہاں پر بائیں طرف کوڈ ہے اور دائیں طرف تھیم کی تمام فائلز کے نام موجود ہیں۔ جس فائل میں تبدیلی کرنی ہے اس کے نام پر کلک کرنے سے بائیں طرف اس فائل کا کوڈ ظاہر ہو جائے گا۔ جہاں تبدیلی کرنی ہے وہ کر لیں اور پھر Update File کا بٹن دبا دیں۔ یوں تبدیلی محفوظ ہو جائے گی۔

ویب سائیٹ بنانے کی زبانیں سی ایس ایس، پی ایچ پی اور ایچ ٹی ایم ایل کے ذریعے ورڈپریس تھیم بنایا جاتا ہے۔ اگر آپ کو ان زبانوں کی تھوری بہت سمجھ ہے تو پھر ہی آپ تھیم میں تبدیلی کر سکتے ہیں، نہیں تو یاد رکھیں ایک چھوٹی سی غلطی پورے کے پورے تھیم کو چلنے سے روک سکتی ہے۔ جو لوگ ان ویب سائیٹ بنانے والی زبانوں کے بارے میں جانتے ہیں تو ان کے لئے مشورہ ہے کہ اگر چھوٹی تبدیلی کرنی ہو تو پھر یہاں بھی کی جاسکتی ہے لیکن اگر زیادہ تبدیلیاں ہوں تو پھر بہتر یہی ہے کہ لوکل ہوسٹ پر ورڈپریس انسٹال کر لیں اور پھر تھیم میں تبدیلی کرنے کے بعد اس کا کوڈ یہاں کاپی کر لیں یا پھر ویسے ہی نیا تھیم انسٹال کر لیں۔


جو لوگ ورڈپریس کے انگریزی تھیم کو اردو میں تبدیل کرنا چاہتے ہوں وہ اردو محفل کے اس لنک www.urduweb.org/mehfil/showthread.php?14000 پر دیکھیں۔

## ورڈپریس پلگ ان انسٹال کرنا اور چلانا


بلاگ پر عام استعمال ہونے والے فنکشن تو تھیم بناتے ہوئے ہی شامل کر دیئے جاتے ہیں لیکن کچھ فنکشن ایسے ہوتے ہیں جو ہر کسی کو اپنی ضرورت کے مطابق چاہیے ہوتے ہیں۔ ایسے فنکشن کا کوڈ علیحدہ سے لکھ دیا جاتا ہے اور پھر جسے جو فنکشن چاہیئے ہوتا ہے وہ اس فنکشن کو اپنے بلاگ پر انسٹال کر لیتا ہے۔ ان علیحدہ سے ملنے والے فنکشن کو پلگ ان (Plugin) کہا جاتا ہے۔ پلگ ان سافٹ ویئر/ویب سائیٹ کے اصل کوڈ کے ساتھ مل کر اپنا مطلوبہ کام سرانجام دیتے ہیں۔ ہر پلگ ان کسی خاص کام کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے میرے بلاگ پر تبصروں کا جواب دینے کے لئے، سائل اور چند ایک دیگر کام "پلگ ان" کے ذریعے ہی ہو رہے ہیں۔ یوں تو ورڈپریس انسٹال ہونے کے ساتھ چند ایک پلگ ان بھی انسٹال ہو جاتے ہے لیکن اس طریقہ میں ہم اپنی مرضی کا پلگ ان انسٹال کرنا اور پھر اسے بلاگ پر چلانا سیکھیں گے۔ جس جگہ ← کا نشان ہو گا اس سے مراد یہ ہے کہ یہ کوئی ٹِپ یا ٹرِک ہے جس سے آپ کو آسانی ہو گی۔ یاد رہے ایک وقت میں ایک سے زیادہ پلگ ان بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔

### ورڈپریس پلگ ان انسٹال کرنا


سب سے پہلے اپنی ضرورت کا پلگ ان ڈاؤن لوڈ کریں۔ پلگ ان کا ایک بہت بڑا اور مستند ذخیرہ آپ کو ورڈپریس پلگ ان ڈائریکٹری www.wordpress.org/extend/plugins سے مل سکتا ہے۔ پلگ ان ڈاؤن لوڈ کرنے کے بعد اگلا مرحلہ اسے بلاگ پر اپلوڈ/انسٹال کرنا ہوتا ہے۔ اس کا سب سے آسان طریقہ یہ ہے کہ بلاگ کے ایڈمن پینل میں جائیں۔ سائیڈ بار میں Plugins کی ذیلی فہرست میں Add New کے لنک پر کلک کریں۔




اب Upload کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا یہاں Browse کا بٹن دبا کر اپنے کمپیوٹر میں محفوظ ورڈپریس پلگ ان منتخب کریں اور پھر Install Now کا بٹن دبا دیں۔




پلگ ان ٹھیک ہونے کی صورت میں پلگ ان کامیابی سے انسٹال ہونے کی تصدیق کا پیغام سامنے آ جائے گا۔ ساتھ میں کچھ Actions کے لنک بھی ہوں گے۔ ان لنک کی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ پلگ ان کو بلاگ پر چلانے کے لئے Activate Plugin پر کلک کریں یا پھر پلگ ان کے مرکزی صفحہ پر واپس جانے کے لئے Return to Plugins page پر کلک کریں۔





← کئی دفعہ پلگ ان انسٹال نہیں ہوتا اور ایرر آ جاتا ہے۔ عام طور پر اس کی تین وجوہات ہوتی ہے۔ پہلی پلگ ان ٹھیک نہیں ہوتا اور زِپ فائل کی صورت میں نہیں ہوتا۔ دوسری اس نام کا پلگ ان پہلے سے انسٹال ہوتا ہے اور تیسری وجہ یہ ہے کہ بعض ہوسٹنگ ورڈپریس کو اس طرح سے پلگ ان انسٹال کرنے کی اجازت نہیں دیتیں۔ پہلی دونوں صورتوں میں تو پلگ ان کے ٹھیک ہونے، زِپ فائل ہونے اور پہلے سے اس نام کا پلگ ان نہ ہونے کی جانچ کریں۔ اگر تیسری وجہ ہو تو پھر اس کا حل درج ذیل ہے۔

ایڈمن پینل کے ذریعے اگر پلگ ان اپلوڈ نہ ہو رہا ہو تو ہوسٹنگ کے کنٹرول پینل میں جائیں اور فائل مینیجر کا استعمال کرتے ہوئے پلگ ان کی زِپ فائل کو اپلوڈ کر لیں اور پھر ایکسٹریکٹ/ان زِپ کرنے کے بعد پلگ ان کا جو فولڈر بنے گا اس فولڈر کو اپنے بلاگ کے فولڈر wp-content کے اندر plugins کے فولڈر میں کاپی/منتقل کر دیں۔ بس پلگ ان کے فولڈر کو متعلقہ فولڈر میں کاپی/منتقل کرنے سے پلگ ان انسٹال ہو جائے گا۔

## ورڈپریس پلگ ان کو بلاگ پر چلانا اور بند کرنا

بلاگ کے ایڈمن پینل میں جائیں۔ سائیڈ بار میں Plugins کی ذیلی فہرست میں Plugins کے لنک پر کلک کریں۔ پلگ ان کا مرکزی صفحہ کھل جائے گا۔ یہاں پر پہلے سے انسٹال شدہ پلگ ان نظر آرہے ہوں گے۔ ہر پلگ ان کے ساتھ اس کے ضروری لنک نظر آرہے ہوں گے۔ جو پلگ ان انسٹال تو ہیں لیکن چلا نہیں رہے ہیں ان کے ساتھ Activate کا لنک ہو گا۔ جیسا کہ تصویر میں سرخ نشان سے واضح کیا گیا ہے۔ پلگ ان کو چلانے کے لئے Activate کے لنک پر کلک کر دیں۔ کامیابی سے چلنے کے بعد تصدیق کا پیغام آجائے گا۔




اس کے علاوہ جو پلگ ان چل رہے ہوں گے ان کے ساتھ Deactivate کا لنک ہو گا۔ جیسا کہ تصویر میں نیلے نشان سے واضح کیا گیا ہے۔ پلگ ان کو بند کرنے کے لئے Deactivate کے لنک پر کلک کر دیں۔ کامیابی سے بند ہونے کے بعد تصدیق کا پیغام آجائے گا۔

← بعض پلگ ان کی سیٹنگز کی ضرورت ہوتی ہے۔ عام طور پر پلگ ان کی سیٹنگز کا لنک پلگ ان کے ساتھ ہی پلگ ان کے مرکزی صفحہ پر ہوتا ہے اگر ایسا نہ ہو تو پھر بائیں سائیڈ بار میں Settings کی ذیلی فہرست میں ہوتا ہے۔ اگر یہاں بھی نہ ہو تو پھر بائیں سائیڈ بار میں ہی کسی دوسرے لنک کی ذیلی فہرست میں ہو گا۔ پلگ ان کی سیٹنگز میں جا کر اپنی ضرورت کے مطابق تبدیلی کر کے محفوظ کر لیں۔

# ورڈپریس بلاگ کے یوزر اور ان کے اختیارات

جب کسی ورڈپریس بلاگ کو ایک وقت میں ایک سے زیادہ بندے کنٹرول کر رہے ہوں تو ایسی صورت میں ہر ایک کے لئے ایڈمن پینل میں داخل ہونے اور بلاگ کو کنٹرول کرنے لئے علیحدہ علیحدہ اکاؤنٹ بنا دیا جاتا ہے۔ بلاگ کے ایڈمن پینل کے لئے چند ایک قسم کے یوزر بنائے جاسکتے ہیں۔ ہر یوزر کے اپنے اپنے اختیارات ہوتے ہیں۔ یاد رہے ایک وقت میں ایک قسم کے ایک سے زیادہ یوزر بھی ہو سکتے ہیں۔ تمام قسم کے اختیارات رکھنے والے یوزرز کی تفصیل درج ذیل ہے۔ اس کے علاوہ آخر میں ایک ٹیبل بھی بنا دیا گیا ہے۔ جس سے مزید دیکھا جاسکتا ہے کہ فلاں قسم کے یوزر کو کیا کیا اختیارات حاصل ہیں۔

## سُپر ایڈمن اور ایڈمنسٹریٹر (Super Admin and Administrator)

سپر ایڈمن وہ یوزر ہوتا ہے جو ورڈپریس بلاگ بناتا ہے۔ آسان الفاظ میں یوں بھی کہہ سکتے ہیں کہ ورڈپریس بلاگ بناتے ہوئے ایڈمن پینل میں داخل ہونے کے لئے سب سے پہلے جسے اختیارات ملتے ہیں وہ سُپر ایڈمن ہوتا ہے۔ اس کے بعد جو بھی ایسا یوزر بنایا جائے جس کو تمام کے تمام اختیارات دیئے جائیں وہ ایڈمنسٹریٹر کہلاتا ہے۔ بنیادی طور پر سُپر ایڈمن اور ایڈمنسٹریٹر میں کوئی خاص فرق نہیں ہوتا۔ ایڈمنسٹریٹر کو تمام اختیارات ہوتے ہیں یعنی ورڈپریس کے ذریعے بنائے ہوئے بلاگ کا مکمل کنٹرول ایڈمنسٹریٹر کے پاس ہوتا ہے۔

## ایڈیٹر (Editor)

ایڈمنسٹریٹر کے بعد سب سے زیادہ اختیارات ایڈیٹر کے پاس ہوتے ہیں۔ ایڈیٹر کمنٹس، صفحات، پوسٹ اور لنکس کے متعلق تمام قسم کے اختیارات رکھتا ہے یعنی ان میں تبدیلی، ختم یا نیا شامل کرنا وغیرہ سب کے سب اختیارات ایڈیٹر کے پاس ہوتے ہیں۔ ایڈیٹر خود سے پوسٹ وغیرہ لکھ اور پھر شائع بھی کر سکتا ہے اور دوسری لکھی اور شائع کی ہوئی پوسٹ میں تبدیلی یا ختم بھی کر سکتا ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ بلاگ کی سیٹنگ، تھیم اور پلگ ان کی تبدیلی، نیا یوزر بنانے یا پہلے سے بنے ہوئے یوزر کو ختم کرنے، بیک بنانے اور ریسٹور کرنے کے اختیارات ایڈیٹر کے پاس نہیں ہوتے۔

## آتھر (Author)

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے آتھر صرف اپنی پوسٹ لکھ اور شائع کر سکتا ہے اور اپنی پہلے سے طبع شدہ یعنی شائع ہوئی پوسٹ میں تبدیلی بھی کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ آتھر کے پاس اور کوئی اختیار نہیں ہوتا۔

## کنٹریبیوٹر (Contributor)

کنٹریبیوٹر ایک ایسا یوزر ہوتا ہے جو پوسٹ لکھ تو سکتا ہے لیکن بلاگ پر شائع نہیں کر سکتا۔ کنٹریبیوٹر پوسٹ لکھ کر بلاگ میں محفوظ کر دیتا ہے جو کہ ایڈمن پینل کی حد تک ہی ہوتی ہے جبکہ بلاگ پڑھنے والوں کو نظر نہیں آتی۔ کنٹریبیوٹر کی لکھی ہوئی پوسٹ کو ایڈمنسٹریٹر یا ایڈیٹر ہی بلاگ پر شائع کر سکتے ہیں۔ کنٹریبیوٹر یوزر کا اصل مقصد یہ ہوتا ہے کہ کنٹریبیوٹر تحریر لکھ دے اور پھر وہ ایڈمنسٹریٹر یا ایڈیٹر کی مرضی سے ہی شائع ہو یا وہ چاہیں تو شائع کریں یا نہ کریں۔

## سبسکرائبر (Subscriber)

سبسکرائبر کے پاس سب سے کم اختیارات ہوتے ہیں بلکہ نہ ہونے کے برابر ہوتے ہیں۔ سبسکرائبر صرف بلاگ پڑھ سکتا ہے یا پھر تحاریر پر کمنٹ کر سکتا ہے۔ اس کے علاوہ سبسکرائبر کے پاس اور کوئی اختیار نہیں ہوتا۔ یوں تو عام طور پر ہر کوئی بلاگ پڑھ اور کمنٹ کر سکتا ہے لیکن اگر بلاگ کی سیٹنگ میں اس طرح کی تبدیلی کی ہو کہ صرف رجسٹرڈ یوزر ہی کمنٹ کر سکیں تو ایسی صورت میں بلاگ کے دیگر رجسٹرڈ یوزر کے ساتھ ساتھ سبسکرائبر بھی کمنٹ کر سکتا ہے جبکہ ایسی سیٹنگ کی صورت میں رجسٹرڈ یوزر کے علاوہ کوئی اور کمنٹ نہیں کر سکتا۔

## یوزرز کے اختیارات کا ٹیبل


یوزر کے اختیارات جاننے کے لئے یہ ٹیبل کافی مفید ثابت ہونے کے ساتھ ساتھ یوزر کے اختیارات سمجھنے میں کافی مدد کر سکتا ہے۔

| Subscriber | Contributor | Author | Editor | Administrator | Capability |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | یوزر بنانا، تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | تھیم انسٹال، تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | بلاگ کا تھیم تبدیل کرنا |
| | | | | | پلگ ان انسٹال، چلانا، تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | سیٹنگز میں تبدیلی کرنا |
| | | | | | بیک اپ بنانا اور ریسٹور کرنا |
| | | | | | ڈیش بورڈ میں تبدیلی کرنا |
| | | | | | کمنٹس میں تبدیلی کرنا |
| | | | | | کیٹیگری بنانا اور تبدیل کرنا |
| | | | | | لنکس شامل اور تبدیل کرنا |
| | | | | | دوسروں کے طبع شدہ صفحات میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | دوسروں کے غیر شائع شدہ صفحات میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | اپنے طبع شدہ صفحات میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | اپنے غیر شائع شدہ صفحات میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | صفحات لکھنا اور شائع کرنا |
| | | | | | دوسروں کی طبع شدہ پوسٹ میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | دوسروں کی غیر شائع شدہ پوسٹ میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | دوسروں کی غیر شائع شدہ پوسٹ شائع کرنا |
| | | | | | اپنی پوسٹ شائع کرنا |
| | | | | | اپنی طبع شدہ پوسٹ میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | فائل اپلوڈ کرنا |
| | | | | | پوسٹ لکھنا |
| | | | | | اپنی غیر شائع شدہ پوسٹ میں تبدیلی اور ختم کرنا |
| | | | | | پڑھنا اور کمنٹ کرنا |

# ورڈ پریس بلاگ کا یوزر بنانا، تبدیل اور ختم کرنا

## نیا یوزر بنانا


بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو جائیں۔ بائیں سائیڈ بار میں Users کی ذیلی فہرست میں Add New کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا۔ یہاں پر Username، E-mail اور Password ضروری ہیں وہ درج کریں اور ساتھ میں اگر چاہیں تو یوزر کے متعلق دوسری معلومات بھی درج کر دیں۔





اگر چاہیں تو First Name میں یوزر کے نام کا پہلا حصہ لکھیں اور Last Name میں یوزر کے نام کا دوسرا اور آخری حصہ لکھیں اس کے علاوہ اگر یوزر کی کوئی ویب سائیٹ ہے تو وہ Website میں درج کر دیں۔ مزید اگر چاہتے ہیں کہ یوزر کو اس کا اکاؤنٹ بننے کے متعلق اور لاگ ان ہونے والے یوزر نیم اور پاسورڈ کی تفصیل ای میل کی صورت میں بھی مل جائے تو پھر Send Password والے چیک باکس کو بھی منتخب کر دیں۔ اس کے بعد یوزر کا Role منتخب کریں اور Add User کا بٹن دبا دیں۔ یوزر کا رول یعنی یوزر کے اختیارات کے بارے میں تفصیل سے جاننے کے لئے یہاں دیکھیں۔

## یوزر کا پاسورڈ اور دیگر تبدیلیاں کرنا

بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہونے کے بعد بائیں سائیڈ بار میں Users کی ذیلی فہرست میں Users کے لنک پر کلک کریں۔ اب یوزرز کا مرکزی صفحہ کھلے گا۔ جس یوزر کا پاسورڈ، اختیارات یا دیگر کوئی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں اس یوزر کے نام پر ماؤس لے کر جائیں گے تو ساتھ میں Edit اور Delete کے لنک ظاہر ہوں گے۔ Edit کے لنک پر کلک کریں۔




اب نیا صفحہ کھلے گا یہاں جو جو معلومات تبدیل کرنا چاہتے ہیں وہ تبدیل کر لیں اور اگر پاسورڈ تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو سب سے آخر پر New Password میں دو دفعہ پاسورڈ لکھیں اور Update Profile کا بٹن دبا دیں۔ کوئی یوزر خود بھی اپنی معلومات اور پاسورڈ تبدیل کر سکتا ہے سوائے Role کے یعنی ایڈمنسٹریٹر کے علاوہ کوئی بھی اپنے یا کسی دوسرے کے اختیارات میں تبدیلی نہیں کر سکتا۔ خود اپنی تفصیلات میں تبدیلی کرنے کے لئے بائیں سائیڈ بار میں Your Profile کے لنک پر کلک کریں۔




مزید اوپر والی تصویر میں نمبر شمار دیئے ہیں اور ان کی تفصیل درج ذیل ہے۔

1:- پوسٹ لکھتے ہوئے دو قسم کے ایڈیٹر ظاہر ہوتے ہیں۔ ایک HTML اور دوسرا Visual۔ اگر چاہتے ہیں کہ پوسٹ لکھتے ہوئے Visual Editor ظاہر نہ ہو تو Disable the visual editor when writing کے چیک باکس کو منتخب کر دیں۔ اس سے Visual Editor بند ہو جائے گا۔

2:- ایڈمن کنٹرول پینل کے دو طرح کے رنگ دستیاب ہیں۔ دونوں میں سے جو رنگ منتخب کرنا چاہتے ہیں وہ Admin Color Scheme والے ریڈیو بٹن سے منتخب کر لیں۔

3:- کمنٹس میں تبدیلی یا ختم کرنے کے لئے ورڈپریس نے کچھ کی بورڈ شارٹ کٹ بنائے ہیں۔ عام طور پر وہ شارٹ کٹ کام نہیں کرتے اگر چاہتے ہیں کہ وہ شارٹ کٹ کام کریں تو پھر Keyboard Shortcuts والے چیک باکس کو منتخب کر دیں۔ مزید شارٹ کٹ کی معلومات کے لئے ساتھ موجود More information کے لنک پر کلک کریں۔

4:- اگر ایڈمن پینل میں لاگ ان ہوں تو بلاگ یا ایڈمن پینل کے اوپر یوزر کے لئے چند ضروری لنکس کی ایک پٹی ظاہر ہوتی ہے۔ وہ پٹی دیکھنے یا ختم کرنے کے لئے Show Admin Bar والے دونوں چیک باکس میں سے اپنی مرضی کے مطابق منتخب کر لیں۔

5:- یہ وہ Username ہوتا ہے جو یوزر بناتے ہوئے دیا جاتا ہے اور اسی کے ذریعے ایڈمن پینل یا بلاگ پر لاگ ان ہوا جاتا ہے۔ Username جو ایک دفعہ رکھ دیا جاتا ہے وہی رہتا ہے۔ اس میں تبدیلی نہیں کی جا سکتی۔

6:-یوزر بناتے ہوئے جس قسم کے اختیارات دیئے جاتے ہیں ان میں بعد میں بھی تبدیلی ہو سکتی ہے۔ تبدیلی کے لئے Role کی فہرست میں سے اپنی ضرورت کے مطابق یوزر رول منتخب کریں۔ یاد رہے ایڈمنسٹریٹر کے علاوہ کوئی بھی اپنے یا کسی دوسرے کے اختیارات میں تبدیلی نہیں کر سکتا۔ یوزر اور یوزر کے اختیارات کی تفصیل جاننے کے لئے یہاں کلک کریں۔

7:-پہلا نام اور آخری نام ضروری نہیں ہوتا لیکن اگر چاہیں تو درج کر دیں یا پہلے سے لکھے ہوئے میں تبدیلی یا ختم بھی کر سکتے ہیں۔

8:-جب بھی کوئی یوزر پوسٹ یا کمنٹ کرتا ہے تو بلاگ پر اس کی پوسٹ یا کمنٹ کے ساتھ اس کا نام بھی ظاہر ہوتا ہے۔ وہ نام Nickname میں نظر آ رہا ہوتا ہے۔ اگر نام تبدیل کرنا چاہیں تو Nickname میں تبدیلی کر لیں اور پھر Display name publicly as میں سے اسے منتخب کر دیں۔

9:-یوزر کا ای میل ضروری ہوتا ہے کیونکہ اسی کے ذریعے یوزر کو بلاگ کے متعلق اطلاعات موصول ہوتی ہیں اور سب سے زیادہ اگر یوزر اپنا پاسورڈ بھول جائے تو اسی ای میل کے ذریعے اپنا پاسورڈ دوبارہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اگر ای میل میں تبدیلی کرنا چاہیں تو E-mail میں سے کر سکتے ہیں۔

10:-یوزر کی اگر کوئی ویب سائیٹ ہو اور وہ اسے بلاگ پر دوسروں کے ساتھ شیئر کرنا چاہے تو Website میں اپنی ویب سائیٹ کا ایڈریس لکھ دے۔ عام طور پر جہاں بھی بلاگ پر یوزر کا نام ظاہر ہو گا وہاں پر اس کے نام پر اس کی ویب سائیٹ کا لنک لگا ہو گا۔ اس کے علاوہ یاہو میسنجر اور گوگل ٹاک وغیرہ کا آئی ڈی بھی اگر لکھنا چاہیں تو لکھ سکتے ہیں۔

11:-عام طور پر ورڈپریس بلاگ کے تھیم ایسے بنائے جاتے ہیں کہ ہر پوسٹ کے ساتھ پوسٹ لکھنے والے کا تھوڑا سا تعارف بھی خود بخود شامل ہو جاتا ہے۔ یہ وہی تعارف ہوتا ہے جو Biographical Info میں لکھا ہوتا ہے۔ اگر آپ بھی ہر پوسٹ کے ساتھ اپنا تھوڑا سا تعارف دیکھانا چاہیں تو اپنا تعارف Biographical Info والے ٹیکسٹ ایریا میں لکھ دیں۔

12:-پاسورڈ کی تبدیلی کے لئے New Password کے سامنے والے دونوں ٹیکسٹ باکس میں اپنا نیا پاسورڈ لکھیں۔

یوزر کی پروفائل میں کوئی تبدیلی تب تک محفوظ نہیں ہو گی جب تک تبدیلی کرنے کے بعد Update Profile والا بٹن نہیں دبائیں گے۔

## یوزر اکاؤنٹ ختم کرنا

کوئی بھی یوزر خود اپنا اکاؤنٹ ختم نہیں کر سکتا۔ یوزر اکاؤنٹ بنانے یا ختم کرنے کا اختیار صرف ایڈمنسٹریٹر کے پاس ہوتا ہے۔ یوزر اکاؤنٹ ختم کرنے کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہونے کے بعد بائیں سائیڈ بار میں Users کی ذیلی فہرست میں Users کے لنک پر کلک کریں۔ اب یوزرز کا مرکزی صفحہ کھلے گا۔ جس یوزر کا اکاؤنٹ ختم کرنا چاہتے ہیں اس یوزر کے نام پر ماؤس لے کر جائیں گے تو ساتھ میں Edit اور Delete کے لنک ظاہر ہوں گے۔ Delete کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا۔ یہاں پوچھا جائے گا کہ Delete all posts and links یعنی کیا آپ یوزر اکاؤنٹ کے ساتھ ساتھ اس یوزر کی تمام پوسٹ اور لنکس بھی ختم کرنا چاہتے ہیں یا پھر Attribute all posts and links to یعنی کیا آپ یوزر اکاؤنٹ تو ختم کرنا چاہتے ہیں لیکن اس کی تمام پوسٹ اور لنکس کو کسی دوسرے یوزر کے نام منتقل کرنا چاہتے ہیں۔ اس ریڈیو بٹن کے انتخاب کی صورت میں ساتھ موجود یوزر کی فہرست میں سے اس یوزر کا انتخاب کریں جس کے نام پوسٹ اور لنکس منتقل کرنا چاہتے ہیں۔





اس کے بعد Confirm Deletion کا بٹن دبا دیں۔ یوزر اکاؤنٹ ختم ہو جائے گا اور واپس یوزرز کے مرکزی صفحہ پر پہنچ جائیں گے۔

# ورڈپریس بلاگ پر لنک شامل، تبدیل اور ختم کرنا

ورڈپریس بلاگ پر سائیڈ بار میں یا تقسیم کے مطابق کسی اور جگہ کچھ اپنی مرضی کے روابط (Links) شامل کیے جاسکتے ہیں۔ جیسے میں نے اپنے بلاگ پر ”دوست بلاگرز“ اور ”دیگر روابط“ شامل کیے ہیں۔ ایک وقت میں ایک سے زیادہ قسم کے لنکس بھی شامل کیے جاسکتے ہیں۔ اب جیسے میں نے دو قسم ”دوست بلاگرز“ اور ”دیگر روابط“ شامل کیے ہیں۔ دراصل میں نے لنکس کی دو کیٹیگری ”دوست بلاگرز“ اور ”دیگر روابط“ کے نام سے بنائی ہیں اور پھر ان کیٹیگری میں لنک شامل کر دیئے ہیں۔ سب سے پہلے لنکس کی جتنی قسم یعنی جتنے گروپ بنانا چاہتے ہیں ان کی کیٹیگری بنائیں اور پھر لنک شامل کرتے ہوئے اسے متعلقہ کیٹیگری میں ڈال دیں۔

## لنک کیٹیگری بنانا، تبدیل اور ختم کرنا

لنک کیٹیگری بنانے کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Links کی ذیلی فہرست میں Link Categories کے لنک پر کلک کریں۔ اب دائیں طرف پہلے سے بنی ہوئی لنک کیٹیگری نظر آرہی ہوں گی اور بائیں طرف لنک کیٹیگری بنانے کے لئے Add New Link Category کا فارم موجود ہو گا۔





نئی لنک کیٹیگری بنانے کے لئے Add New Link Category کا فارم پُر کریں۔ سب سے پہلے Name میں کیٹیگری کا نام لکھیں۔ پھر Slug اور پھر Description لکھیں۔ لنک کیٹیگری بنانے کے لئے ضروری صرف نام ہے۔ باقی Slug ورڈپریس خود بخود پُر کر دے گا اور Description اگر چاہیں تو دے دیں یا خالی بھی چھوڑ سکتے ہیں۔ فارم پُر کر کے Add New Link Category کا بٹن دبا دیں۔ یوں ایک نئی کیٹیگری بن جائے گی اور دائیں طرف نظر آنے والی کیٹیگری کی فہرست میں نئی کیٹیگری کا اضافہ بھی ہو جائے گا۔

اگر پہلے سے بنی ہوئی کیٹیگری میں تبدیلی کرنا چاہیں تو دائیں طرف کیٹیگری کی فہرست میں سے جس کیٹیگری میں تبدیلی کرنا چاہتے ہیں اس پر ماؤس لے کر جائیں گے تو کچھ لنک ظاہر ہوں گے۔ یہاں پر Edit کے لنک پر کلک کر دیں۔ یوں نیا صفحہ کھلے گا جہاں پر فارم میں پہلے سے اس کیٹیگری کے متعلق معلومات لکھیں ہوں گی۔ جس جس معلومات کو تبدیل کرنا چاہیں کر لیں اور پھر Update کا بٹن دبا دیں۔

اگر کوئی کیٹیگری ختم کرنا چاہیں تو کیٹیگری کی فہرست میں سے اس کیٹیگری پر ماؤس لے جانے سے Delete کا لنک ظاہر ہو گا، اس پر کلک کر دیں۔ ایک پیغام ظاہر ہو گا جس میں پوچھا جائے گا کہ کیا آپ واقعی کیٹیگری ختم کرنا چاہتے ہیں تو OK پر کلک کرنے کی صورت میں کیٹیگری ختم ہو جائے گی۔ یاد رہے ورڈپریس کی انسٹالیشن کے ساتھ خود بخود ایک لنک کیٹیگری بن جاتی ہے۔ یہ ڈیفالٹ کیٹیگری ہوتی ہے۔ اس کو ختم نہیں کیا جاسکتا اگر ڈیفالٹ کیٹیگری کو ختم کرنا ہو تو Writing Settings میں سے پہلے اسے ڈیفالٹ سے ہٹایا جاتا ہے پھر ختم کیا جاتا ہے۔

## لنک شامل کرنا

لنک شامل کرنے کے لئے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہونے کے بعد بائیں سائیڈ بار میںLinksکی ذیلی فہرست میں سےAdd Newکے لنک پر کلک کریں۔




ابNameمیں لنک کا نام یعنی وہ الفاظ لکھیں جو بلاگ پر ظاہر ہوں اور ان پر لنک لگا ہوں۔اس کے بعدWeb Addressلکھیں یعنی جس ویب سائیٹ کا لنک لگانا ہو اس کا ایڈریس لکھیں۔ویب سائیٹ کے ایڈریس کے شروع میںhttp://لکھنا نہ بھولیں۔

Descriptionاگر لکھنا چاہیں تو لکھ دیں ورنہ رہنے دیں۔جب کوئی بلاگ پر موجود لنک پر ماؤس لے کر جائے گا تو ماؤس کے ساتھDescriptionخود بخود ظاہر ہو جائے گا۔اگر نہیں لکھیں گے تو کچھ ظاہر نہیں ہو گا۔اس کے بعد لنک کو جس لنک کیٹیگری میں شامل کرنا چاہتے ہیں وہCategoriesوالی فہرست میں سے منتخب کریں۔اگر یہاں کوئی کیٹیگری منتخب نہیں کریں گے تو لنک خود بخود ڈیفالٹ کیٹیگری میں شامل ہو جائے گا۔اس کے بعدTargetمیں سے کسی ایک آپشن کو منتخب کرنا ہوتا ہے۔اس کا مطلب یہ ہے کہ جب کوئی لنک پر کلک کرے گا تو ویب سائیٹ نئے صفحہ پر کھلے یا اسی صفحہ میں کھلے۔نئے صفحہ یا ٹیب میں کھولنے کے لئےblankوالا ریڈیو بٹن منتخب کریں۔

مزید نیچے کچھ معلومات درج کرنے کی سہولیات ہیں۔اگر چاہتے ہیں تو وہ بھی درج کر لیں نہیں تو رہنے دیں۔لنک کے متعلق سب کچھ درج کرنے کے بعدAdd Linkکا بٹن دبا دیں۔یوں لنک شامل ہو جائے گا۔

## لنک میں تبدیلی اور ختم کرنا


لنک میں تبدیلی یا ختم کرنے کے لئے ایڈمن پینل میں بائیں سائیڈ بار میںLinksکی ذیلی فہرست میں سےLinksکے لنک پر کلک کریں۔یوں ایک نیا صفحہ کھلے گا جہاں پر تمام شامل کردہ لنک موجود ہوں گے۔جس لنک میں تبدیلی یا ختم کرنا چاہتے ہیں اس پر ماؤس لے کر جائیں گے تو ساتھEditاورDeleteظاہر ہوں گے۔ختم کرنے کے لئےDeleteپر کلک کر دیں اور اگر تبدیلی کرنا چاہتے ہیں توEditپر کلک کریں۔یوں لنک شامل کرتے ہوئے جیسا فارم تھا ویسا ہی فارم کھلے گا لیکن اس میں لنک کے متعلق معلومات پہلے سے درج ہوں گی جس جگہ تبدیلی کرنا چاہتے ہیں وہ کر لیں اور پھرUpdate Linkکا بٹن دبا دیں۔یوں لنک میں کی ہوئی تبدیلی محفوظ ہو جائے گی۔

## ورڈپریس بلاگ - میڈیا لائبریری (Media Library)

ورڈپریس بلاگ کی ایک میڈیا لائبریری ہوتی ہے۔ جہاں بلاگ پر تمام اپلوڈ کردہ فائلز جن میں تصاویر، ویڈیوز اور آڈیو وغیرہ شامل ہوتی ہیں۔ چاہے پوسٹ یا صفحہ لکھتے ہوئے کوئی تصویر وغیرہ اپلوڈ کی جائے یا پھر میڈیا لائبریری کے ذریعے اپلوڈ کی جائے دونوں صورت میں وہ میڈیا لائبریری میں موجود ہوتی ہے۔ پہلے سے اپلوڈ ہوئی فائل میں تبدیلی یا ختم کرنا ہو تو وہ بھی میڈیا لائبریری سے ہی کی جاتی ہے۔ یاد رہے بعض ویب ہوسٹنگ میڈیا لائبریری کے ذریعے فائل اپلوڈ کرنے یا پہلے سے اپلوڈ فائل ختم کرنے کی سہولت نہیں دیتی۔ ایسی صورت میں فائل مینیجر کے ذریعے فائل اپلوڈ کی جاتی ہے یا پھر کوئی مفت کی سروس جیسے ڈراپ باکس (www.dropbox.com) وغیرہ کا استعمال کر کے وہاں فائل اپلوڈ کی جاتی ہے اور پوسٹ میں اس کا لنک درج کر دیا جاتا ہے۔ یہاں ہم میڈیا لائبریری کے ذریعے فائل اپلوڈ، تبدیل یا ختم کرنا دیکھتے ہیں۔

### فائل اپلوڈ کرنا

تصویر یا ویڈیو وغیرہ اپلوڈ کرنے کے لئے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Media کی ذیلی فہرست میں سے Add New کے لنک پر کلک کریں۔ اس سے فائل اپلوڈ کرنے والے صفحہ پر پہنچ جائیں گے۔ عام طور پر اس صفحہ پر فلیش اپلوڈر ہوتا ہے۔ اگر فلیش اپلوڈر چل رہا ہو تو ساتھ میں لکھا ہوتا کہ You are using the Flash uploader جیسا کہ تصویر میں سرخ رنگ سے ظاہر کیا گیا ہے۔




اب Select Files کا بٹن دبا دیں اور پھر اپنے کمپیوٹر سے فائل منتخب کریں۔ فائل منتخب کرنے کے ساتھ ہی وہ فائل اپلوڈ ہونا شروع ہو جائے گی اور جب مکمل اپلوڈ ہو جائے گی تو ساتھ میں کچھ مزید آپشن آ جائیں گی۔ جیسے Title اور Caption وغیرہ اگر درج کرنا چاہیں تو کر دیں۔ اس کے بعد Save all changes کا بٹن دبا دیں۔ یوں فائل اپلوڈ ہونے کے بعد اس کی معلومات محفوظ ہو جائے گی اور آپ لائبریری کے مرکزی صفحہ پر پہنچ جائیں گے۔

اگر فلیش اپلوڈر کے ذریعے فائل اپلوڈ نہ ہو رہی ہو یا کوئی مسئلہ آ رہا ہو تو پھر فائل اپلوڈ کرنے والے مرکزی صفحہ پر Browser Uploader کے لنک پر کلک کریں۔ پھر Browse کے بٹن کے ذریعے کمپیوٹر سے فائل منتخب کریں اور Upload کا بٹن دبا دیں۔ یوں فائل اپلوڈ ہونے کے بعد آپ لائبریری کے مرکزی صفحہ پر پہنچ جائیں گے۔

### پہلے سے اپلوڈ فائل میں تبدیلی اور ختم کرنا

تبدیلی کرنے مراد یہ ہے کہ کسی تصویر یا ویڈیو وغیرہ کے عنوان، کیپشن یا تفصیل وغیرہ میں تبدیلی کرنا۔ تبدیلی کے لئے ایڈمن پینل میں بائیں سائیڈ بار میں Media کی ذیلی فہرست میں سے Library کے لنک پر کلک کریں۔ اس طرح آپ لائبریری کے مرکزی صفحہ پر پہنچ جائیں گے اور یہاں پر پہلے سے اپلوڈ ہوئی تمام فائلز موجود ہوں گی۔ جس فائل کو تبدیل یا ختم کرنا چاہتے ہیں اس پر ماؤس لے کر جانے سے Edit اور Delete Permanently کے لنک ظاہر ہوں گے۔ فائل ختم کرنے کے لئے Delete Permanently کے لنک پر کلک کریں اور ایک پیغام ظاہر ہو گا جس میں پوچھا جائے گا کہ کیا آپ واقعی فائل ختم کرنا چاہتے ہیں۔ OK پر کلک کرنے کی صورت میں فائل لائبریری سے ختم ہو جائے گی۔


اس کے علاوہ اگر تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو پھر فائل پر ماؤس لے جانے سے جو لنک ظاہر ہوں گے ان میں Edit کے لنک پر کلک کریں۔ یوں نئے صفحہ پر پہنچ جائیں گے اور یہاں پر فائل کی تمام تفصیلات درج ہوں گی۔ جہاں جہاں تبدیلی کرنا چاہتے ہیں وہ کر لیں اور پھر Update Media کا بٹن دبا دیں۔ یوں تبدیلی محفوظ ہو جائے گی اور آپ لائبریری کے مرکزی صفحہ پر پہنچ جائیں گے۔

# ورڈپریس بلاگ-پوسٹ کے زمرہ جات (Categories)

ورڈپریس بلاگ پر پوسٹس کے زمرہ جات (Posts Categories) بہت اہمیت رکھتے ہیں۔ خاص طور پر پوسٹ کے لئے مناسب زمرہ کا انتخاب اور بھی زیادہ اہمیت رکھتا ہے۔ ورڈپریس کی سیٹنگز، لنکس اور دیگر چیزیں سب کی سب صرف اور صرف پوسٹ کے لئے ہوتی ہیں کیونکہ اصل چیز تو پوسٹ یعنی آپ کی تحریر ہے۔ پوسٹ کے لئے مناسب زمرہ بنانا چاہئے۔ فرض کریں آپ زیادہ تر معاشرے پر لکھتے ہیں تو پھر "معاشرہ" کا زمرہ ہونا بہت ضروری ہے تاکہ معاشرے پر لکھی گئی پوسٹ کو معاشرہ کے زمرہ میں ڈال سکیں۔ جن موضوعات پر آپ کبھی کبھی لکھتے ہیں یا جس موضوع پر ابھی ایک دو تحاریر ہیں تو ایسے موضوع کے لئے علیحدہ سے زمرہ بنانے کی بجائے ایک "متفرقات" کا زمرہ بنائیں اور ایسے موضوع کی پوسٹ "متفرقات" کے زمرہ میں ڈال دیں اور جب اس موضوع پر زیادہ تحاریر ہوں تو اس کے لئے علیحدہ سے زمرہ بنائیں۔ اس بات کا بھی دھیان رکھیں کہ ضرورت سے زیادہ زمرہ جات بلاگ کو جنجھال پورہ بنا دیتے ہیں۔ خیر اس ٹیوٹوریل میں ہم زمرہ (Category) بنانا، پہلے سے بنی کیٹیگری میں تبدیلی اور ختم کرنا سیکھیں گے۔

## پوسٹ کیٹیگری بنانا

کیٹیگری بنانے کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہو کر بائیں سائیڈ بار میں Posts کی ذیلی فہرست میں سے Categories کے لنک پر کلک کریں۔ اب کیٹیگری کا مرکزی صفحہ کھلے گا اور دائیں طرف پہلے سے بنی ہوئی کیٹیگری نظر آ رہی ہوں گی اور بائیں طرف کیٹیگری بنانے کے لئے Add New Category کا فارم موجود ہو گا۔




نئی کیٹیگری بنانے کے لئے Add New Category کا فارم پُر کریں۔ سب سے پہلے Name میں کیٹیگری کا نام لکھیں اور پھر Slug۔ جو کیٹیگری بنا رہے ہیں اس کو کسی دوسری کیٹیگری کی ذیلی کیٹیگری میں شامل کرنا چاہتے ہیں تو پھر Parent والی فہرست سے دوسری کیٹیگری منتخب کریں۔ عام طور پر ذیلی کیٹیگری بنانے کی ضرورت بہت کم ہوتی ہے خاص طور پر نئے لوگوں کے لئے تو بالکل بھی نہیں ہوتی۔ اس لئے Parent کی فہرست میں سے کسی کا انتخاب نہیں کیا جاتا بلکہ اسے None ہی رہنے دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد Description لکھیں۔ کیٹیگری بنانے کے لئے ضروری صرف نام ہے۔ باقی Slug اگر نہیں لکھیں گے تو وہ ورڈپریس خودبخود پُر کر دے گا اور Description اگر چاہیں تو دے دیں یا خالی بھی چھوڑ سکتے ہیں۔ جب کوئی بلاگ پر موجود کیٹیگری کے لنک پر ماؤس لے کر جائے گا تو ماؤس کے ساتھ Description خودبخود ظاہر ہو جائے گا۔ اگر نہیں لکھیں گے تو کچھ ظاہر نہیں ہو گا۔

فارم پُر کر کے Add New Category کا بٹن دبا دیں۔ یوں ایک نئی کیٹیگری بن جائے گی اور دائیں طرف نظر آنے والی کیٹیگری کی فہرست میں نئی کیٹیگری کا اضافہ بھی ہو جائے گا۔


## پہلے سے بنی کیٹیگری میں تبدیلی اور ختم کرنا

اگر پہلے سے بنی ہوئی کیٹیگری میں تبدیلی کرنا چاہیں تو بائیں سائیڈ بار میں Posts کی ذیلی فہرست میں سے Categories کے لنک پر کلک کرنے کے بعد کیٹیگری کے مرکزی صفحہ پر دائیں طرف کیٹیگری کی فہرست میں سے جس کیٹیگری میں تبدیلی کرنا چاہتے ہیں اس پر ماؤس لے کر جائیں گے تو کچھ لنک ظاہر ہوں گے۔ یہاں پر Edit کے لنک پر کلک کر دیں۔ یوں نیا صفحہ کھلے گا جہاں پر فارم میں پہلے سے اس کیٹیگری کے متعلق معلومات لکھیں ہوں گی۔ جس جس معلومات کو تبدیل کرنا چاہیں کر لیں اور پھر Update کا بٹن دبا دیں۔

اگر کوئی کیٹیگری ختم کرنا چاہیں تو کیٹیگری کی فہرست میں سے اس کیٹیگری پر ماؤس لے جانے سے Delete کا لنک ظاہر ہو گا، اس پر کلک کر دیں۔ ایک پیغام ظاہر ہو گا جس میں پوچھا جائے گا کہ کیا آپ واقعی کیٹیگری ختم کرنا چاہتے ہیں تو OK پر کلک کرنے کی صورت میں کیٹیگری ختم ہو جائے گی اور اس کیٹیگری کی ساری پوسٹس ڈیفالٹ کیٹیگری کو منتقل کر دی جائیں گی۔ یاد رہے ورڈپریس کی انسٹالیشن کے ساتھ خودبخود ایک Uncategorized کے نام کی کیٹیگری بن جاتی ہے۔ یہ ڈیفالٹ کیٹیگری ہوتی ہے۔ اس میں تبدیلی تو کی جا سکتی ہے لیکن ختم نہیں کیا جا سکتا اگر ڈیفالٹ کیٹیگری کو ختم کرنا ہو تو Writing Settings میں سے پہلے اسے ڈیفالٹ سے ہٹایا جاتا ہے پھر ختم کیا جاتا ہے۔

## ورڈپریس بلاگ پوسٹ-ٹیکسٹ ایڈیٹر کا استعمال

ورڈپریس کے ذریعے بلاگ بنانے کے بعد جب پہلی دفعہ پوسٹ لکھنے والے صفحہ پر جاتے ہیں تو جہاں پوسٹ لکھی جاتی ہے وہاں پر ویژول ایڈیٹر (Visual Editor) چل رہا ہوتا ہے۔ جیسا کہ تصویر میں نظر آ رہا ہے۔





ورڈپریس ویژول ایڈیٹر کے ساتھ ساتھ ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر (HTML Editor) کی سہولت بھی دیتا ہے۔ یہ لکھنے والی کی مرضی، ضرورت اور قابلیت ہے کہ وہ ان دونوں ایڈیٹرز میں سے کس میں پوسٹ لکھنا پسند کرتا ہے۔ پوسٹ لکھنے کے دوران دونوں ایڈیٹرز کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ یہ ضروری نہیں کہ ایک پوسٹ مکمل طور پر ایک ہی ایڈیٹر میں لکھی جائے۔ پوسٹ لکھنے کے دوران ضرورت پڑھنے پر ایک سے دوسرے ایڈیٹر میں جایا جا سکتا ہے اور مواد ضائع ہونے کا کوئی اندیشہ بھی نہیں۔ اوپر والی تصویر میں دونوں ایڈیٹرز کے لنک کو سرخ رنگ سے واضح کیا گیا ہے۔ یوں تو دونوں ایڈیٹرز کے اپنے اپنے کام اور اپنے اپنے بٹن ہوتے ہیں۔ لیکن اوپر والی تصویر میں سبز رنگ سے واضح کیے گئے Upload/Insert کے بٹن دونوں ایڈیٹرز میں موجود رہتے ہیں اور دونوں جگہ پر ایک ہی کام کرتے ہیں۔ اس لئے پہلے ان کی تھوڑی سی تفصیل ہو جائے۔ یہاں ایک بات ذہن میں رکھیں کہ جس طرح عام ٹیکسٹ ایڈیٹر میں فارمیٹ بٹن وغیرہ کا اثر منتخب الفاظ پر یا جس جگہ کرسر ہو، وہاں ہوتا ہے ویسے ہی یہاں ہو گا۔

### Upload/Insert کے بٹنوں کا استعمال

دراصل یہ میڈیا کے بٹن ہیں یعنی تصویر، ویڈیو، آڈیو یا دیگر میڈیا فائل یہاں سے اپلوڈ یا میڈیا لائبریری سے منتخب کر کے پوسٹ میں لگائی جاتی ہے۔

جس جگہ کوئی تصویر لگانی ہے وہاں کرسر لے جا کر کے بٹن پر کلک کریں۔ اسی طرح ویڈیو کے لئے پر، آڈیو کے لئے پر اور کسی دوسرے میڈیا کے لئے پر کلک کریں۔

یہاں ہم پوسٹ میں تصویر لگانے کے بارے میں دیکھتے ہیں۔ پوسٹ میں جس جگہ تصویر لگانی ہو وہاں کرسر لے جا کر کے بٹن پر کلک کریں۔ ایک نئی ونڈو کھلے گی۔ جیسا کہ نیچے والی تصویر میں نظر آ رہی ہے۔




یہاں عام طور پر تین طریقے سامنے آتے ہیں۔ پہلا From Computer یعنی کیا کمپیوٹر سے تصویر بلاگ کی میڈیا لائبریری میں اپلوڈ کر کے لگانا چاہتے ہیں، دوسرا From URL یعنی کسی دوسری ویب سائیٹ سے یا اپنے بلاگ کے ہی کسی دوسرے ایڈریس پر تصویر موجود ہے اور آپ کو اس تصویر کا یو آر ایل معلوم ہے اور وہ درج کر کے تصویر لگانا چاہتے ہیں۔ تیسرا Media Library یعنی تصویر پہلے سے میڈیا لائبریری میں اپلوڈ ہے وہاں سے پوسٹ میں لگانا چاہتے ہیں۔ اب ہم ان تینوں طریقوں سے تصویر لگانا سیکھتے ہیں۔ بالکل ایسے ہی باقی فائلز بھی پوسٹ میں شامل کی جا سکتی ہیں۔

### From Computer

اگر یہاں فلیش اپلوڈر چل رہا ہو تو Select Files کا بٹن دبائیں اور کمپیوٹر سے تصویر منتخب کریں۔ تصویر منتخب کرنے سے تصویر اپلوڈ ہونا شروع ہو جائے گی اور اگر یہاں فلیش اپلوڈر کی بجائے براؤزر اپلوڈر چل رہا ہو تو Browse کا بٹن دبائیں اور کمپیوٹر سے تصویر منتخب کریں اور پھر Upload کا بٹن دبا دیں۔ یوں تصویر اپلوڈ ہونا شروع ہو جائے گی جیسے ہی اپلوڈنگ مکمل ہو گی تو اسی ونڈو میں تصویر کے متعلق کچھ تفصیل آ جائے گی۔ اگر کسی تفصیل میں تبدیلی کرنی ہو تو کر لیں اور نیچے نظر آنے والا Inset into Post کا بٹن دبا دیں۔ یوں یہ ونڈو بند ہو جائے گی اور تصویر پوسٹ میں شامل ہو جائے گی۔

### From URL


کسی دوسری ویب سائیٹ مثلاً فلکر یا ڈراپ باکس وغیرہ سے تصویر پوسٹ میں لگانے کے لئے From URL پر کلک کرنے کے بعد Image URL میں تصویر کا یو آر ایل درج کریں اور تصویر کا جو ٹائیٹل رکھنا چاہتے ہیں وہ لکھیں۔ اس کے علاوہ مزید اگر کوئی تفصیل لکھنی ہو تو وہ لکھیں جیسے اگر تصویر پر لنک بھی لگانا ہو تو تصویر کا یو آر ایل یا پھر کسی دوسری ویب سائیٹ کا لنک Link Image To میں درج کریں اور Insert into Post کا بٹن دبا دیں۔ یوں یہ ونڈو بند ہو جائے گی اور تصویر پوسٹ میں شامل ہو جائے گی۔

### Media Library

اگر تصویر پہلے سے میڈیا لائبریری میں اپلوڈ ہو تو اس آپشن کا انتخاب کیا جاتا ہے۔ یہاں پر میڈیا لائبریری میں اپلوڈ تمام فائلز نظر آ رہی ہوں گی۔ جس تصویر کو پوسٹ میں لگانا چاہتے ہیں اس کے سامنے Show کے لنک پر کلک کریں۔ اب تصویر کی کچھ تفصیل سامنے آ جائے گی اگر کچھ تبدیل کرنا ہو تو کر لیں اور پھر Insert into Post کا بٹن دبا دیں۔ یوں یہ ونڈو بند ہو جائے گی اور تصویر پوسٹ میں شامل ہو جائے گی۔

## ویژول ایڈیٹر (Visual Editor) کا استعمال

عام طور پر یا جب پہلی دفعہ بلاگ پوسٹ لکھنے والے صفحہ پر آتے ہیں تو یہاں ویژول ایڈیٹر ہی چل رہا ہوتا ہے۔ یہ بالکل ویسا نظر آتا ہے جیسا اس تحریر کی سب سے پہلی تصویر میں نظر آ رہا ہے لیکن ویژول ایڈیٹر کے کچھ بٹن چھپے ہوتے ہیں۔ چھپے بٹنوں کو Show/Hide Kitchen Sink کا بٹن دبا کر ظاہر کیا جا سکتا ہے اور ایسے ہی پھر چھپانے کے لئے اسی بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جب چھپے بٹن ظاہر ہوں گے تو ویژول ایڈیٹر نیچے والی تصویر جیسا نظر آئے گا۔




Upload/Insert کے بٹنوں کی تفصیل پہلے لکھ چکا ہوں۔ اب ویژول ایڈیٹر کے بٹنوں کی تھوڑی تھوڑی وضاحت کر دیتا ہوں جو کہ تصویر میں نیلے رنگ سے واضح کیے گئے ہیں۔ یہاں ایک بات ذہن میں رکھیں کہ جس طرح عام ٹیکسٹ ایڈیٹر میں فارمیٹ بٹن وغیرہ کا اثر منتخب الفاظ پر یا جس جگہ کرسر ہو، وہاں ہوتا ہے ویسے ہی یہاں ورڈپریس کے ویژول ایڈیٹر میں ہو گا یعنی جن الفاظ پر کچھ لاگو کرنا ہو انہیں منتخب کریں اور پھر متعلقہ بٹن کو دبا دیں۔ اس طرح متعلقہ بٹن کے اثرات ان الفاظ پر لاگو ہو جائیں گے۔ اس کے علاوہ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ متعلقہ بٹن کو پہلے دبائیں اور الفاظ لکھتے جائیں اور جہاں تک بٹن کو اثر انداز کرنا ہو وہاں تک لکھ لیں اور لکھنے کے بعد اس بٹن کو دوبارہ دبا دیں۔

یہ بٹن کسی تحریر کو بولڈ (Bold) یعنی باقی تحریر سے تھوڑا سا موٹا کرنے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔

تحریر کو تھوڑا سا ترچھا (Italic) کرنے کے لئے اس بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

تحریر کے درمیان میں لائن کھینچنے (Strikethrough) کے لئے۔ جیسا کہ اس بٹن میں موجود ABC کے درمیان میں لائن لگی ہے۔

کسی تحریر کی ہر لائن کے شروع میں نقطہ لگانے کے لئے یعنی ایک فہرست تیار کرنے کے لئے۔ پہلے اس بٹن کو منتخب کر لیں اور تحریر لکھتے جائیں۔ جہاں بھی نئی لائن شروع کریں گے اس کے شروع میں نقطہ لگ جائے گا اور جہاں اس عمل کو ختم کرنا ہو وہاں نئی لائن پر جا کر اس بٹن کو دوبارہ دبا دیں۔ اس کے علاوہ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ پہلے تحریر لکھ لیں اور پھر تحریر کو منتخب کر کے اس بٹن کو دبائیں۔ تحریر میں جہاں جہاں نئی لائن شروع ہوئی ہو گی وہاں نقطہ لگ جائے گا۔

ہر لائن کے شروع میں نقطہ کی بجائے ترتیب سے گنتی لکھنے کے لئے یہ بھی ویسے ہی کام کرے گا جیسے اوپر والا تحریر کی ہر لائن پر نقطہ لگانے والا بٹن ہے۔ فرق صرف یہ ہے کہ یہ نقطہ کی بجائے ترتیب سے گنتی لگاتا جائے گا۔

تحریر میں اگر کسی جگہ اقتباس دینا ہو تو اس بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

تحریر کو دائیں، درمیان اور بائیں کرنے کے لئے ان تینوں بٹنوں کا استعمال کیا جاتا ہے یعنی تحریر کو جس طرف کرنا ہو اس کے مطابق بٹن دبا دیں۔

لفظ یا تحریر پر لنک لگانے کے لئے یہ بٹن استعمال کیا جاتا ہے۔

اگر کسی لفظ یا تحریر پر پہلے لنک لگا ہو تو لنک ختم کرنے کے لئے اس بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

اگر چاہتے ہیں کہ جہاں پوسٹ باقی کئی پوسٹس کے ساتھ نظر آ رہی ہو وہاں پوری نظر نہ آئے بلکہ اس کے شروع کا کچھ حصہ نظر آئے تو جتنی شروع کی پوسٹ دیکھانی ہو اس کے بعد کلک کر کے اس بٹن کو دبا دیں۔ اس سے More کا ٹیگ لگ جائے گا اور پھر تحریر پوری صرف تب نظر آئے گی جب خاص اس تحریر کو دیکھا جائے گا۔ باقی ہر جگہ اتنی نظر آئے گی جتنی کے بعد آپ نے More کا ٹیگ لگایا ہو گا۔

تحریر کی املا کی درستگی کے لئے اس بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے اور اگر کسی دوسری زبان میں تحریر ہو تو پھر اس بٹن کے ساتھ جو تیر نیچے کی طرف ہے اس پر کلک کر کے مطلوبہ زبان منتخب کی جا سکتی ہے۔

ویژول ایڈیٹر کو بڑا یعنی پوری سکرین پر لانے (Full Screen) کے لئے اس بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

Paragraph لفظ یا تحریر کی مختلف قسم کی فارمیٹنگ کے لئے اس بٹن کو استعمال کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر سرخیاں (Heading) وغیرہ دینے کے لئے۔

تحریر کے نیچے لائن لگانے کے لئے یعنی انڈرلائن (Underline) کرنے کے لئے۔

تحریر کو جسٹیفائی کرنے کے لئے یعنی جتنی جگہ پر تحریر ظاہر ہو رہی ہے اس میں ہر لائن مکمل آخر تک جائے اور ہر لفظ کے درمیان میں خود بخود وقفہ زیادہ یا کم کرے۔

تحریر کا رنگ تبدیل کرنے لئے۔ تیر کے نشان پر کلک کرنے سے مزید رنگ نظر آنا شروع ہو جائیں گے۔

کوئی ایسی تحریر کاپی کی ہو جس کے ساتھ فارمیٹنگ وغیرہ ہو مثلاً تحریر کو مختلف رنگ وغیرہ دیئے گئے ہوں تو اس تحریر کی فارمیٹنگ وغیرہ ختم کر کے ایڈیٹر میں پیسٹ کرنے کے لئے اس بٹن کو استعمال کریں۔

مائیکروسافٹ ورڈ سے اگر کوئی تحریر کاپی کی ہو اور اسے پوری فارمیٹنگ کے ساتھ ایڈیٹر میں پیسٹ کرنے کے لئے یہ بٹن استعمال کیا جاتا ہے۔

تحریر پر اگر کوئی فارمیٹنگ لگائی ہو اور فارمیٹنگ کو ختم کرنا ہو تو اس بٹن کو استعمال کریں۔

کچھ ایسے نشان ہوتے ہیں جو کی بورڈ سے نہیں لکھے جا سکتے مثلاً کاپی رائیٹ وغیرہ کے نشانات۔ ایسے کسی خاص نشان کو تحریر میں لکھنے کے لئے اس بٹن کا استعمال کیا جاتا ہے۔

تحریر کو تھوڑا بہت بائیں جانب کرنے کے لئے۔

تحریر کو تھوڑا بہت دائیں جانب کرنے کے لئے۔


تحریر میں کوئی تبدیلی کی ہو لیکن اس تبدیلی کو ختم کر کے واپس جانا یعنی Undo کرنا ہو تو اس بٹن کو استعمال کریں۔

یہ Undo کا الٹ ہے۔ اگر Undo کیا ہو لیکن پھر واپس اس حالت میں جانا ہو جہاں سے Undo کیا تھا یعنی Redo کے لئے اس بٹن کو استعمال کیا جاتا ہے۔

ویژول ایڈیٹر کے متعلق کسی مدد کی ضرورت ہو تو اس بٹن پر کلک کریں۔

## ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر (HTML Editor) کا استعمال


ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر میں پوسٹ لکھنے کے لئے ایڈیٹر کے اوپر موجود HTML کے لنک پر کلک کریں۔ اس طرح ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر چل جائے گا۔ جس طرح ویژول ایڈیٹر کے کچھ ضروری بٹن ہوتے ہیں ایسے ہی ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر کے بھی کچھ بٹن ہوتے ہیں۔ جیسا کہ نیچے والی تحریر میں نیلے رنگ سے واضح کیے گئے ہیں۔




ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر یا تو ان لوگوں کے لئے ہے جنہوں نے پوسٹ لکھتے ہوئے تحریر کی کوئی فارمیٹنگ نہ کرنی ہو یا پھر ان لوگوں کے لئے جنہیں ایچ ٹی ایم ایل کی زبان کی سمجھ بوجھ ہو اور وہ خود سے ایچ ٹی ایم ایل کے ٹیگ وغیرہ کا استعمال کر کے فارمیٹنگ کر لیں۔ یوں تو ایچ ٹی ایم ایل ایڈیٹر میں بھی چند ایک بٹن الفاظ بولڈ، اٹیلک کرنے اور لنک وغیرہ لگانے کے ہوتے ہیں۔ اگر آپ کو ایچ ٹی ایم ایل زبان کی سمجھ ہے تو پھر آپ بہت ہی آسانی سے ان بٹنوں کو بھی سمجھ جائیں گے۔ اگر ایچ ٹی ایم ایل زبان کی سمجھ نہیں اور آپ تحریر میں فارمیٹنگ وغیرہ بھی کرنا چاہتے ہیں تو پھر ویژول ایڈیٹر کا استعمال ہی بہتر ہے۔

# ورڈپریس بلاگ۔پوسٹ لکھنا اور شائع کرنا

ورڈپریس بلاگ کی سیٹنگز، لنکس اور دیگر تمام چیزیں صرف اور صرف پوسٹ کے لئے ہوتی ہیں کیونکہ اصل چیز تو پوسٹ یعنی آپ کی تحریر ہے۔ بلاگ بنانے کا اصل مقصد بھی یہی ہے یعنی پوسٹ لکھنا اور شائع کرنا ہے۔ پوسٹ لکھنے اور شائع کرنے کے لئے بلاگ کے ایڈمن پینل میں لاگ ان ہونے کے بعد بائیں سائیڈ بار میں Posts کی ذیلی فہرست میں سے Add New کے لنک پر کلک کریں۔ یوں نیچے والی تصویر جیسا صفحہ کھل جائے گا۔ ہو سکتا ہے جب آپ اپنے بلاگ پر پوسٹ لکھنے والے صفحہ پر جائیں تو اس میں اور یہاں کی تصویر میں کچھ فرق ہو یا پھر وہاں کچھ چیزیں موجود نہ ہوں یا زائد ہوں تو ایسی صورت میں Screen Options کے بٹن کا استعمال کریں اور جو جو چیزیں دیکھنا چاہتے ہیں ان کو منتخب کر لیں اور جو جو ختم کرنا چاہیں وہ ختم کر دیں۔ پوسٹ لکھنے اور پھر شائع کرنے کے لئے چند ضروری چیزوں کو تصویر میں نمبر دیئے گئے ہیں اور پھر ان کی تفصیل لکھی گئی ہے۔




### 1:-پوسٹ کا عنوان

سب سے پہلے پوسٹ یعنی تحریر کا عنوان لکھیں۔ یوں تو عنوان لمبا بھی دیا جا سکتا ہے لیکن پوسٹ کا عنوان چھوٹا، بامعنی اور جتنا اچھا ہو گا وہ اتنا ہی قاری کو اپنی طرف کھینچے گا۔ کئی دفعہ پوسٹ تو بڑی جاندار لکھی جاتی ہے لیکن عنوان کی خرابی قاری کو اپنی طرف کھینچ نہیں سکتی۔ اس لئے کوشش کریں کہ عنوان بہتر سے بہتر ہو۔

### 2:-پوسٹ یعنی تحریر

یہاں پر تحریر کا سارا مواد لکھا جاتا ہے یا پہلے سے لکھے کو یہاں پیسٹ کر دیا جاتا ہے اور اپنی ضرورت کے مطابق تبدیلی کر لیتے ہیں۔ یہ ایک ٹیکسٹ ایڈیٹر ہے جس میں تقریباً ضرورت کے سارے فنکشن موجود ہیں۔ اس ٹیکسٹ ایڈیٹر کو استعمال کرنے کا طریقہ اوپر لکھ دیا گیا ہے۔

### 3:-پوسٹ کا پرمالنک

پوسٹ کا عنوان اور تحریر جب لکھ دی جاتی ہے یا لکھنے کے لئے ٹیکسٹ ایڈیٹر میں کلک کیا جاتا ہے تو پوسٹ کا پرمالنک خود بخود ظاہر ہو جاتا ہے۔ اگر پرمالنک کی سیٹنگ نہ کی ہو تو پھر پرمالنک کے ساتھ Change Permalinks کا بٹن ہو گا اور اس پر کلک کرنے سے پرمالنک سیٹنگ کا مرکزی صفحہ کھل جائے گا۔ اگر پرمالنک کی سیٹنگ کی ہو تو پھر یہاں سیٹنگ کے مطابق پرمالنک ظاہر ہو گا۔ پرمالنک کی سیٹنگ کرتے ہوئے اگر اس میں تحریر کا عنوان بھی شامل کیا ہو تو پھر یہاں پر جو پرمالنک ظاہر ہو گا اس میں تحریر کا عنوان خود بخود شامل ہو گا اور ساتھ میں Edit کا بٹن بھی ہو گا۔ Edit کا بٹن دبا کر پرمالنک میں موجود تحریر کے عنوان میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔ یاد رہے پرمالنک میں موجود تحریر کا عنوان تبدیل کرنے سے تحریر کا پرمالنک تو تبدیل ہو جائے گا لیکن تحریر کے اصل عنوان پر کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ پرمالنک کی سیٹنگ کے بارے میں جاننے کے لئے Permalink Settings دیکھیں۔

### 4:-پوسٹ کا خلاصہ

عام طور پر ورڈپریس جب ایک ساتھ کئی ایک تحاریر دیکھتا ہے تو ہر تحریر کے شروع کے چند فقرے ہی دیکھاتا ہے۔ جیسے جب کوئی کسی خاص کیٹیگری کو دیکھ رہا ہو تو اسے اس کیٹیگری میں موجود تمام تحاریر کے چند شروع کے فقرات نظر آتے ہیں۔ اگر چاہتے ہیں کہ شروع کے چند فقرات کی بجائے آپ کی مرضی کے فقرات ہوں تو وہ فقرات Excerpt میں درج کر دیں۔ عام طور پر یہاں تحریر کا خلاصہ درج کیا جاتا ہے۔ Excerpt یعنی خلاصہ لکھنا ضروری نہیں ہوتا لیکن لکھنا اچھا رہتا ہے۔

### 5:-پوسٹ کا زمرہ (Category)

پوسٹ کو جس زمرہ میں ڈالنا چاہتے ہیں وہ یہاں سے منتخب کیا جاتا ہے۔ ایک پوسٹ کو ایک سے زیادہ زمرہ جات میں بھی ڈالا جا سکتا ہے۔ اگر یہاں سے کوئی زمرہ منتخب نہیں کریں گے تو پھر ورڈپریس پوسٹ کو خود بخود ڈیفالٹ کیٹیگری میں ڈال دے گا۔ پوسٹ کی ڈیفالٹ کیٹگری کی سیٹنگ Writing Settings میں دیکھ سکتے ہیں۔

### 6:-پوسٹ کے ٹیگ (Tag)

پوسٹ کا عنوان تو ایک ہی ہوتا ہے لیکن پوسٹ میں جو جو چھوٹا بڑا موضوع لکھا ہو ایسا ہر ایک موضوع ٹیگز کی صورت میں لکھ دیا جاتا ہے۔ ایک وقت میں کئی ایک ٹیگز شامل کیے جا سکتے ہیں۔ ہر ٹیگ لکھنے کے بعد Add کا بٹن دباتے جائیں۔ اس کے علاوہ بلاگ پر پہلے سے موجود ٹیگز جو پہلے کئی ایک پوسٹ میں شامل کیے ہوں ان میں سے شامل کرنے کے لئے Choose from the most used tags کے لنک کا استعمال کریں۔ پوسٹ کے ٹیگ لکھنا ضروری نہیں ہوتے لیکن اگر لکھیں جائیں تو ان کا بہت فائدہ ہوتا ہے۔ سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ ٹیگز تلاش میں بہت آسانی پیدا کرتے ہیں۔ فرض کریں آپ نے ایک پوسٹ "اردو کمپیوٹنگ" پر لکھی ہے لیکن اتفاق سے پوری پوسٹ میں "اردو کمپیوٹنگ" لفظ کہیں بھی نہیں تو ایسی صورت میں اگر کوئی "اردو کمپیوٹنگ" کے لفظ سے تلاش کرے گا تو وہ پوسٹ نتیجہ میں ظاہر نہیں ہو گی لیکن اگر ٹیگ میں "اردو کمپیوٹنگ" شامل ہے تو پھر وہ پوسٹ تلاش میں ضرور ظاہر ہو گی۔ اس کے علاوہ ٹیگز پوسٹ کو سرچ انجن میں موضوع کے اعتبار سے نمایا جگہ دینے میں بہت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

## 7:-پوسٹ محفوظ اور شائع کرنا

سارا کام مکمل ہو گیا ہے۔ اگر دیکھنا چاہیں کہ پوسٹ بلاگ پر شائع ہونے کے بعد کیسی نظر آئے گی؟ اس کے لئے Preview کا دبانے سے ایک نئی ٹیب میں بلاگ کھلے گا اور پوسٹ کا بلاگ پر عارضی نظارہ نظر آئے گا۔ اب پوسٹ کو بلاگ کے ایڈ من پینل میں محفوظ یا بلاگ پر شائع کرنا ہے۔ اگر فی الحال پوسٹ کو صرف بلاگ کے ایڈ من پینل میں محفوظ کرنا چاہتے ہیں اور شائع پھر کبھی کرنا ہو تو ایسی صورت میں Save Draft کا بٹن دبا دیں۔ یوں پوسٹ ایڈ من پینل میں محفوظ ہو جائے گی۔ عام طور پر پوسٹ لکھتے ہوئے ورڈپریس اسے ساتھ ساتھ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد بھی محفوظ کرتا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ اگر سیدھا سیدھا بغیر کسی اضافی سیٹنگ کے شائع کرنا ہو تو پھر Visibility کو Public اور Publish کو immediately ہی رہنے دیں اور Publish کا بٹن دبا دیں۔

بعض دفعہ کئی ایک سیٹنگ کی ضرورت بھی ہو سکتی ہے۔ شائع کرنے کے بارے میں کچھ سیٹنگز درج ذیل ہیں۔

### Visibility کی سیٹنگ

Visibility کے ساتھ نظر آنے والے Edit کے لنک پر کلک کرنے سے تین ریڈیو بٹن ظاہر ہوں گے۔ سب سے پہلا Public کا ریڈیو بٹن ہوتا ہے۔ یہ کسی پوسٹ کی نارمل سیٹنگ ہوتی ہے اور پوسٹ بلاگ پر نارمل انداز میں ہی شائع ہوتی ہے۔ لیکن اس کے ساتھ نظر آنے والے Stick this post to the front page کے چیک باکس کو اگر منتخب کر دیا جائے تو پھر یہ پوسٹ بلاگ پر ہمیشہ سب سے اوپر نظر آئے گی چاہے مزید کئی پوسٹس اس کے بعد بھی شائع کر دی جائیں۔ اگر ایک سے زیادہ پوسٹ Stick this post to the front page کے چیک باکس کو منتخب کر کے شائع کی جائیں تو پھر وہ تمام پوسٹس دوسری پوسٹس سے اوپر ہوں گی۔

اس کے بعد Password protected کا ریڈیو بٹن ہوتا ہے اگر اسے منتخب اور ساتھ میں پاسورڈ بھی لکھ کر پوسٹ شائع کی جائے تو پوسٹ شائع ہو جائے گی لیکن اس پوسٹ کو دیکھنے کے لئے پاسورڈ کی ضرورت ہو گی۔

اس کے بعد Private کا ریڈیو بٹن ہوتا ہے۔ اگر اسے منتخب کیا جائے تو پھر پوسٹ صرف بلاگ کے رجسٹرڈ یوزر میں سے Administrator اور Editor ہی دیکھ سکیں گے۔

### Publish کی سیٹنگ

اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر آپ پوسٹ کو کسی خاص وقت اور تاریخ پر شائع کرنا چاہتے ہیں تو اس Publish کے ساتھ نظر آنے والے Edit کے لنک پر کلک کریں اور اپنا مطلوبہ وقت اور تاریخ درج کریں اور پھر OK کا بٹن دبا دیں۔ یوں پوسٹ شائع کرنے والا Publish کا بٹن Schedule میں تبدیل ہو جائے گا۔ Schedule کا بٹن دبانے سے جو وقت اور تاریخ لکھی ہو گی اس کے مطابق پوسٹ خود بخود اس خاص وقت اور تاریخ پر شائع ہو جائے گی۔

## پہلے سے لکھی پوسٹ میں تبدیلی اور ختم کرنا

اگر پہلے سے لکھی پوسٹ میں تبدیلی یا پوسٹ ختم کرنی ہو تو بلاگ کے ایڈ من پینل میں بائیں سائیڈ بار میں Posts کی ذیلی فہرست میں سے Posts کے لنک پر کلک کریں۔ یوں جتنی بھی پوسٹ محفوظ یا شائع ہوئی ہوں گی وہ ساری کی ساری سامنے آ جائیں گی۔ جس پوسٹ میں تبدیلی کرنا چاہیں اس پر ماؤس لے کر جانے سے ساتھ میں کچھ لنک ظاہر ہوں گے۔ Edit کے لنک پر کرنے سے نیا صفحہ ویسا ہی کھلے گا جیسا پوسٹ لکھنے والا صفحہ تھا لیکن اب کی بار پوسٹ کے متعلق سارے کا سارا مواد پہلے سے موجود ہو گا۔ جس جگہ جو تبدیلی کرنا چاہتے ہیں وہ کر لیں۔ اگر پوسٹ پہلے سے شائع شدہ ہے تو پھر جہاں پوسٹ لکھتے وقت Publish کا بٹن تھا اب وہاں Update کا بٹن ہو گا اس پر کلک کر دینے سے پوسٹ میں کی ہوئی تبدیلیاں محفوظ ہو جائیں گی اور جہاں پوسٹ کا عنوان ہوتا ہے اس کے اوپر تصدیق کا پیغام ظاہر ہو جائے گا۔ اس کے علاوہ پوسٹ شائع شدہ ہونے کی بجائے صرف محفوظ تھی تو پھر Publish کا بٹن ہی ہو گا۔ اگر تبدیلی کرنے کے بعد پوسٹ شائع کرنی ہو تو Publish کا بٹن دبا دیں اور اگر تبدیلی کے بعد دوبارہ محفوظ ہی کرنی ہے تو Save Draft کا بٹن دبا دیں۔ یوں پوسٹ محفوظ ہو جائے گی اور تصدیق کا پیغام بھی آ جائے گا۔

اگر کوئی پوسٹ ختم کرنی ہو تو جب Posts کے مرکزی صفحہ پر کسی پوسٹ پر ماؤس لے کر جاتے ہیں تو ساتھ میں ظاہر ہونے والے لنک میں سے Trash کے لنک پر کلک کر دیں۔ یوں پوسٹ ختم ہو جائے گی۔

## ورڈپریس بلاگ۔ کمنٹس کی دیکھ بھال

سب سے پہلے تو ورڈپریس بلاگ کے ایڈمن پینل کے ڈیش بورڈ ہی پوسٹ اور کمنٹ وغیرہ کا خلاصہ ہوتا ہے کہ کتنے کمنٹ ہوئے ہیں۔ کتنے زیرِ غور ہیں اور اسی طرح باقی تفصیل بھی ہوتی ہے۔ مزید کمنٹس کی تفصیل اور دیکھ بھال کے لئے بائیں سائیڈبار میں Comments کے لنک پر کلک کریں۔ ایک نیا صفحہ کھلے گا اور وہاں پر کمنٹس اور ان کی دیگر تفصیل ہو گی۔ نئے صفحہ پر جہاں تمام کمنٹس ہوں گے وہیں پر سب سے اوپر اس تصویر جیسا ماحول ہو گا۔




تصویر میں اس وقت All کا لنک کھلا ہوا ہے یعنی یہ تمام کے تمام کمنٹس دیکھنے کا لنک ہے۔ اس کے بعد Pending ہے اور ساتھ میں کچھ تعداد ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اتنی تعداد میں کمنٹس زیرِ غور کے لئے پڑے ہیں۔ دراصل یہ ایسے کمنٹس ہیں جو قارئین نے کر تو دیئے ہیں لیکن تب تک بلاگ پر ظاہر نہیں ہوں گے جب تک آپ انہیں اجازت نہیں دیتے۔ اگر سارے کے سارے کمنٹس کی بجائے صرف زیرِ غور والے کمنٹس دیکھنے ہوں تو Pending پر کلک کر دیں۔ یوں جو صفحہ کھلے گا وہاں پر صرف زیرِ غور والے کمنٹس ہوں گے۔ اس کے بعد Approved لکھا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ جن کمنٹس کو بلاگ پر ظاہر ہونے کی اجازت مل چکی ہے صرف وہ والے کمنٹس دیکھنے کے لئے Approved پر کلک کریں۔ اس کے بعد Spam ہے اور ساتھ میں کچھ تعداد ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اتنی تعداد کے کمنٹس کو ورڈپریس نے فضول کمنٹس کے زمرہ میں ڈال دیا ہے۔ ایسے فضول کمنٹس دیکھنے کے لئے Spam پر کلک کریں۔ وقتاً فوقتاً Spam کمنٹس کو دیکھتے رہنا چاہئے کیونکہ کئی دفعہ ورڈپریس غلطی سے ٹھیک کمنٹس کو بھی Spam میں ڈال دیتا ہے۔ اس لئے اگر کبھی ایسا ہو تو Spam میں موجود ٹھیک کمنٹس کو Not Spam کر دیا جاتا ہے۔ اس کے بعد Trash ہے اور ساتھ میں تعداد ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ اتنی تعداد میں کمنٹس کو آپ ختم کر چکے ہیں اور وہ Trash میں پڑے ہوئے ہیں۔ ایسے ختم کیے ہوئے کمنٹس دیکھنے کے لئے Trash پر کلک کریں۔

اس سب کے بعد نیچے کمنٹس ہوتے ہیں۔ جیسا کہ نیچے والی تصویر میں نظر آ رہا ہے۔ تصویر میں چند ضروری چیزوں کو نمبر دیا گیا ہے اور پھر نمبروں کے حساب سے ہی تھوڑی بہت تفصیل لکھی ہے۔




1:- یہاں پر کمنٹ کرنے والے کا اوتار اگر اس نے کوئی اوتار سیٹ کیا ہو تو، اس کے ساتھ کمنٹ کرنے والے کا نام اور پھر اگر کمنٹ کرنے والے نے ویب سائیٹ لکھی ہو تو اس کی ویب سائیٹ اور پھر ای میل اور کمنٹ کرنے والے کا آئی پی ہوتا ہے۔ دراصل یہاں پر کمنٹ کرنے والے سے متعلق معلومات ہوتی ہیں۔

2:- کمنٹ کرنے والے نے جو کمنٹ لکھا ہو وہ یہاں پر ہوتا ہے۔

3:- جس پوسٹ پر کمنٹ کیا ہو یہاں پر اس پوسٹ کا عنوان ہوتا ہے تاکہ پتہ چل سکے کہ کس پوسٹ پر کمنٹ کیا گیا ہے۔

4:- یہاں جو لنک نظر آ رہے ہیں وہ عام طور پر ظاہر نہیں ہوتے بلکہ جب کمنٹ کے اوپر ماؤس لے کر آتے ہیں تو یہ تمام لنک ظاہر ہوتے ہیں پھر اگر کسی لنک کے استعمال کی ضرورت ہو تو اس پر کلک کر دیتے ہیں۔ ان لنک کی تفصیل درج ذیل ہے۔

### Unapprove/Approve

اگر کمنٹ کو پہلے ہی بلاگ پر ظاہر ہونے کی اجازت مل چکی ہو تو یہاں پر Unapprove کا لنک ہو گا۔ کمنٹ کو بلاگ سے ختم کر کے زیرِ غور والے زمرہ میں ڈالنے کے لئے Unapprove کے لنک پر کلک کریں اور اگر کمنٹ پہلے ہی زیرِ غور والے زمرہ میں ہو تو یہاں پر Approve کا لنک ہو گا۔ ایسی صورت میں کمنٹ کو بلاگ پر ظاہر کرنے کے لئے Approve کے لنک پر کلک کریں۔ یوں کمنٹ Approve ہو جائے گا۔

### Reply

کسی کمنٹ کا جواب دینے کے لئے Reply کا لنک استعمال کیا جاتا ہے۔ Reply پر کلک کرنے سے اس کمنٹ کے ساتھ ہی ٹیکسٹ ایڈیٹر آ جاتا ہے۔ اس ٹیکسٹ ایڈیٹر میں جواب لکھ کر Submit Reply کا بٹن دبا دیا جاتا ہے۔

### Quick Edit اور Edit

Quick Edit کے لنک پر کلک کرنے سے ٹیکسٹ ایڈیٹر یہیں کمنٹس کے صفحہ پر چل جاتا ہے اور کمنٹ میں تبدیلی کر کے Update Comment کا بٹن دبا دیا جاتا ہے۔ Quick Edit میں تھوڑے کم اختیارات ہوتے ہیں۔ جب کہ Edit کے لنک پر کلک کرنے سے نیا صفحہ کھلتا ہے اور پھر کمنٹ میں جو جو تبدیلی کرنی ہو وہ کر کے Update Comment کا بٹن دبا دیا جاتا ہے۔ Edit پر چند ایک اختیار زیادہ ہوتا ہے۔

### Spam

اگر کسی کمنٹ کو فضول کمنٹ کے زمرہ میں ڈالنا ہو تو Spam کے لنک پر کلک کر دیا جاتا ہے۔ یوں کمنٹ فضول زمرہ میں چلا جاتا ہے اور آئندہ بھی اسی نام اور ای میل وغیرہ سے آنے والے کمنٹ خود بخود فضول زمرہ میں منتقل ہوتے جاتے ہیں۔

### Trash

اگر کسی کمنٹ کو ختم کرنا ہو تو Trash کا لنک استعمال کیا جاتا ہے۔ یوں کمنٹ ختم ہو کر Trash میں چلا جائے گا۔

### History اور Remove Luv وغیرہ

عام طور پر یہ دونوں اور اس جیسے کئی اور لنک نہیں ہوتے۔ یہ دونوں یا دیگر لنک صرف اسی صورت میں ہوتے ہیں جب کمنٹ وغیرہ کے لئے کوئی پلگ ان انسٹال کیے گئے ہوں۔


# ورڈپریس بلاگ – ایڈمن پینل کا عمومی جائزہ

ورڈپریس بلاگ اور بلاگ کے ایڈمن پینل کے بارے میں تھوڑی بہت تفصیل پہلے لکھی جا چکی ہے۔ مزید اب بلاگ کے ایڈمن پینل کا چھوٹا سا عمومی جائزہ یہاں لکھ رہا ہوں۔ عمومی جائزے سے پہلے ایک بات۔ وہ یہ کہ اکثر لوگ ورڈپریس پوسٹس (Posts) اور صفحات (Pages) میں فرق نہیں کر پاتے کیونکہ یہ دونوں دیکھنے، لکھنے اور شائع کرنے میں ایک جیسے ہیں۔ دراصل بلاگ بنانے کا مقصد اپنے خیالات اور نظریات وغیرہ کو لکھ کر دوسروں تک پہنچانا ہوتا ہے۔ بلاگ پر روز یا جب کبھی بھی لکھنا ہو تو اپنی تحریر پوسٹ کر دی جاتی ہے۔ یوں آئے دن نئی سے نئی تحاریر اوپر آتی جاتی ہیں اور پرانی نیچے چلی جاتی ہیں بلکہ زیادہ پرانی تحاریر بلاگ کے کہیں چھوٹے سے کونے میں پڑی رہتی ہیں۔ لیکن چند تحاریر ایسی ہوتی ہیں جن کو بلاگ پر نمایا جگہ دینی ہوتی ہے۔ ایسی تحاریر ہمیشہ بلاگ کے صفحہ اول پر رکھی جاتی ہیں جیسے صاحب بلاگ کا تعارف وغیرہ۔ ورڈپریس نے ایسی خاص تحاریر کے لئے پیج (Page) کی سہولت دے رکھی ہے۔ عام طور پر تھیم میں بھی اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ تمام پیج بلاگ کے صفحہ اول پر نمایا جگہ پر نظر آئیں۔ میرے بلاگ پر "میرے بارے میں" اور "پڑھنے میں مشکلات" وغیرہ تحاریر پیج کی صورت میں ہی شائع کی گئی ہیں جبکہ باقی میں جو بھی لکھتا ہوں وہ پوسٹ کی صورت میں شائع کرتا ہوں۔ پیج بنانے کے لئے ایڈمن پینل میں بائیں سائیڈ بار میں Pages کی ذیلی فہرست میں سے Add New کے لنک پر کلک کیا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ پہلے سے بنے پیج میں تبدیلی کے لئے Pages کی ذیلی فہرست میں سے Pages پر کلک کیا جاتا ہے۔ پیج بناتے وقت بالکل ویسا ہی صفحہ ہوتا ہے جیسا پوسٹ لکھتے وقت ہوتا ہے۔ بس چند ایک چھوٹی موٹی چیزوں کا فرق ہوتا ہے۔

## ایڈمن پینل کا عمومی جائزہ


یوں تو ایڈمن پینل کو استعمال کرنے کا طریقہ بڑی وضاحت کے ساتھ پہلے ہی لکھ دیا ہے لیکن یہاں کچھ ایسی چیزوں کے بارے میں بات کرتے ہیں جو ایڈمن پینل میں اکثر جگہ ایک جیسی ہوتی ہیں۔

ایڈمن پینل کے ہیڈر میں دائیں طرف Screen Options کا بٹن ایڈمن پینل کے ہر صفحہ پر موجود رہتا ہے۔




بٹن تو ہر جگہ موجود رہتا ہے لیکن اس کے اندر موجود آپشن ہر جگہ تبدیل ہوتی رہتی ہیں یعنی مختلف صفحات پر ان صفحات کی ضرورت کے مطابق Screen Options میں موجود چیزیں بھی تبدیل ہوتی رہتی ہیں۔ دراصل یہ اس لئے ہوتا ہے کہ اپنی ضرورت کے مطابق ہر صفحہ پر جو چیزیں دیکھنی ہوں وہ Screen Options سے منتخب کر لیں اور جو نہ دیکھنی ہوں وہ ختم کر دیں۔

ورڈپریس بلاگ کے ایڈمن پینل میں اکثر جگہ صفحہ کے اوپر یعنی شروع میں کچھ سہولیات کے فنکشن ہوتے ہیں۔ عام طور پر اکثر صفحات پر یہ ملتے جلتے ہوتے ہیں۔ یہاں مثال کے طور پر پوسٹ کے مرکزی صفحہ کے ایسے فنکشن کو دیکھتے ہیں۔ نیچے والی تصویر میں ہر جگہ ایک نمبر دیا گیا ہے اور پھر اس کی تھوڑی وضاحت کی گئی ہے۔




1:- یہاں پر پوسٹ کا ایک چھوٹا سا خلاصہ ہے کہ کتنی ٹوٹل کتنی پوسٹ ہیں اور شائع کتنی ہوئی ہیں وغیرہ وغیرہ۔ خاص شائع شدہ پوسٹ دیکھنے اور اسی طرح باقی قسم کی پوسٹ دیکھنے کے لئے ان لنک پر کلک کریں۔ ایسے ہی دیگر جگہوں پر بھی ہو سکتا ہے جیسے کمنٹس کے صفحہ پر کمنٹ کے متعلق ایسی معلومات ہوں گی۔

2:- یہاں پر تلاش کرنے کے لئے ٹیکسٹ باکس ہے اگر کوئی پوسٹ تلاش کرنی ہو تو یہاں اس پوسٹ کے بارے میں الفاظ لکھ کر تلاش کر سکتے ہیں۔

3:- یہ ایک بہت ہی زبردست فنکشن ہے۔ خاص طور پر کمنٹ میں یہ بہت کام آتا ہے۔ اگر ایک سے زیادہ پوسٹس میں کوئی تبدیلی کرنی ہو تو جس جس پوسٹ میں تبدیلی کرنی ہے اس کے ساتھ نظر آنے والے چیک باکس کو منتخب کر لیں اور پھر ان پوسٹس میں جس قسم کی تبدیلی کرنی ہو وہ Bulk Actions والی فہرست میں سے منتخب کر لیں اور پھر Apply کا بٹن دبا دیں۔ فرض کریں ایک سے زیادہ پوسٹس ختم کرنی ہیں تو پھر جس جس پوسٹ کو ختم کرنا ہے اسے منتخب کریں اور پھر Bulk Actions والی فہرست میں سے Move to Trash منتخب کریں اور Apply کا بٹن دبا دیں۔ یوں جو جو پوسٹ منتخب کی تھی وہ ساری کی ساری ختم ہو کر Trash میں چلی جائیں گی۔ اسی طرح کمنٹس کے لئے بھی اس فنکشن کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

4:- کسی خاص مہینے کی پوسٹس دیکھنے کے لئے فہرست میں سے اپنا مطلوبہ مہینہ منتخب کریں اور Filter کا بٹن دبا دیں یوں صرف اس مہینے کی پوسٹس نظر آئیں گی۔ اسی طرح کسی خاص زمرہ (Category) کی پوسٹس دیکھنے کے لئے اس فہرست میں سے وہ کیٹیگری منتخب کریں اور پھر Filter کا بٹن دبا دیں۔ اس کے علاوہ کسی خاص مہینے اور پھر اس مہینے میں کسی خاص کیٹیگری کی پوسٹس دیکھنی ہوں تو دونوں فہرست میں سے اپنی مطلوبہ معلومات منتخب کریں اور پھر Filter کا بٹن دبا دیں۔ یوں آپ کی فراہم کردہ معلومات کے مطابق پوسٹس ظاہر ہو جائیں گی۔

5:- یہ اکثر جگہ پر ہوتا ہے۔ دراصل جب پوسٹس یا کمنٹس وغیرہ زیادہ ہو جائیں تو ورڈپریس انہیں ایک سے زیادہ صفحات پر دیکھاتا ہے۔ ایک سے دوسرے صفحہ پر جانے کے لئے تیر کے نشان والا بٹن دبائیں اس کے علاوہ اگر سب سے پہلے یا سب سے آخری صفحہ پر جانا ہو تو جس بٹن پر دو تیر ایک ساتھ بنے ہیں اس کا استعمال کیا جا سکتا ہے۔

مزید ورڈپریس بلاگ کے ایڈمن پینل میں جب ورڈپریس کا نیا ورژن یا کسی پلگ ان وغیرہ کا نیا ورژن آتا ہے تو ورڈپریس اس کی اطلاع ایڈمن پینل میں دیتا ہے۔ نیا ورژن یعنی اپڈیٹس کے بارے میں دیکھنے اور اپڈیٹ کرنے کے لئے بائیں سائیڈ بار میں Dashboard کی ذیلی فہرست میں سے Updates کے لنک پر کلک کریں۔ نیا صفحہ کھلے گا یہاں پر جو اپڈیٹ آئی ہو گی وہ درج ہو گی۔ اپڈیٹ کرنے کے دو طریقے ہوتے ہیں ایک تو خودکار طریقے سے اور دوسرا آپ مینیوئلی خود کرتے ہیں۔ جس طریقہ سے جو جو اپڈیٹ کرنا ہے وہ کر لیں۔ ورڈپریس اور دیگر پلگ ان وغیرہ اپڈیٹ کرنے کی روز روز ضرورت نہیں ہوتی لیکن جب نیا ورژن آئے زیادہ دیر ہو گئی ہو تو پھر اپڈیٹ کر لینا چاہئے۔ اس سے بلاگ ہیک ہونے کا اندیشہ کم ہو جاتا ہے۔ ویب ہوسٹنگ کی وجہ سے کئی دفعہ اپڈیٹ کرنے کا طریقہ پیچیدہ بھی ہو سکتا ہے۔ اس لئے کئی دفعہ پلگ ان وغیرہ کا نیا ورژن فائل مینیجر کے ذریعے اپلوڈ کرنا پڑتا ہے۔

## بنیادی ایچ ٹی ایم ایل (HTML)

یہاں ایچ ٹی ایم ایل (HTML) کی تھوڑی بنیادی قسم کی معلومات لکھ رہا ہوں تاکہ جو لوگ ایچ ٹی ایم ایل کے بارے میں بالکل نہیں جانتے انہیں بھی تھوڑا بہت پتہ چل سکے۔ اگر پوری ایچ ٹی ایم ایل پر لکھنے بیٹھوں تو یہ خود ایک کتاب بن جائے گی۔ یہ ٹیوٹوریل خاص طور پر نئے اردو بلاگرز کے لئے ہے۔ بلاگ پر کئی دفعہ تحریر لکھتے ہوئے یا کمنٹ کرتے ہوئے تھوڑی بہت ایچ ٹی ایم ایل کی ضرورت پڑ سکتی ہے جیسے کبھی کسی لفظ پر لنک لگانا یا پھر کسی تحریر کو نمایا وغیرہ کرنے کے لئے اس کا رنگ تبدیل کرنا پڑ سکتا ہے۔

یوں تو ویب سائیٹ بنانے کے لئے کئی ایک زبانیں موجود ہیں لیکن بنیادی زبان ایچ ٹی ایم ایل ہی ہے۔ ایچ ٹی ایم ایل کا عام طور پر استعمال ہونے والا ہر ایک کوڈ جو اپنا ایک خاص کام سرانجام دیتا ہے، ٹیگ (Tag) کہلاتا ہے۔ جیسے لنک لگانے کے لئے <a> ٹیگ استعمال ہوتا ہے۔ ہر ٹیگ "<" سے شروع ہو کر ">" پر ختم ہوتا ہے۔ اس کے بعد کسی ٹیگ کے مزید کچھ اٹریبیوٹ (Attribute) بھی ہو سکتے ہیں جو اس ٹیگ کے ساتھ مل کر مزید کام سرانجام دیتے ہیں۔ جیسے کسی جگہ لنک لگانا ہے تو اس کے لئے <a> ٹیگ استعمال ہو گا لیکن جس ویب سائیٹ کا لنک لگانا ہے اس ویب سائیٹ کا ایڈریس بھی تو لکھنا ہو گا اب وہ ایڈریس <a> ٹیگ کا اٹریبیوٹ ہو گا۔ اٹریبیوٹ دونوں بریکٹس کے اندر ہی لکھا جاتا ہے۔ مثلاً لنک کا ٹیگ اور اس کا اٹریبیوٹ جو کسی ویب سائیٹ کا ایڈریس ہو گا وہ اس طرح ہو نگے۔

```
<a href="http://www.mbilalm.com">
```

اب <a> ٹیگ ہے اور اس کے ساتھ ""=herf اس کا اٹریبیوٹ ہے اور پھر دونوں ڈبل کوٹس کے درمیان ویب سائیٹ کا ایڈریس ہے۔ ایک وقت میں کسی ٹیگ کے ایک سے زیادہ اٹریبیوٹ بھی ہو سکتے ہیں۔ ایک سے زیادہ اٹریبیوٹ کو علیحدہ کرنے کے لئے درمیان میں سپیس دی جاتی ہے۔

کمپیوٹر کی زیادہ تر زبانوں میں جب کوڈ لکھتے ہیں تو جس جگہ اس کوڈ کو اثر انداز کرانا ہوتا ہے وہ جگہ مخصوص کی جاتی ہے یعنی کوڈ شروع کرتے ہیں اور پھر بتاتے ہیں کہ یہ کوڈ پروگرام یا تحریر وغیرہ میں کہاں تک اثر انداز ہو بالکل ایسے ہی ایچ ٹی ایم ایل میں بھی ہوتا ہے۔ ایچ ٹی ایم ایل میں ٹیگ شروع کیا جاتا ہے اور پھر جہاں تک اس ٹیگ کے اثرات مطلوب ہوتے ہیں وہاں ٹیگ بند کیا جاتا ہے۔ ٹیگ بند کرنے کے لئے اسی ٹیگ کو بغیر کسی اٹریبیوٹ کے لکھا جاتا ہے اور ساتھ میں "/" لگائی جاتی ہے۔ مثلاً جب لنک کا ٹیگ شروع ہو گا تو <a> اور ساتھ میں کچھ اٹریبیوٹ ہونگے اور پھر جب بند ہو گا تو </a> ہو گا۔ مثال کے طور پر ہم یہاں "م بلال کی بیاض" پر لنک لگاتے ہیں تو اس کا کوڈ درج ذیل ہو گا۔

```
<a href="http://www.mbilalm.com/blog">م بلال کی بیاض </a>
```

اس کے علاوہ لفظ یا الفاظ پر ایک وقت میں ایک سے زیادہ ٹیگ بھی استعمال کیے جا سکتے ہیں۔ خیال رہے کہ جس ترتیب سے ٹیگ شروع کیے جائیں گے اس سے الٹ ترتیب میں بند کیے جائیں گے یعنی جو ٹیگ سب سے پہلے شروع ہو گا وہ سب سے آخر پر بند ہو گا۔ لنک کا ٹیگ تو اوپر لگایا ہے۔ اب اس کے ساتھ ہی انہیں الفاظ کو بولڈ اور انڈر لائن کرنے کے لئے مزید دو ٹیگ لگاتے ہیں۔

```
<a href="http://www.mbilalm.com/blog"><b><u>م بلال کی بیاض </u></b></a>
```

اب کچھ عام استعمال کے ٹیگ اٹریبیوٹ کے ساتھ لکھ دیتا ہوں اور ان ٹیگز کے استعمال سے جو نتیجہ آئے گا وہ یا تھوڑی بہت تفصیل بھی لکھ رہا ہوں۔ مزید اپنی ضرورت کے مطابق تبدیلی کر سکتے ہیں۔ یاد رہے کوڈ لکھتے ہوئے ایک حرف کی غلطی سارے کوڈ کا نتیجہ خراب کر سکتی ہے۔ اس کے علاوہ کئی دفعہ چھوٹے اور بڑے حرف کا بھی دھیان رکھنا پڑتا ہے۔

کوڈ

```
<a href="http://www.mbilalm.com/">م بلال م</a>
```

تفصیل:- یہ ٹیگ لنک لگانے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس سے جو لنک لگے گا اس پر کلک کرنے سے اسی ٹیب یا ونڈو میں لنک کھلے گا۔ مندرجہ بالا کوڈ میں "م بلال م" کے الفاظ پر لنک لگایا ہے۔

کوڈ

```
<a target="_blank" href="http://www.mbilalm.com/">م بلال م</a>
```

تفصیل:- اس لنک کے ٹیگ میں ساتھ ایک target اٹریبیوٹ استعمال ہوا ہے جس کی وجہ سے اس لنک پر کلک کرنے سے نئی ونڈو یا ٹیب میں لنک کھلے گا۔ مندرجہ بالا کوڈ میں "م بلال م" کے الفاظ پر لنک لگایا ہے۔

کوڈ

```
<font face="Nafees Web Naskh">م بلال کی بیاض</font>
```

نتیجہ:- م بلال کی بیاض

تفصیل:- یوں تو اس ساری تحریر پر جمیل نوری نستعلیق فونٹ لگایا گیا ہے لیکن مندرجہ بالا کوڈ میں "م بلال کی بیاض" الفاظ پر فونٹ کا ٹیگ لگایا ہے اور ساتھ میں اس کا ایک اٹریبیوٹ ہے۔ جس میں فیس Nafees Web Naskh دے دیا ہے۔ اب اگر تحریر دیکھنے والے کے کمپیوٹر میں نفیس ویب نسخ فونٹ ہوا تو جس تحریر پر یہ ٹیگ لگائیں گے وہ اسے نفیس ویب نسخ میں نظر آئے گی۔ جہاں Nafees Web Naskh لکھا ہے اس کی جگہ آپ اپنی مرضی کا کوئی دوسرا فونٹ بھی استعمال کر سکتے ہیں۔

کوڈ

```
<font face="Jameel Noori Nastaleeq" size="6">م بلال کی بیاض</font>
```

نتیجہ:- م بلال کی بیاض

تفصیل:- مندرجہ بالا کوڈ میں فونٹ ٹیگ کا مزید ایک اٹریبیوٹ سائز بھی استعمال کیا گیا ہے۔ ورڈپریس ڈاٹ کام پر جنہوں نے اردو بلاگ بنایا ہے ان کے لئے یہ ٹیگ بہت مفید ہے۔ اگر وہ ساری تحریر پر یہ ٹیگ لگا دیں یعنی تحریر کے شروع میں ٹیگ شروع کریں اور تحریر کے آخر پر ٹیگ بند کریں تو پھر ان کی ساری تحریر جمیل نوری نستعلیق فونٹ میں نظر آئی گی۔ یہاں میں نے سائز 6 دیا ہے جو کہ کافی بڑا سائز ہے لیکن ورڈپریس ڈاٹ کام والے 6 کی جگہ 4 کر لیں جو کہ مناسب سائز ہے۔

کوڈ

```
<font color="#0000FF">م بلال کی بیاض</font>
```

نتیجہ:- م بلال کی بیاض

تفصیل:- مندرجہ بالا فونٹ ٹیگ میں رنگ کا اٹریبیوٹ دیا ہے۔ جس سے الفاظ کا رنگ تبدیل ہو گیا ہے۔ جہاں نیلے رنگ کا کوڈ FF0000# ہے اس جگہ پر اپنی مرضی کے رنگ کا کوڈ دے دیں یا پھر رنگ کا نام بھی دے سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر سرخ کے لئے red اور نیلے کے لئے blue اور اسی طرح باقی رنگوں کے نام۔

جیسا کہ پہلے لکھا ہے کہ کسی ٹیگ کے ایک وقت میں ایک سے زیادہ اٹریبیوٹ بھی استعمال ہو سکتے ہیں اور مندرجہ بالا کوڈز میں ایک سے زیادہ اٹریبیوٹ استعمال بھی ہوئے ہیں مزید آپ اپنی ضرورت کے مطابق ٹیگ یا اٹریبیوٹ میں اضافہ یا کم بھی کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ یاد رہے کہ ایچ ٹی ایم ایل میں لنک اور فونٹ کا ہی ٹیگ نہیں بلکہ اور بھی بہت زیادہ ٹیگ ہیں اور ان کے اٹریبیوٹ ہیں جو کئی ایک کام سرانجام دیتے ہیں۔ جیسے پیراگراف کے لئے <p> ٹیگ ہوتا ہے اور اسی طرح مزید بہت زیادہ ٹیگ ہیں۔ یہاں صرف بنیادی ایچ ٹی ایم ایل کی معلومات دی ہے اس لئے بنیادی ضرورت کے دو ٹیگ مثال کے طور پر استعمال کیے ہیں۔ اگر آپ مزید ایچ ٹی ایم ایل سیکھنے کے خواہش مند ہوں تو گوگل پر HTML tutorials تلاش کریں گے تو بے شمار ویب سائیٹ آپ کو ایچ ٹی ایم ایل سیکھانے والی مل جائیں گی۔

# انتباہ

اس کتاب کے جملہ حقوق رائٹر کے پاس محفوظ ہیں، اس کتاب کو چھاپنا یا اس کی سوشل میڈیا پر تشہیر کرنا یا بیچنا سختی سے ممنوع ہے۔ اگر آپ اس عمل کی خلاف ورزی کرتے ہوئے پائے جاتے ہیں تو سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

مزید معلومات یا رہنمائی کیلیئے رابطہ کریں:

یہ کتاب صرف FactLabUrdu فیس بک پیج کی ملکیت ہے، اس کتاب کو کسی اور پیج، گروپ، واٹس ایپ پر بیچنا منع ہے خلاف ورزی کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

0304-0413488/0313-0655080